مآرب الخاشعین

مصنّف

حضرت مولوی غلام رسول عالمپوری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ

مرتب

صاحبزادہ مسعود احمد عالمپوری

معاون

صاحبزادہ محمد حماد مسعود

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مآرب الخاشعین

مصنف

حضرت مولوی غلام رسول عالمپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

مرتب

صاحبزادہ مسعود احمد عالمپوری

معاون

صاحبزادہ محمد حماد مسعود

حضرت مولوی غلام رسول عالمپوریؒ ریسرچ آرگنائزیشن (رجسٹرڈ)

Marfat.com

جملہ حقوق بحق مرتب محفوظ ہیں

اہتمام اشاعت: حضرت مولوی غلام رسول عالمپوریؒ ریسرچ آرگنائزیشن (رجسٹرڈ)

کتاب کا نام : مآرب الخاشعین

مصنف : حضرت مولوی غلام رسول عالمپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

مرتب : صاحبزادہ مسعود احمد عالمپوری

ناشر : حضرت مولوی غلام رسول عالمپوریؒ ریسرچ آرگنائزیشن (رجسٹرڈ)

اشاعت اوّل : اگست 2015ء

تعداد : 500

قیمت : 350روپے

سلسلہ اشاعت: 6

297.53
م 536 ع
۱۴۲۱۲۴

ملنے کا پتہ : صاحبزادہ مسعود احمد عالمپوری
پوسٹ بکس 612 فیصل آباد، پاکستان

موبائل : 0092-313-8666611
0092-345-7681542

متبادل پتہ : مکتبہ اسلامیہ، امین پور بازار کوتوالی روڈ فیصل آباد

Website: www.alampuri-research.org

Email: president_alampuri@yahoo.com
president_org@hotmail.com

Marfat.com

انتساب

متلاشیانِ حق اور طالبینِ تعشق و سالکینِ راہ کے نام

لازم جہل فنا نوں آیا جاں ایہہ پاویں ناہیں
سب پرواز تیرا وچ تیرے خودیوں جاویں ناہیں

PANJAB UNIVERSITY LIBRARY
Marfat.com

فہرست

Marfat.com

تحدیثِ نعمت

الحمدللہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہِ الکریم وآلہ واصحابہ اَجمعین
امابعدفاعوذباللہ من الشیطٰن الرجیم

خوب سمجھ لیجئے علم اسرار الدین کا انکشاف نعم الٰہیہ میں ہے اور اس کا ظہور ان کے اہل پر ہی ہوتا ہے جو اپنی ذات کو احکام خداوندی کے سامنے برضاو رغبت جھکالیں اور مالک کی مرضی میں اپنے آپ کو ڈھال لیتے ہیں اور بلا چون وچرا سالکِ راہ بن کر چلتے جائیں اور پھر ایک وقت آتا ہے کہ اُن پر احکامات کی حکمت کھلنا شروع ہوتی ہے اور ہر امر الٰہی کی حقیقت ظاہر ہوتی جاتی ہے اور نظام کائنات کا فہم منکشف ہوتا جاتا ہے۔ اسے تجلیٔ حکمت سے تعبیر کیا جاتا ہے اور یہ حکیمانِ اسرارِ الٰہیہ مقربینِ خدا ہوتے ہیں کہ جنہیں مالکِ کائنات اپنے خزانوں کے راز بتاتا ہے۔ انہی میں ایک نام حضرت مولانا غلام رسول عالم پوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے۔

آپ بحیثیتِ مصنف عظیم پنجابی منظوم کتاب احسن القصص المعروف بہ (قصہ یوسف زلیخا) کے ہیں اور مولانا صاحب کی شخصیت محتاجِ تعارف نہیں اور چودھویں کے چاند کی طرح علمی دنیا کے آسمان پر چمک رہے ہیں مگر آپ کی ایک کتابِ لاجواب مستطاب بنام مآرب الخاشعین موضوع نمازِ بے نظیر وبے مثال بھی ہے۔ جس کا مقام و مرتبہ بہت بلند ہے جو نماز کے اسرار و رموز پر آپ کے قلمِ حقیقت رقم سے ظاہر ہوئی ہے۔ جس میں نماز اور اس سے متعلق امور پر بحث

Marfat.com

فرمائی گئی ہے۔ جس کی نظیر میں عربی میں فتوحات مکیہ، احیاء علوم الدین اور حجۃ اللہ البالغہ کو رکھا جا سکتا ہے۔

ہر ہر لفظ سے علم کے معارف پھوٹتے ہیں اور ہر ہر سطر علم کا ایک دریا ہے۔ احسان (تصوف) کی منزلیں کیسے طے ہوتی ہیں وہ اس کتاب کا قاری بعدِ مطالعہ ہی محسوس کر سکتا ہے۔ مگر اس میں شرط قاری کا ذوقِ سلیم، علم صحیح، عملِ خالص، رسا ذہن، اخاذ دماغ، قلبِ خاشع کا ہونا ہے۔ ورنہ سب عمل عبث ہو گا۔ مگر کوئی طالب علمانہ اور عاجزی سے کسی مرشد کامل سے اسے سبقاً سبقاً سمجھ لے تو بعید نہیں، خود مرشد کامل ہو جائے اور دوسروں کے لئے مشعلِ راہ ہو جائے۔ حضرت مولانا مرحوم نے فنونِ عقلیہ اور علومِ نقلیہ سے کام لیتے ہوئے اسرارِ نماز کے جو انکشافات فرمائے ہیں۔ وہ اس پر دلالت کرتے ہیں کہ آپ پر علمِ لدنی کی بارش ہوتی تھی یہ عجائب و غرائب نکات سے بھری کتاب ہے کہ جس میں جابجا تجلیاتِ علم اور انوارِ حکمت بکھرے ہوئے ہیں اور ان سب کو ایک لڑی میں پرو کر علوم و معارف اور اسرار و رموزِ نماز کی ایک حسین مالا تیار کر دی ہے کہ جس سے سالکِ راہ کے قلب میں وارد شہواتِ دنیا اور دماغ میں وارد شبہات و وساوس کا تدارک ہوتا ہے اور واضح ہوتا ہے کہ احکام الٰہی حکمت سے خالی نہیں بلکہ ہر حکم کی من و عن تعمیل سے انسانوں کو فائدہ ہے اور بعدِ مطالعہ کم علموں کے قلوب کو تسکین ہوتی ہے اور شرورِ نفس اور شیاطین مردود سے محفوظ رہنے کی ایک ڈھال ہاتھ آتی ہے اور مذکورہ

Marfat.com

بالا دونوں کا ہر وار خالی جاتا ہے۔ فریب و میکدہ نفس و شیطان سے امن حاصل ہوتا ہے اور خشوع کی دولت ہاتھ آتی ہے اور خضوع کا مال ملتا ہے جو کہ دین محمدی ﷺ کا حاصل ہے۔

احادیثِ صحیحہ میں ایک دعا جنابِ رسول کریم ﷺ نے اپنی اُمت کو تعلیم فرمائی ہے کہ اللّٰھم انی اسألک عِلمًا نافِعًا قلبًا خاشِعًا و عملا متقبلا

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں فائدہ بخش علم، متواضع قلب اور مقبول عمل کا۔ اگر قاری اس کتاب کا بعدِ مطالعہ عملِ خالص شروع کر دے تو اس دعا کے اثرات و ثمرات سمیٹ لیتا ہے۔ علمِ نافع جو کہ دورانِ مطالعہ حاصل ہوتا جاتا ہے۔ قلبِ متواضع جو کہ بعد علمِ نافع کے حاصل ہوتا ہے۔ مقبول عمل جس کی تحصیل مذکورہ دو کے بعد لازم ہوتی ہے ان شاء اللہ عزوجل کی رحمت کے بھروسے و توکل پر۔ مذکورہ تینوں دولتیں دنیا و آخرت سے متعلق ہیں جو کامیابی کی ضمانت ہیں۔ پس قاری کو چاہئے کہ اس کتاب سے مستفید ہونے کے لئے طہارتِ ظاہری مکمل اختیار کرے۔ صدقِ مقال اور اکلِ حلال پر سختی سے کاربند ہو جائے اور خلوصِ قلب سے طالبِ علم و سالکِ راہ بن کر پڑھے اور یقیناً فیضانِ ازل سے ہر وہ چیز سمجھے گا جو وہ چاہے گا۔ واللہ المستعان العالی

یہ کتاب مجھے اپنے مرحوم استادِ بزرگوار حضرت مولانا مفتی اسحاق متوفی (28 اگست 2013ء) کے ذریعے سے میسر آئی جن کی صحبت کے قریباً 20 سال

Marfat.com

میں حضرت مولانا غلام رسول عالمپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے علوم سیکھنے کا موقع ملا۔ استاد مرحوم، جس وارفتگی سے حضور مولانا غلام رسول عالمپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے اشعار پڑھتے تھے اُس کے بیان سے زبان قاصر ہے۔ اس کتاب مآرب الخاشعین کا قلمی نسخہ قدیم خط میں بغرضِ تفہیم و تسوید کے لئے آپ کے پاس آیا۔ آپ نے یہ ذمہ داری مجھے سونپی اور دُعا دی کہ میں اسے سر انجام دے سکوں۔ کتاب کو پڑھا تو دماغ روشن ہوا۔ آنکھیں ٹھنڈی ہوئیں اور قلب منور ہو گیا۔ میں نے کتاب کو جس دلجمعی اور محنت سے پڑھا اُس کے احوال سے خداوندِ عالم آگاہ ہے اور جزا بھی اُسی پر چھوڑ رکھی ہے۔ مرحوم استاد نے جو راہنمائی کی اور مدد دی اور عبارت سمجھائی اُس کی جزا میں وہ ضرور جنت کے مزے لوٹتے ہوں گے۔ ان شاء اللہ (افسوس آخری مشورہ اُن کی وفات سے دو دن قبل اسی کتاب کے بارے میں ہوا مگر وہ اس کی طباعت نہ دیکھ سکے)

ارادہ ہے اس کتاب کی شرح تقریر اًریکارڈ کروادوں مگر صاحبانِ ذوق سلیم کا حلقہ درکار ہے اور جناب صاحبزادہ مسعود احمد حفظہ اللہ تعالیٰ کا حکم بھی۔ اللہ تعالیٰ نے صاحبزادہ مسعود احمد حفظہ اللہ کو جو توفیق دی ہے اور فضل و کرم کی بارش ان پر کر دی شاید یہ اُس سے خود بھی واقف نہ ہوں کہ وہ علومِ حضرت مولوی غلام رسول عالمپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا احیاء فرما رہے ہیں اور جس محنت سے یہ کام تن تنہا کر رہے ہیں وہ ان کا ہی حصہ ہیں باوجود یہ کہ وہ خود بیمار ہیں اور عمر کے اُس حصہ میں

ہیں کہ جہاں حوصلے شکستہ ہو جاتے ہیں۔ مگر اُن کو کام کرتے دیکھ کر محسوس ہوتا ہے کہ رحمتِ الٰہی کی وصیت میں کام کر رہے ہیں۔ اندورن وبیرونِ ملک اس کام کی نوعیت کے مطابق ایک بڑے ادارے کی ضرورت ہے مگر وہ اپنی ذات میں خود ایک ادارہ بن کر کام کر رہے ہیں۔ گویا اس کام کے لئے اُن کو چن لیا گیا ہے۔

اور مبارکبار کے مستحق ہیں کہ کتاب طبع ہو کر عام مخلوق کے لئے فائدہ مند ہو رہی ہے۔ دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب کی کاوشوں کو قبول و منظور فرمائے اور ذریعہ نجات بنائے۔ آمین

احقر العباد

کاشف علی عفاہ اللہ عنہ

Marfat.com

عرضِ مرتب

ہر کام کا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک وقت مقرر ہوتا ہے اس لئے بعض اوقات تمام وسائل ہوتے ہوئے بھی کچھ کام اپنے انجام تک نہیں پہنچ پاتے۔ 1990ء سے لیکر اب تک عظیم صوفی شاعر سرتاجِ اولیاء سلطان العارفین حضرت مولوی غلام رسول عالمپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی شخصیت، کلام، کتب اور مزار اقدس سے منسلک دیگر کام اللہ تعالیٰ نے مجھ سے کروائے جن میں موضع عالمپور، تحصیل دسوہہ، ضلع ہوشیارپور، انڈیا میں آپؒ کے مزار اقدس کی تعمیر کا شروع کرنا اور وہاں مزار اقدس کی کچھ غصب شدہ زمین کو اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مولوی صاحبؒ کے طفیل سے واگزار کرانا بھی اللہ تعالیٰ نے میری قسمت میں لکھا تھا اور میری ہمیشہ سے اللہ تعالیٰ کے حضور یہ دعا رہی ہے کہ مولوی صاحبؒ کے کلام کی اشاعت اور مختلف زبانوں میں اُس کے تراجم، مزار اقدس کی تعمیر سے لیکر اُن کی شخصیت سے متعلق تمام اُمور کے سرانجام دینے کی توفیق، طاقت اور فہم عطا کر۔ اللہ تعالیٰ کا انتہائی عاجزی کیساتھ میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اُسنے مجھے یہ توفیق عطا کی کہ راقم الحروف نے 30 نومبر 1990ء کو حضرت مولوی غلام رسول عالمپوریؒ اکیڈمی کی بنیاد رکھی اور اس کو باقاعدہ رجسٹرڈ کروایا بعد ازاں 2011ء میں اس کے نام میں تھوڑی سی تبدیلی یعنی اکیڈمی کی جگہ ریسرچ آرگنائزیشن کر دیا۔ اب اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے راقم الحروف نے ہندوستان میں بھی حضور مولوی صاحبؒ

Marfat.com

کے مزار اقدس موضع عالمپور میں بھی "حضرت مولوی غلام رسول عالمپوریؒ ٹرسٹ" رجسٹرڈ کروا دیا ہے۔ حضرت مولوی غلام رسول عالمپوریؒ کے حالاتِ زندگی اور کلام پر راقم الحروف کی دو کتب شائع ہو چکی ہیں پہلی کتاب "ڈونگھے راز" (مولوی غلام رسول عالمپوریؒ اک مطالعہ) کے نام سے حضرت مولوی غلام رسول عالمپوریؒ اکیڈمی کی جانب سے 1999ء میں شائع ہوئی ہے۔ اس کتاب میں مولوی صاحبؒ کے بارے میں پاکستان اور ہندوستان کی اہم شخصیات کے مضامین شامل ہیں۔ اس کتاب کو پاکستان اور ہندوستان کے علمی وادبی حلقوں میں بہت پذیرائی حاصل ہوئی جبکہ میری دوسری کتاب "پاکستانی ادب کے معمار: مولوی غلام رسول عالمپوریؒ شخصیت اور فن" اکادمی ادبیاتِ پاکستان نے 2011ء میں شائع کی ہے اور یہ کتاب انڈیا میں 2014 میں "لینگوئج ڈیپارٹمنٹ پنجاب" کے ڈائریکٹر جناب چیتن سنگھ صاحب نے ادارے کی طرف سے گرمکھی زبان میں ترجمہ کر کے شائع کر دی ہے اور اس کی تقریب رونمائی 15 مارچ 2014 میں پریذیڈنسی ہوٹل، ہوشیاپور میں ہوئی جس میں راقم الحروف نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ مئی 2013ء میں عظیم صوفی شاعر حضرت مولوی غلام رسول عالمپوریؒ کی سات نایاب تحریریں تین کتب کی صورت میں جن کو میں نے مرتب کر کے اپنی تنظیم حضرت مولوی غلام رسول عالمپوریؒ ریسرچ آرگنائزیشن کی جانب سے شائع کیا ہے۔ قبل ازیں مئی 1962 میں محمد عالم کپور تھلوی مرحوم نے

متذکرہ بالا تحریروں کو اکٹھا کر کے کتابی شکل میں شائع کیا اور اس کا نام ''ست پُھل'' رکھا لیکن میں نے فیصلہ کیا کہ مولوی صاحبؒ کی تحریروں کو ان کے اصل نام سے شائع کیا جائے۔ ''چٹھیاں'' چونکہ اپنے نام سے معروف تھیں لہٰذا ان کو اسی نام سے شائع کر دیا گیا ہے۔ حضرت مولوی غلام رسول عالمپوریؒ کی تحریر کردہ تین تحریروں ''سی حرفی سسی پنوں، سی حرفی چوپٹ نامہ اور پندھ نامہ'' کو راقم نے اکٹھا کر کے ''درد کسالے'' کا نام دے کر شائع کر دیا ہے۔ اسی طرح ''حلیہ شریف ﷺ'' بھی اپنے نام سے الگ سے شائع کر دیا گیا ہے۔ میں نے ان کو از سر نو ترتیب دیا جو اشعار کم تھے ان کو پورا کیا کتابت کی غلطیوں سے پاک کیا اور مشکل الفاظ کے معنی بھی درج کر دئے ہیں۔ اسی طرح مولوی صاحبؒ کی دستیاب تمام کتب کو کمپوز کروالیا گیا ہے اور اب وہ اشاعت کے مراحل میں ہیں۔ دستیاب کتب کے الفاظ اس لئے استعمال کر رہا ہوں کہ 1947 میں تقسیم ملک کے دلخراش لمحات میں جب لوگوں کو بدقسمتی سے اپنا قدیم وطن ہمیشہ کیلئے چھوڑ کر ہجرت کرنا پڑی تو میرا خاندان بھی اپنی تمام جمع پونجی وہیں چھوڑ کر صرف عظیم صوفی شاعر حضرت مولوی غلام رسول عالمپوریؒ کے قلمی نسخوں سے بھرا بکس اٹھا کر اپنے گاؤں سے باہر نکل کر ابھی گاؤں کے ساتھ بہتے ہوئے برساتی نالے جسے (بئیں) کہا جاتا ہے پر پہنچا تھا کہ سکھوں نے حملہ کر کے دیگر جانی نقصان کے علاوہ کتابوں سے بھرا یہ بکس بھی چھین لیا۔ اس لئے اب جو کتب کسی ذریعے سے مجھ تک پہنچی ہیں وہ عوام

Marfat.com

تک پہنچانے کی کوشش کر رہا ہوں۔ پھر اس عاجز بندے کو یہ توفیق حاصل ہوئی کہ عظیم صوفی شاعر سرتاجِ اولیاء سلطان العارفین حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ کی حیات مبارکہ اور کلام کے بارے میں تقریباً 3,000 صفحات پر مشتمل ایک ویب سائٹ (اردو اور انگریزی زبان میں) 2004ء میں تیار کروا کر جاری کر دی گئی اس ویب سائٹ میں مولوی صاحبؒ کے بارے میں تمام معلومات، ان کی دستیاب تمام کتب کو ویب سائٹ پر دے دیا گیا ہے جبکہ مولوی صاحبؒ کی حیات اور فکر و فن پر لکھے گئے اُردو، پنجابی اور انگریزی مقالات و منظومات کا مفصّل جائزہ بھی فراہم کر دیا گیا ہے نیز مولوی صاحبؒ کے مزار اقدس اور اُن کے بارے میں منعقدہ سیمینارز، تقاریب اور دیگر یادگاری تصاویر، وڈیو ریکارڈنگ بھی ویب سائٹ میں شامل ہیں۔ آرگنائزیشن کے قیام، اغراض و مقاصد، دستور، عہدیداران اور مجلس عاملہ کے ارکان کے بارے میں بھی تمام معلومات ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ عظیم صوفی شاعر اور عظیم مبلغِ اسلام حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ کی تصانیف کی صحیح تعداد آج تک کسی کو معلوم نہیں ہو سکی اس کی وجہ میں اوپر بیان کر چکا ہوں تاہم جو کتابیں منظرِ عام پر آئی ہیں اُن میں اُن کی اُردو نثر میں دو کُتب موجود ہیں ایک مآرب الخاشعین اور دوسری مسئلہ توحید ہے۔ مآرب الخاشعین اُردو نثر میں اُنکی عالمانہ تالیف ہے جو اُنکے اپنے ہاتھ کے لکھے ہوئے نسخے کی شکل میں موجود ہے۔ البتہ مسئلہ توحید اُنکے ہاتھ کا لکھا ہوا قلمی نسخہ تو نہیں ہے لیکن بہت پہلے

Marfat.com

یہ چھپتا رہا ہے اور بعض احباب نے اِسے نقل بھی کر رکھا ہے۔ تاہم میں نے دور دراز کے سفر کیے۔ مولوی صاحبؒ کے چاہنے والوں سے ملاقاتیں ہوئیں اور بعض حضرات بذاتِ خود مجھے ملنے کے لیے میرے پاس تشریف لائے تو مسئلہ توحید کے کچھ مطبوعہ اور کچھ نقل شدہ نسخے مجھے ملے ہیں۔ تاہم زیرِ نظر کتاب مآرب الخاشعین کے بارے میں مولوی صاحبؒ اپنا تعارف یوں کرواتے ہیں "بندہ ظلوم و جہول احقر غلام رسول احسن اللہ الیہ بحسن القبول متوطن عالمپور "کتاب کا نام تاریخی ہے فرماتے ہیں "بلحاظ حسن التفاول و برعایت تطابق عام التصنیف اِس کا نام مآرب الخاشعین مقرر ہوا" مآرب الخاشعین سے 1305 کے اعداد بر آمد ہوتے ہیں جو 1887 سنہ عیسوی کے برابر ہیں۔ جیسا کہ کتاب کے نام سے ظاہر ہے اس کتاب میں نہایت عالمانہ انداز میں مستلزماتِ نماز سے بحث کی گئی ہے اور کتاب کو چھ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اُردو میں کتاب تالیف کرنے کی وجہ بیان فرماتے ہیں " تقلیدِ زبان اُردو کا باعث یہ ہے کہ اس دیار کے سعادت مندانِ ازلی کو مایۂ علمی کمتر ہے وہ بھی اسکے استفادہ سے بالکل بے بہرہ نہ رہیں اور علمائے بیدار دل کو خود مجھ سے بے سرو سامان کے تیقیظ کی احتیاج نہیں۔" حضرت مولوی صاحبؒ نے بڑی سادہ زبان استعمال کرنے کی کوشش کی ہے۔ فرماتے ہیں "تکلفات و عبارت آرائی و رنگینی فقرات سے اجتناب کیا گیا کہ حارج مقصد ہے و باعث صرف توجہ الی غیر المطلوب" اسکے باوجود حضرت مولوی صاحبؒ کو یہ احساس ہے کہ اس طرح

کی زبان شاید بہت سے آدمی نہ سمجھ سکیں اس لیے اُنہوں نے مشورہ دیا ہے فرماتے ہیں" اِس میں بسبب نہایت اختصار التزام سلاستِ لغت عمل میں نہیں آیا تو کوئی شایق قلیل البضاعت کسی فایق جلیل الاستطاعت سے اسکے بعض اغلاق لفظی یا معنوی کا استکشاف کرے تو مبہمات و جملات کی شرح و تفصیل سے محظوظ و کامیاب ہووے" کتاب کی دینی اہمیت موضوع سے واضح ہے اور اس لحاظ سے اُس زمانے میں پنجاب میں لکھی جانے والی اُردو کا شاہکار بھی ہے۔ کتاب میں اندازِ بیان، تراکیب اور محاورات مولوی صاحبؒ کے زمانے کے ہیں۔ مآرب الخاشعین کا قلمی نسخہ تو میرے پاس موجود تھا لیکن اس کی کمپوزنگ میں اہم مرحلہ قرآنی آیات کو نمبر لگانا اور بیان کی گئی احادیث واقوال کا جائزہ لینا پھر یہ بھی ذہن میں آیا کہ مشکل الفاظ کے معنی بھی ساتھ دے دیئے جائیں یا اس کی مختصر شرح کر دی جائے لیکن اس سارے کام کیلئے بہت وقت درکار تھا اسلئے یہ فیصلہ ہوا کہ فی الحال اِسکو اصل شکل میں شائع کر کے ناظرین تک پہنچا دیا جائے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کام کیلئے ایک ماحول بن گیا اور ذہن تیار ہو گیا۔ 2013ء کے آخر میں مآرب الخاشعین کی کمپوزنگ کا کام شروع ہوا اسی دوران دو تین بار مجھے ملک سے ایک ایک ماہ کیلئے باہر جانا پڑا لیکن اِس کی کمپوزنگ اور پروف ریڈنگ جاری رہی حتیٰ کہ 2015ء کا سال آگیا۔ اب چونکہ مآرب الخاشعین کو شروع کئے دو سال کا عرصہ بیت چکا تھا اندرونی و بیرونی معاملات کی وجہ سے حالات اور ماحول ناساز گار تھے اسلئے

Marfat.com

چاہتے ہوئے بھی اُس کی طرف توجہ نہیں دی جا رہی تھی۔ 23 مئی 2015ء کو ایک بار پھر مولوی صاحبؒ کے مزارِ اقدس ہندوستان سے واپسی پر پھر ذہن اِس کام کیلئے تیار ہو اور کوئی چھٹی بار پروف ریڈنگ کے مراحل سے گزر کر مآرب الخاشعین اشاعت کیلئے تیار ہو گئی اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان سے یہ مشکل کام آسان ہو گیا اور پایہ تکمیل تک پہنچا۔ مآرب الخاشعین کی پروف ریڈنگ میں بہت محنت اور احتیاط سے کام لیا گیا ہے اور اِس کارِ خیر میں میرے ساتھ مولانا محمد اسحاق صاحب مرحوم اور اُنکے شاگردِ خاص کاشف حسین صاحب کا خصوصی تعاون رہا ہے۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا محمد اسحاق مرحوم پر رحمت فرمائے اور اُن کو جنت الفردوس میں اعلیٰ درجہ عطا فرمائے۔ کاشف حسین صاحب کو اللہ تعالیٰ صحت کے ساتھ زندگی عطا فرمائے اور اِس نیک عمل کی وجہ سے حضرت مولوی صاحبؒ کے طفیل اُنکی زندگی کو آسان بنائے۔ اِس کتاب کو کمپوز کرنے کی ذمہ داری محمد خرم شہزاد صاحب نے ادا کی۔ انہوں نے نہایت محنت اور لگن کے ساتھ اِس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا اللہ تعالیٰ اُنکی زندگی کو آسان بنائے اُنکو اِس نیک کام کی بدولت کامیابی وکامرانی عطا فرمائے۔ میں پورے یقین سے یہ بات کہہ سکتا ہوں کہ میں نے برِ صغیر میں اِس موضوع پر اپنے مطالعہ میں اتنی اعلیٰ کتاب نہیں دیکھی۔ میرے ایک عزیز ترین دوست محمد آصف صاحب جو بذاتِ خود نمود و نمائش کے قطعاً قائل نہیں ہیں لیکن میں نہیں چاہتا کہ اِس کارِ خیر میں جو حصّہ انہوں نے ڈالا ہے اُس کا

ذکر نہ کروں۔ آپ ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے ہیں بسلسلہ ملازمت فیصل آباد میں کافی عرصہ سے مقیم تھے اور حسنِ اتفاق سے اُن کا سُسرال بھی یہیں اقامت پذیر ہے۔ محمد آصف صاحب کی خواہش تھی کہ اِس کتاب کے تمام اخراجات وہ اور ان کے ہم زلف عمر حبیب لودھی صاحب بطور ہدیہ ادا کریں گے لہٰذا ہم نے اِس کتاب کا تخمینہ لگوایا اور وہ رقم انہوں نے میرے پاس جمع کروادی۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اُنہیں دینی ودنیوی انعامات سے نوازے اور اُنکے اہلِ خانہ اور عزیز و اقارب کو ہر مشکل سے محفوظ رکھے اور دنیا و آخرت میں اجرِ عظیم عطا کرے۔ باوجود اِسکے کہ ہم نے اِسکی پروف ریڈنگ میں پوری احتیاط سے کام لیا اور اس کی حق ادائی میں کسی قسم کی غفلت کا مظاہرہ نہیں کیا تاہم انسان ہونے کے ناطے ہم سے کوئی غلطی متوقع ہو سکتی ہے اور وہ غلطی مصنف کی نہیں بلکہ کتابت کے دوران ہم سے سہواً ہو سکتی ہے۔ اگر کسی صاحب کو کسی لفظ میں کتابت کی کوئی غلطی محسوس ہو تو براہِ کرم وہ ہمیں اطلاع کر کے آگاہ کریں ہم اُنکے احسان مند ہونگے۔

احقر

صاحبزادہ مسعود احمد عالمپوری

بانی وصدر

حضرت مولوی غلام رسول عالمپوری ؒ ریسرچ آرگنائزیشن (رجسٹرڈ)

Marfat.com

حضرت مولوی غلام رسول عالمپوری رحمتہ اللہ علیہ ہوراں دی نذر

شاعرِ پنجاب

رُتبہ اوہدا لاثانی ہے اُچا اوہدا پایہ
عالمپور دا شاعر سارے عالم اُتے چھایا
سِلک گہر دا مصرعہ اوہدا شعر پُھلاں دا گجرا
اونے جہیڑا اکھر لکھیا اج وی لگدا سجرا
اوہدی بات مشالاں وانگر جیوں پگ لشکاندی
اوہدی سوچ چنبے دی ڈالی مغزاں نوں مہکاندی
اوہدا نقطہ عشق دا نکتہ گُجیاں رمزاں والا
ایڈا شاعر فِر کد جمنا واہ سُبحان تعالیٰ
صابر یار غُلام رسُول نے جین دے پَج سکھائے
"عاشق تے اندھیری جُھلّے ذرا نہ جُنبش کھائے"

ڈاکٹر صابر آفاقی

مظفر آباد، آزاد کشمیر (28 اکتوبر، 2000ء)

Marfat.com

سوانح حیات (Biography)

عظیم صوفی شاعر سرتاج اولیاء سلطان العارفین حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ

پیدائش:

حضرت مولوی غلام رسول عالپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ 5 ربیع الاوّل 1265ھ، بمطابق 29 جنوری 1849ء بروز سوموار کو موضع عالپور، تحصیل دسوہہ، ضلع ہوشیارپور، ہندوستان میں پیدا ہوئے۔ آپؒ کے دادا کا نام چوہدری سلطان علی اور دادی کا نام ہاجرہ بی بی تھا۔ آپؒ کے والد محترم چوہدری مراد بخش کی دو شادیاں ہوئیں پہلی شادی گاؤں لُدھیانی میں ہوئی اس بیوی سے کوئی اولاد نہ ہوئی اور دوسری شادی موضع ڈُھوتاں میں خداداد کی بیٹی رحمت بی بی سے ہوئی اور یہی خاتون محترمہ رحمت بی بی مولوی صاحبؒ کی والدہ تھیں۔ مولوی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ والدین کی اکلوتی اولاد تھے۔ آپؒ کی پیدائش کے چھ ماہ بعد آپؒ کی والدہ محترمہ کا انتقال ہو گیا مولوی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی عمر ابھی تقریباً 12 سال تھی کہ آپؒ کے والد محترم بھی اس فانی دنیا سے کوچ کر گئے۔

تعلیم:

ظاہری طور پر باقاعدگی سے تحصیل علم کے بارے میں کسی طرف سے کوئی سراغ نہیں ملتا اور یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ آپؒ علم لدنی یعنی (الہامی علم) سے

Marfat.com

مستفیض تھے۔ اللہ تعالیٰ کا آپؒ پر خاص فضل و کرم تھا تاہم ابتدائی تعلیم کے طور پر اپنے گاؤں کے مولوی حامد صاحب سے کچھ عربی اور فارسی کی کتب پڑھیں پھر کچھ علم قریب کے ایک گاؤں غلزیاں کے مولوی عثمان صاحب سے حاصل کیا۔

ملازمت:

ظاہری علوم سے فارغ ہونے کے بعد آپؒ میرپور کے پرائمری سکول میں بحثیت استاد پڑھانے لگے۔ آپؒ نے میرپور کے پرائمری سکول میں بحثیت استاد 1864ء سے 1878ء تک 14 سال تعلیم دی۔ 1878ء میں آپؒ کا تبادلہ موضع ہیسر ہو گیا۔ ''ہیسر'' عالمپور سے تقریباً 2 میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ وہاں آپؒ نے 4 سال پڑھایا اور 1882ء میں ملازمت سے استعفیٰ دے کر عالمپور آ گئے۔ آپؒ نے تقریباً 18 سال بحثیت سکول اُستاد ملازمت کی اور جب آپؒ نے استعفیٰ دیا تو اس وقت آپؒ کی عمر تقریباً 33 سال تھی۔

خُلق اور عادات و خصائل:

حضرت مولوی غلام رسول عالمپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی عادتیں بہت پیاری تھیں۔ وہ طبیعت کے بہت اچھے اور ملنسار تھے ساری عمر کسی سے غصے میں آ کر نہیں بولے۔ راہ چلتے تو نظریں نیچی ہوتیں۔ بڑے باوقار انداز سے چلتے تھے۔ خوش لباس اور خوش گفتار تھے۔ طبیعت میں لطیف سا مزاح بھی تھا۔ آپؒ سفید کرتا، سفید دھوتی اور سفید پگڑی پہنتے تھے تاہم کبھی کبھار مسدی پگڑی اور ملتانی لنگی بھی پہن

لیتے تھے۔ آپؒ باقاعدگی سے مسواک کرتے تھے۔ آپؒ کی بات میں بڑی تاثیر تھی اللہ تعالیٰ نے آپؒ کو فصاحت و بلاغت عطا فرمائی تھی۔ لوگ آپؒ کا بہت احترام کرتے تھے قوت ایمانی کا یہ حال تھا کہ بڑے سے بڑا آدمی بھی آپؒ کے سامنے جھوٹ بولنے کی جرات نہیں کرتا تھا۔

حُلیہ مبارک:

حضرت مولوی غلام رسول عالپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا قد تقریباً پونے چھ فٹ تھا۔ آپکے چہرے کے نقوش خوبصورت تھے۔ جسم مبارک پتلا تھا مگر نحیف نہ تھے بلکہ صحت منداور متناسب جسم تھا۔ آپؒ کی داڑھی مبارک چھوٹی تھی۔ دانت سفید، ہموار اور خوبصورت تھے۔ رنگ گورا سرخی مائل تھا۔ آنکھیں درمیانی تھیں نہ زیادہ موٹی اور نہ چھوٹی تھیں اور سُرخی مائل تھیں۔ آپؒ کی ہتھیلی بھرپور تھی اور سُرخی مائل تھی۔ آپؒ کے سر کے بال بھرپور تھے لیکن زیادہ لمبے نہ تھے۔ آپؒ کی پیشانی تنگ نہ تھی بلکہ بہت مناسب تھی۔ آپؒ کی گردن مناسب تھی زیادہ پتلی نہ تھی اور نہ ہی بہت موٹی تھی۔

نکاح و اولاد:

حضرت مولوی غلام رسول عالپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تین شادیاں ہوئیں پہلی شادی موضع ڈھوتاں تحصیل بھونگہ ریاست کپور تھلہ اپنے ماموں علی بخش کی بیٹی کرم بی بی سے بیس 20 سال کی عمر میں 1869ء میں ہوئی یہ بیوی 1873ء میں

Marfat.com

وفات پا گئیں ان میں سے کوئی اولاد نہیں ہوئی۔ دوسری شادی گاؤں سکرالا ضلع ہوشیار پور 1881ء میں ہوئی یہ بیوی 1886ء میں وفات پا گئیں ان میں سے ایک بیٹی پیدا ہوئی جن کا نام "عائشہ بی بی" تھا۔ عائشہ بی بی کی شادی چوہدری سلطان علی سے ہوئی جو عالمپور کے قریب ایک گاؤں بلڑاں کے رہنے والے تھے۔ 1947ء سے پہلے دونوں میاں بیوی فوت ہو گئے۔ ان کی ایک بیٹی غلام فاطمہ اور بیٹا فضل احمد تھا فضل احمد جوان عمر میں ہی وفات پا گیا جبکہ غلام فاطمہ کی شادی محمد علی سے ہوئی اور یہ دونوں میاں بیوی 1947ء کے بعد پاکستان آ گئے اور چند سال بعد ان کا انتقال ہو گیا ان کی اولاد ضلع فیصل آباد اور ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں آباد ہے۔ تیسری اور آخری شادی 1309 ہجری بمطابق 1891ء میں گاؤں کھنیاں ودھایا کے رہائشی گلاب گجر کی بیٹی محترمہ زینب بی بی سے ہوئی ان میں سے ایک بیٹی پیدا ہوئی جن کا نام خدیجہ بی بی تھا۔ خدیجہ بی بی کی پیدائش سے تقریباً 2 ماہ قبل مولوی صاحبؒ کی وفات ہو گئی لیکن وفات سے قبل مولوی صاحبؒ نے اپنی بیوی زینب بی بی سے کہا کہ تمہارے ہاں بیٹی پیدا ہو گی اور اُس کا نام خدیجہ بی بی رکھنا لہٰذا ایسا ہی ہوا۔ خدیجہ بی بی کی عمر تقریباً پانچ سال تھی کہ ان کی والدہ محترمہ زینب بی بی کا انتقال ہو گیا۔ محترمہ خدیجہ بی بی کی شادی چوہدری عبدالعزیز سے ہوئی جو عالمپور ہی کے رہنے والے تھے اور ان کا تعلق اہم زمیندار گھرانے سے تھا۔ محترمہ خدیجہ بی بی پاکستان بننے سے پہلے وفات پا گئیں جبکہ چوہدری عبدالعزیز پاکستان بننے

Marfat.com

کے کافی عرصہ بعد تک زندہ رہے اور اُن کی وفات 1975ء میں ہوئی۔ محترمہ خدیجہ بی بی کی اولاد دو بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں بڑا بیٹا عبدالطیف تقریباً 18 سال کی عمر میں پاکستان بننے سے قبل وفات پا گیا ان سے چھوٹے سعیدہ بیگم، مسعودہ بیگم، عبدالرشید اور رضیہ بیگم ہیں۔ 1947ء کے بعد محترمہ رضیہ بیگم کی شادی چوہدری غلام قادر سے ہوئی۔ جو موضع پھامبڑا، تحصیل بھونگہ، ریاست کپورتھلہ، انڈیا کے رہنے والے تھے جو کہ پاکستان آکر ضلع لائل پور تحصیل سمندری میں آباد ہوئے بعد ازاں 1975ء میں گاؤں سے ترک سکونت کر کے لائل پور میں مستقل سکونت اختیار کرلی ہے۔ بندہ صاحبزادہ مسعود احمد محترمہ رضیہ بیگم کے بیٹوں میں سے ایک بیٹا ہے جبکہ محترمہ خدیجہ بی بی کا نواسا اور مولوی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا پڑنواسا ہے۔

تصانیف:

حضرت مولوی غلام رسول عالمپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا کلام میٹرک سے ایم اے تک پاکستانی نصاب میں شامل ہے اور آپؒ کی شخصیت اور کلام پر ڈاکٹر صادق جنجوعہ اور ڈاکٹر حفیظ احمد نے پی ایچ ڈی کی ہے۔ آپؒ کا زیادہ تر کلام پنجابی میں ہے لیکن آپؒ نے بڑی اہم کتب اُردو، فارسی اور عربی میں بھی تحریر کی ہیں۔ میں نے حضرت مولوی غلام رسول عالمپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی کتب کے بارے میں ترتیب وار جو تاریخ اور سن دیئے ہیں کہ اُنہوں نے کس تاریخ، سن، کتنی عمر اور کتنے عرصہ

Marfat.com

میں کتاب مکمل کی ہے یہ تمام معلومات بالکل صحیح ہیں کیونکہ تمام تر معلومات مولوی صاحبؒ نے خود اپنی کتب میں فراہم کی ہیں۔

آپؒ کی اب تک منظر عام پر آنیوالی کتب کا تذکرہ کئے دیتا ہوں۔

(1) آپؒ نے سب سے پہلے "داستان امیر حمزہ" کی پہلی جلد پندرہ سال کی عمر میں تقریباً ایک ماہ میں 1281 ہجری بمطابق 1864ء میں مکمل کی جبکہ دوسری اور تیسری جلد بروز جمعرات 16 محرم 1286ھ بمطابق 29 اپریل 1869ء 8 بیساکھ 1926 بکرمی 20 سال کی عمر میں 2 ماہ میں مکمل کیں۔ جس کے اشعار کی تعداد تقریباً 20,000 ہزار ہے۔

(2) دوسری کتاب "روح الترتیل" 19 سال کی عمر میں 1285ھ بمطابق 1868ء کو مکمل کی جس کے اشعار کی تعداد 256 ہے۔

(3) حضرت مولوی غلام رسول عالمپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے تیسری کتاب "احسن القصص" 24 سال کی عمر میں ایک ماہ میں 1290ھ مطابق 1873ء کو مکمل کی جس کے اشعار کی تعداد 6666 ہے۔

(4) چوتھی کتاب "مسئلہ توحید" یہ اُردو نثر میں ہے جو آپؒ نے 29 سال کی عمر میں 17 ذیعقد 1295ھ مطابق 1878ء کو مکمل کی۔

(5) "سی حرفی حلیہ شریف حضور ﷺ" 27 ربیع الاول 1297ھ مطابق 9 مارچ 1880ء موافق 28 پھاگن 1936 بکرمی بروز منگل بوقت عصر میراں وجانی

موچی کی فرمائش پر تحریر کیا۔ اس وقت آپؒ کی عمر 31 سال تھی۔

(6) "چٹھیاں" مولوی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے سید روشن علی، ہیرے شاہ اور صاحبزادہ غلام یٰسین کو منظوم چٹھیاں لکھیں۔ جو چٹھی آپؒ نے اپنے شاگردِ خاص سید روشن علی کو لکھی ہے اس میں مولوی صاحبؒ خود فرماتے ہیں یہ نامہ بتاریخ 8 محرم 1300 ہجری بمطابق 26 کاتک سن 1939 بکرمی بمطابق 10 نومبر 1882ء بروز دوشنبہ (یعنی بروز سوموار) بوقت نیم روز (یعنی بوقت دوپہر) جانی موچی کی دکان میں بیٹھ کر بحالت درد چشم لکھا گیا۔ اس وقت آپؒ کی عمر 33 سال تھی۔

(7) "سی حرفی سسی پنوں" یہ سی حرفی آپؒ کی شاعری کی خوبصورت مثال ہے۔

(8) "سی حرفی چوپٹ نامہ" یہ سی حرفی بھی آپؒ کی شاعری کی خوبصورت مثال ہے۔

(9) "پندھ نامہ" یہ منظوم ہے اور یہ ایک عورت کے راستہ دریافت کرنے پر لکھا گیا ہے۔

(10) مولوی صاحبؒ کی دسویں اور آخری تصنیف جو اب تک سامنے آئی ہے وہ "مآرب الخاشعین" ہے جو کہ اُردو نثر میں آپؒ کی دوسری تصنیف ہے۔ مآرب الخاشعین آپؒ نے 1305ھ بمطابق 1887ء کو 38 سال کی عمر میں لکھی ہے۔ ان کے علاوہ آپؒ کی کتب "قصہ روپن" اور "گجر نامہ" بھی ہیں جو کہ باوجود تلاش

Marfat.com

۱۴۲۱۲۷

کے ابھی تک نہیں مل سکیں۔

وفات:

حضرت مولوی غلام رسول عالپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ 7 شعبان 1309 ہجری بمطابق 7 مارچ 1892ء بمطابق 24 پھاگن بروز سوموار کو 43 سال کی عمر میں اس دار فانی سے کوچ کر گئے اور آپؒ کو موضع عالپور، تحصیل دسوہہ، ضلع ہوشیار پور کے ہی قبرستان میں دفن کیا گیا اور وہیں آپؒ کا مزار اقدس ہے۔ مولوی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ تین دن بیمار رہے دوست احباب کو بتا دیا تھا کہ ہمارا جانے کا وقت ہے جس نے ہمیں ملنا ہے مل لے تین دن بعد بوقت چاشت آپؒ کا وصال ہو گیا۔ آپؒ کی نماز جنازہ آپؒ کے ایک دوست مولوی عبد اللہ صاحب تلونڈی والے نے کرائی ان کے ساتھ مولوی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا وعدہ تھا کہ پیچھے رہنے والا آگے جانے والے کی نماز جنازہ پڑھائے گا۔ جب مولوی غلام رسول عالپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی وفات ہوئی اُس وقت مولوی عبد اللہ صاحب عالپور سے چند میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں پنڈوری میں موجود تھے جہاں پر مولوی عبد اللہ صاحب کو بذریعہ کشف مولوی غلام رسول عالپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی وفات کا علم ہوا اور وہ کئی میل کا پیدل سفر کر کے پہنچے جب غسل کروانے لگے تو مرحوم تھوڑے سے اشارہ سے پانسا پلٹ جاتے تھے جب لحد کے قریب پہنچے تو مولوی عبد اللہ صاحب نے کہا کہ آپ نے ہمارا انتظار بھی نہ کیا تو اس وقت مرحوم کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے

Marfat.com

مولوی عبداللہ صاحب نے اپنے رومال سے ان کے آنسو پونچھ کر اپنے منہ پر مل لئے۔ جب غسل کفن کے بعد قبر کی لحد میں اتارا گیا تو مولوی عبداللہ صاحب فرمانے لگے لوگو آج میں تمہیں ایک راز کی بات بتاؤں مولوی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ میرے دوست تھے میں جانتا تھا کہ وہ کامل ولی اللہ ہیں لیکن مجھے یہ اندازہ نہیں تھا کہ وہ ولایت کے اس قدر بلند مرتبہ پر فائز تھے۔

میں یہاں چند باتوں کی وضاحت کرنا ضروری سمجھتا ہوں تا کہ آنے والی نسلوں تک صحیح اور مستند معلومات پہنچ سکیں اور تحقیق دانوں کے لئے آسانی رہے۔

(1) بندہ صاحبزادہ مسعود احمد کے والد محترم چوہدری غلام قادر (مرحوم) کو بھی مولوی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے انتہائی عقیدت و محبت تھی اس لئے اُنہوں نے مولوی صاحبؒ کے مزار اقدس کی تعمیر کے لئے 1990ء میں سردار نرمل سنگھ سے بھارت میں رابطہ کیا، جنہوں نے اپنے دوستوں سے مل کر مولوی صاحبؒ کی قبر مبارک کو 1991ء میں از سر نو تعمیر کیا۔

(2) 20 اپریل 2007ء کو 1947ء کے بعد پہلی بار راقم الحروف موضع عالپور تحصیل دسوہہ ضلع ہوشیار پور انڈیا میں مولوی صاحبؒ کے مزار اقدس پر پہنچا تو مولوی صاحبؒ کی قبر مبارک کے سرہانے کی طرف جو پتھر کا کتبہ لگا تھا اُس پر بھی مولوی صاحبؒ کی تاریخ پیدائش 29 جنوری 1849ء اور تاریخ وفات 7 مارچ 1892ء ہی درج تھی۔

PANJAB UNIVERSITY LIBRARY

Marfat.com

(3)مولوی صاحبؒ بہت اعلیٰ پائے کے طبیب بھی تھے آپؒ نے اپنے گھر کے قریب ایک مسجد بنوائی جہاں آپ کی زیر نگرانی مکتب میں تقیباً 40شاگرد دُور دراز سے آکر تعلیم حاصل کرتے تھے۔ مولوی صاحبؒ اِن کو دینی علوم کیساتھ طب، اُردواَور فارسی کی مفت تعلیم دیتے تھے۔ آپؒ کا خاندانی پیشہ زمینداری تھی۔ ایک دفعہ مولوی غلام رسول عالپوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا علی بخش نامی نوکر مویشیوں کے لیے چارہ لے کر بڑی دیر بعد گھر آیا تو مولوی صاحبؒ نے اس کو مخاطب ہوکر فرمایا۔

سارا دن اڈیکیا گیا کویلا ہو
ڈھیر کمائی تدھ دی بھریاں پونے دو

(4) راقم کو خاندانی طور پر اس بات کا علم ہے کہ حضرت مولوی صاحبؒ کے والد محترم کسی مسجد کے امام نہیں تھے کچھ لکھاری حضرات نے بغیر تحقیق کے اُن کو امام مسجد لکھا ہے جو درست نہیں ہے۔ وہ ایک نیکدل انسان تھے اور ان کا خاندانی پیشہ زمینداری تھی۔ میں یہاں اِس بات کی وضاحت کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ سّید روشن علی حضرت مولوی صاحبؒ کے شاگرد تھے۔

(5)نصاب کی کُتب اور دیگر تحقیقی کتب میں مختلف احباب نے بغیر کسی تحقیق کے مولوی صاحبؒ کے سلسلہ طریقت کے بارے میں مختلف آراء دی ہیں لیکن اُن کے پاس کوئی واضح دلیل اور سند نہ ہے۔ یہ بات آپؒ کے وصال سے لیکر آج تک

Marfat.com

یعنی تقریباً 117 سال تک معمہ بنی رہی لیکن مارچ 2009ء میں مولوی صاحبؒ کے ہاتھ کا لکھا ہوا منظوم شجرۂ طریقت مجھے مل گیا ہے۔ یہ شجرۂ طریقت تین زبانوں اُردو، فارسی اور پنجابی میں لکھا ہوا ہے اور یہ شجرہ مولوی صاحبؒ نے 12 سال کی عمر میں کسی دوست کے ایما پر لکھا ہے جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ ظاہری طور پر کہیں بیعت نہ تھے۔ اب چونکہ میرے پاس شجرہ طریقت کی صورت میں سند موجود ہے۔ میں اس شجرۂ طریقت کو شائع کر کے عوام تک جلد پہنچادوں گا۔

مولوی صاحبؒ کے بقول

عشق کرم دا قطرہ ازلی تیں مَیں دے وس ناہیں
اِکناں لبھدیاں ہتھ نہ آوے اِکناں دے وچ راہیں

میں نے ہمیشہ ایمانداری سے سچ بات کی ہے اور سچ بات کو صدق دل سے تسلیم کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی تاریخی شخصیت کے بارے میں قلم اُٹھانے سے پہلے پوری ذمے داری، تحقیق اور احتیاط سے معلومات اکٹھی کرنی چاہئیں جن میں ذاتی خواہشات کا عمل دخل نہ ہو تاکہ آنیوالی نسلوں تک صحیح، مستند اور مفید معلومات پہنچ سکیں لہٰذا تاریخ لکھنے کیلئے اعلیٰ اور کھلے ذہن کی ضرورت ہے اور یہ کام انتہائی ذمہ داری، خلوص اور ایمانداری سے کرنا چاہیے۔

تحریر و تحقیق :

صاحبزادہ مسعود احمد عالمپوری

Marfat.com

شجرۂ نسب

راقم الحروف بندہ صاحبزادہ مسعود احمد نے جنوبی ایشیاء کے عظیم صوفی شاعر سرتاجِ اولیاء سلطان العارفین حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ کا شجرہ نسب مرتب کر دیا ہے تاکہ تحقیق دانوں اور علم و ادب کے شائقین کے لئے آسانی رہے۔ شجرہ نسب حسب ذیل ہے۔

چوہدری سلطان علی

چوہدری مراد بخش

حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ

عائشہ بی بی
زوجہ سلطان علی

خدیجہ بی بی
زوجہ عبد العزیز

فضل احمد	غلام فاطمہ	عبد اللطیف	سعیدہ بیگم	مسعودہ بیگم	عبد الرشید	رضیہ بیگم زوجہ غلام قادر

صاحبزادہ مسعود احمد
سجادہ نشین، بانی وصدر
حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ ریسرچ آرگنائزیشن

Marfat.com

مآرب الخاشعین

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ جَعَلَ الصَّلٰوۃَ قُرَّۃَ عَیْنِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ عِمَادَ دِیْنِ الْمُسْلِمِیْنَ وَ مِعْرَاجَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ مَآرِبَ الْخَاشِعِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی اُسْوَۃِ الْاَوَّلِیْنَ وَ الْاٰخِرِیْنَ وَ عَلٰی اٰلِہِ الطّٰھِرِیْنَ وَ صَحْبِہِ الطَّیِّبِیْنَ اِنَّ صَلٰوتِیْ وَ نُسُکِیْ وَ مَحْیَایَ وَ مَمَاتِیْ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَللّٰھُمَّ تُبْ عَلَیَّ حَتّٰی اَتُوْبَ وَ اعْصِمْنِیْ حَتّٰی لَا اَعُوْدَ اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَیَّ الطَّاعَاتِ وَ کَرِّہْ اِلَیَّ الْخَطِیْئَاتِ اَمَّا بَعْدُ

بندۂ ظلوم وجہول احقر غلام رسول اَحْسَنَ اللّٰہُ اِلَیْہِ بِحُسْنِ الْقَبُوْلِ متوطن عالم پور پہلے جناب اقدس ربانی سے استعاذہ کرتا ہے کہ محض اپنے فضل سے ہم کو اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَ تَنْسَوْنَ اَنْفُسَکُمْ [البقرۃ:۴۴] کے خطاب کا مصداق نہ بناوے ثانیاً استدعاء ہے کہ زندہ دلوں کے شرف التفات سے مستفید فرماوے پھر طلبۂ دینیات کی خدمت میں عرض ہے کہ اس خاکسار الم چشیدۂ دردِ نایافت کے دل میں ڈالا گیا کہ بایں بے بضاعتی بمرادِ ایقاظ الرقود کہ بحالتِ سجود غفلت کی نیند میں سوئے پڑے ہیں ان کے جگانے کے ارادہ پر ایک موجز سا رسالہ حیزِ تحریر میں آوے اور اس میں مقصود تنبیہ نفسِ خود ہو استقلالاً و افادۂ سُعداء اشتمالاً فَشَرَعَ مُسْتَعِیْناً بِاللّٰہِ وَ ھُوَ یَھْدِی السَّبِیْلَ چونکہ اس قسم کا بیان اربابِ خشوع کی کامیابی کا مقام ہے اور یہی بلحاظِ حسن التفاؤل وبرعایتِ تطابقِ عام التصنیف اس کا

Marfat.com

نام "مَآرِبُ الْخَاشِعِیْن" مقرر ہوا۔

فیا ایھا الخاشعون انظروا فیھا ما قیل من ماربکم مع اغماض النظر عن قائلھا و حٰفِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی وَاَقْبَلُوْھَا بِالصَّلٰوۃِ الْوُسْطٰی وَقُوْمُوْا لِلّٰہِ قٰنِتِیْنَ

تقییدِ اختیارِ زبانِ اردو کا باعث یہ ہے کہ اس دیار کے جن جن سعادت مندانِ ازلی کو مایۂ علمی کمتر ہے وہ بھی اس کے استفادہ سے بالکل بے بہرہ نہ رہیں اور علماءِ بیدار دل کو خود مجھ سے بے سر و سامان کے تیقیظ کی احتیاج نہیں اور اس میں بسبب نہایتِ اختصار التزامِ سلاستِ لغت عمل میں نہیں آیا تو کوئی شائق قلیل البضاعت کسی فایق جلیل الاستطاعت سے اس کی بعض اغلاق لفظی یا معنوی کا استکشاف کرے تو چند مبہمات و مجملات کی شرح و تفصیل سے محظوظ و کامیاب ہووے ہاں تکلفاتِ عبارت آرائی و رنگینی فقرات سے اجتناب کیا گیا کہ حارجِ مقصد ہے و باعثِ صرفِ توجہ الی غیر المطلوب۔

Marfat.com

اَلرَّکْعَۃُ الْاُوْلٰی فِیْ ضَرُوْرَۃِ الصَّلٰوۃِ وَضَرَرِ تَرْکِہَا

سن اے عزیز! اسعدك الله وایّایَ، عقائد کی تصحیح کے بعد عمدہ ترین عبادات و جامع جمیع خیرات و برکات صلوۃ ہے اس کے اتیان بعمل سے بڑھ کر نہ کسی عمل کی فضیلت ہے اور نہ اس کے ترک کی برائی کے برابر کوئی فضیحت، اس لئے قیامت کے دن سب اعمال سے پہلے مومن کی نمازوں کا حساب لیا جاوے گا۔ پورا اترا تو بہتر ورنہ اخذ در اخذ. قرآن مجید میں ہے کہ اصحاب الیمین جنت سے مجرموں کو دوزخ میں دیکھ کر پوچھیں گے:

مَا سَلَکَکُمْ فِیْ سَقَرَ ○ [المدثر:۴۲]

یعنی کس چیز نے تم کو دوزخ میں چلایا؟

قَالُوْا لَمْ نَکُ مِنَ الْمُصَلِّیْنَ ○ [المدثر:۴۳]

تو وہ مجرم کہیں گے کہ ہم دنیا میں نمازیں نہیں پڑھتے تھے، اگرچہ پیچھے اور بھی سیئات کا ذکر ہے مگر اول ترک صلوۃ ہی کی حسرت کا دم بھریں گے اور اور جگہ فرمایا ہے:

یَوْمَ یُکْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّ یُدْعَوْنَ اِلَی السُّجُوْدِ فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ ○ خٰشِعَۃً اَبْصَارُھُمْ تَرْھَقُھُمْ ذِلَّۃٌ ؕ وَ قَدْ کَانُوْا یُدْعَوْنَ اِلَی السُّجُوْدِ وَھُمْ سٰلِمُوْنَ ○ [القلم:۴۲]

حاصل یہ کہ قیامت کے دن لوگوں کو سجدہ کے لئے پکارا جاوے گا تو اشرار فجار سجدہ نہ کر سکیں گے شرم اور حسرت کے مارے اُن کی آنکھیں نیچے کو جھکی ہوں گی اور نہایت ذلیل اور خوار ہوں گے یہ ان کا حال اس لئے ہو گا کہ دنیا میں صحت و فرصت کی حالت میں سجدہ کے لئے بلائے جاتے تھے تو ان سے نہ ہو آیا سو جن کی حسرت اور ذلت کا یہ حال ہو گا اور دخل حضور سے رہ جائیں گے وہ بے شک راندے گئے دوزخ کے سوا ان کا ٹھکانا نہ رہا اور فرمایا:

يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيْهِ ○ وَ صَاحِبَتِهٖ وَ اَخِيْهِ ○ وَ فَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـْٔوِيْهِ ○ وَ مَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ ثُمَّ يُنْجِيْهِ ○ كَلَّا ۭ اِنَّهَا لَظٰى ○ نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ○ تَدْعُوْا مَنْ اَدْبَرَ وَ تَوَلّٰى ○ وَ جَمَعَ فَاَوْعٰى ○ اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ○ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ○ وَّ اِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ○ اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ○ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ ○... الی قوله: عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ○ [المعارج:۱۱ تا ۳۴]

مطلب یہ کہ مجرم آرزو کرے گا کہ قیامت کے عذاب سے اپنی پیاری بیٹی اور ہم راز بیوی اور غم خوار بھائی اور اُن خیر خواہ خویشاوندوں کو جنہوں نے دنیا میں اسے ٹھکانہ دیا اور اپنی پناہ میں لیا اور سارے جہانیان کو اپنی جگہ فدیہ دے کر خود بچ جاوے ایسا ہونے کا نہیں۔ یعنی مجرم کی آرزو ہو گی کہ میرے سب

Marfat.com

پیارے جن کو میں دنیا میں اپنی جان سے مقدم سمجھتا تھا اور وہ مجھے ایسا ہی سمجھ کر اچھا سلوک کرتے تھے میرے عوض دوزخ میں عذاب دیے جائیں اور مجھے چھوڑ دیا جائے مگر یہ کون مانے۔ مجرم کو دوزخ سے یہ دہشت کیوں نہ ہو کہ وہ تو بھڑکتی آگ ہے کہ اپنے مقناطیسی اثر سے ان کو اپنی طرف کھینچ کر سمیٹتی جاتی ہے اور ان مجرموں کو نام اور لقب سے پکار رہی ہے جنہوں نے قبلہُ اطاعت کی طرف پشت کی اور نماز اور طاعاتِ باقیہ سے منہ پھیرا اور مال و دنیا کو اکٹھا کیا اور برتنوں و ذخیرہ دانوں میں رکھ چھوڑا یعنی اس میں سے خدا کا حق ادا نہ کیا۔ بے شک انسان نہایت درجے کا لالچی ہے، جب اسے تنگی اور تکلیف پہنچی تو بے قراری سے بھڑک اٹھتا ہے اور جب توانگری و آسودگی ہوتی ہے تو غرور میں آکر اپنے آپ کو اطاعتِ الٰہیہ سے روک بیٹھتا ہے مگر نماز پڑھنے والے کہ ہمیشہ پڑھتے ہیں اور کبھی ترک نہیں کرتے اس سے مستثنٰی ہیں۔ اور نماز کی برکت کے سبب سب قباحاتِ دُنیوی واُخروی سے اِن کو امن ہے۔ یہاں تک کہ اس بیان کے اخیر پر فرمایا کہ وہ اپنی نماز کی محافظت کرتے ہیں سب شرائط و آداب و اوقاتِ صلوۃ کو اچھی طرح سے نگاہ رکھتے ہیں حق تعالیٰ نے زیادتِ اکرام کی نظر سے مستثنٰی لوگوں کا ابتدا و انتہا نماز پڑھنے والوں سے کیا۔ کلام اللہ میں ایسا ہی کئی جگہ نماز کے فضائل اور اس کے ترک کی برائیاں مذکور ہیں اور یونہی احادیث میں مفصل ہے۔ لہٰذا طبقہُ اولیٰ اصحاب خیر القرون ماہرانِ کتاب و سنت کا یہی اعتقاد تھا کہ تارک الصلوۃ کا اسلام

Marfat.com

معتبر نہیں سمجھتے تھے۔ چنانچہ مشکوٰۃ شریف میں بروایت عبد اللہ ابن شقیق رضی اللہ عنہ وارد ہے:

کَانَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَرَوْنَ شَیْئاً مِّنَ الْاَعْمَالِ تَرْکُہٗ کُفْرٌ غَیْرَ الصَّلٰوۃِ

یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) نماز کے سوا کسی عمل کے ترک کو کفر نہیں سمجھتے تھے۔ فقط نماز کے ترک کو کفر جانتے تھے۔

وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَیْنَ الْعَبْدِ وَبَیْنَ الْکُفْرِ تَرْکُ الصَّلٰوۃِ [رَوَاہُ مُسلم]

جابر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے روایت ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندے اور کفر کے بیچ میں نماز کے ترک کا فرق ہے یعنی بندہ نے نماز کو ترک کر دیا تو کفر میں پڑا یہ حدیث صحیح مسلم کی ہے:

وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی قَالَ الصَّلٰوۃُ لِوَقْتِہَا۔۔۔الخ [متفق علیہ)

یعنی حضرت عبد اللہ ابن مسعود (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے روایت ہے کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اللہ تعالیٰ کو کونسا کام بہت پسند ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نماز کو وقت پر ادا کرنا۔ الی آخر الحدیث [یہ حدیث بخاری اور مسلم کی ہے]

Marfat.com

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ ابْنِ عَمْرِو ابْنِ الْعَاصِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ ذَکَرَ الصَّلٰوۃَ یَوْمًا فَقَالَ مَنْ حَافَظَ عَلَیْھَا کَانَتْ لَہٗ نُوْرًا وَّبُرْھَانًا وَّنَجَاۃً یَّوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَمَنْ لَّمْ یُحَافِظْ عَلَیْھَا لَمْ تَکُنْ لَّہٗ نُوْرًا وَّلَا بُرْھَانًا وَّلَا نَجَاۃً وَّکَانَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مَعَ قَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَھَامَانَ وَاُبَیِّ ابْنِ خَلَفٍ۔

یعنی عمرو بن العاص کے بیٹے عبد اللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اس نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا کہ ایک دن آں سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کا ذکر بیان کیا پھر فرمایا کہ جو شخص نماز کی محافظت کرے یعنی ہمیشہ وقت پر باتمام شرائط پڑھتا رہے تو قیامت کے دن وہ نماز اس کے لئے نور اور برہان اور سبب نجات ہو گی اور جو شخص نماز کی محافظت نہ کرے قیامت کو نہ اس کے لئے نور ہو گا نہ برھان نہ نجات اور یہ شخص قارون اور فرعون اور ہامان اور ابی ابن خلف کے ساتھ ہو گا یعنی دوزخ میں۔

وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ (رضی اللہ تعالی عنہ) قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرَاَیْتُمْ لَوْ اَنَّ نَھْرًا بِبَابِ اَحَدِکُمْ یَغْتَسِلُ فِیْہِ کُلَّ یَوْمٍ خَمْسًا ھَلْ یَبْقٰی مِنْ دَرَنِہٖ شَیْءٌ قَالُوْا لَا یَبْقٰی مِنْ دَرَنِہٖ شَیْءٌ قَالَ فَذٰلِکَ مَثَلُ صَلَوَاتِ الْخَمْسِ یَمْحُوا اللّٰہُ بِھِنَّ الْخَطَایَا [متفق علیہ]

حضرت ابو ہریرہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم

نے اصحاب سے فرمایا بتلاؤ تو اگر تم میں سے کسی کے دروازے پر نہر چلتی ہو وہ اس میں ہر روز پانچ دفعہ نہایا کرے کیا اس شخص پر کچھ میل بھی رہ جائے گی صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ حضرت اُس پر تو کچھ میل نہیں رہے گی آپ ﷺ نے فرمایا پھر یہ پنجگانہ نماز کی مثال ہے اللہ تعالیٰ ان کی برکت سے خطایا یعنی صغائر کو مٹاتا ہے۔ [یہ صحیحین کی حدیث ہے]

اے جان من! تو نے ان آیات و احادیث سے ضرور سمجھ لیا ہوگا کہ اتیان بالصلوۃ کی بڑی فضیلت ہے اور نجات کا ذریعہ ہے اور اس کے تارک کو سخت وعید اور بھاری عذاب ہیں اور اسلام کا یہی اول درجہ کا شعار ہے اور انسان کے حسن و قبح کا اسی پر مدار۔ مسلمان بے شک اس سے جان سکتا ہے کہ نماز ادا کرنے کی اس کو کتنی ضرورت ہے اور اس کے ترک کا کتنا ضرر۔ پھر نماز گزار ضرور خوش ہوتا ہے کہ میں فرقۂ باغیہ وفۂ طاغیہ تارک الصلوۃ سے نہیں ہوں پس اگر سچ مچ کا نماز گزار ہے تو موفقِ حقیقی کا شکر کرے اور بھی طلبِ کمال میں بہر حال سعی کیا کرے اور کسی موقف کو منتہائے مجاہدہ نہ سمجھے کہ جمالِ معانی کی حد نہیں جمیل جلیل الاقتدار محدود نہیں اور اگر حقیقتِ نماز سے بہرہ یاب نہیں ہے تو ابھی پہلا فرض ہی ادا نہیں کیا اس کا نام نمازی کہاں، عزمِ صلوۃ مصمم کرے باتمام شروط نماز کی نیت باندھے تو در ضد زمرۂ مصلّین ہو۔

اے میرے پیارے مصلّی! اب ذرا محک امتحان پر اپنی نماز کی تنقید کر

Marfat.com

لے کہ تو خود نماز پڑھنے والوں میں سے ہے یا نہیں، تیری نماز قابل قبول ہے یا پھیر کر تیرے ہی منہ پر ماری جانے کے لائق ہے اور تو بسبب اس نماز کے بار گاہ عزو جلال میں بلایا جاتا ہے یا تجھے کہا جاتا ہے: صَلِّ اِنَّکَ لَمْ تُصَلِّ، سو تیری نماز کی تنقید خدا اور خدا کے رسول ﷺ کے کلام سے ہوتی ہے تو اپنے دل کی آنکھوں سے پرکھ لے۔

Marfat.com

اَلرَّکْعَۃُ الثَّانِیَۃُ فِی تَنْقِیْدِ الصَّلٰوۃِ الَّتِیْ صَلّٰھَا الْمُصَلِّی

خدائے تعالیٰ نے سورۂ نساء میں منافقین کی نماز کا ذکر فرمایا ہے:

وَ اِذَا قَامُوْٓا اِلَی الصَّلٰوۃِ قَامُوْا کُسَالٰی ۙ یُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ اِلَّا قَلِیْلًا ۝ مُّذَبْذَبِیْنَ بَیْنَ ذٰلِکَ ☆ لَآ اِلٰی ھٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰی ھٰٓؤُلَآءِ ؕ وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰہُ فَلَنْ تَجِدَ لَہٗ سَبِیْلًا ۝ [النساء:۱۴۲]

یعنی منافق جب نماز کو کھڑے ہوتے ہیں تو کھڑے ہوتے ہیں گراں جانی سے تھکے ماندے یعنی سست ہوتے ہیں۔ نماز میں دل کا لگاؤ نہیں ہوتا وہ لوگوں کو دکھاتے ہیں کہ ہم بھی مومن اور نمازی ہیں حالانکہ وہ دل سے خدا کو یاد نہیں کرتے مگر تھوڑا بدن سے وہ کفر و ایمان میں متحیر و متردد ہیں نہ اُدھر کے ہیں نہ اِدھر کے، یعنی اگر مومن خالص ہوتے اور صدقِ دل سے دھیان لگا کر سطوتِ جلال وعزِ جمال کے مقام میں کھڑے ہو کر نماز پڑھتے تو صادق مومنوں کی طرح غفرانِ الٰہی کا استحقاق پاتے اور اگر صرف کفر پر ہی رہتے اور اس کسل و ریاء تذبذب سے بھی نماز نہ پڑھتے تو قتل و اسر و نہیب غارتِ اسلام سے جانبر نہ ہوتے۔ سو اس قسم کے نمازیوں کو ان کے ظاہر حال نے قتل و غارت کئے جانے سے بچایا ورنہ حظوظِ اخروی سے ان کو کچھ نصیب نہیں، یہ لوگ نہ نماز میں ہیں، نہ اس کے ترک میں، تن نماز پڑھتا ہے دل کو کچھ خبر نہیں اور جس کو اللہ تعالیٰ گمراہ

Marfat.com

رہنے دے تو اس کے لئے ہر گز کوئی راہ نہ پاوے۔ اب مصلّی اپنی حالتِ نماز میں دھیان کرے کہ کسل و ریاء و قلّتِ ذکر و تذبذب سے ہے یا بشعور و ہمت و اشتیاقِ تمام و صدق و اخلاص و کمالِ تادب و کثرۃِ ذکر و اطمینان سے ہے، قلتِ ذکر عدمِ حضورِ قلب و قصورِ حفظ آداب ہے اور کثرتِ ذکر کمال و اتمام اس کا، پس اگر العیاذ باللہ بطرز اول ہے تو اس کی نماز منافقوں کی سی ہے اور منافقین بسبب ایسے ہی اعمالِ مستقبحہ کے سبب منافق کہلائے اور اگر بعض صفات میں اُن سے توافق ہے اور بعض میں تخالف تو بھی شعبہ شباہتِ نفاق سے متسم ہے، اس کے ازالہ کے درپے ہونا اس پر متحتمات سے ہے اور اگر بطریق ثانی ادائے صلوۃ پر موفق ہے تو بالتزام شکر واہب العطایا مشغول ہووے اور رفعِ نقائص کے لئے باستعانتِ الٰہی سعی کرے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

فَوَيۡلٌ لِّلۡمُصَلِّيۡنَ ○ الَّذِيۡنَ هُمۡ عَنۡ صَلَاتِهِمۡ سَاهُوۡنَ ○ الَّذِيۡنَ هُمۡ يُرَآءُوۡنَ ○ [الماعون:۴-۶]

وائے سخت عذاب ہے اُن نمازیوں کے لئے کہ وہ اپنی نماز سے بے خبر ہیں اور غافل ہیں دل کا دھیان لگا کر نہیں پڑھتے وہ تو لوگوں کو دکھاتے ہیں اُن میں اخلاص کہاں۔ اور فرمایا:

وَاسۡتَعِيۡنُوۡا بِالصَّبۡرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ وَ اِنَّهَا لَكَبِيۡرَةٌ اِلَّا عَلَى الۡخٰشِعِيۡنَ ○ [البقرۃ:۴۵]

یعنی خدا سے مدد مانگو، طاعتِ الٰہی پر صبر کرنے اور نماز پڑھنے سے اور نماز بے شک گراں و دشوار ہے مگر خاشعین پر گراں نہیں کہ وہ خود نماز سے رہ نہیں سکتے کہ ان کو اللہ تعالیٰ کی دہشت اور اس کے جلال کی ہیبت نے متواضع و عاجز کر دیا ہے اور ان کے نفوس بسبب تیقنِ وعدہ و وعید اطاعت کو مان کر اس پر مرتاض وعادت پذیر ہو گئے ہیں اور اس بار امانت کے ادا کرنے کو وہ خود غنیمت سمجھتے ہیں۔ نماز ان کی آنکھوں کی ٹھنڈک اور دل کی طمانینت ہے اور مظلماتِ اندوہ کی مزیل اور مقصود روح اور حضورِ خاص کا مجریٰ اور مذاقِ محبت کی چاشنی اور انشراحِ صدر کا وسیلہ اور سِرّ خفی کا کشف اور انسانیت کی معراج ہے۔ پھر ان پر کاہے کو دشوار ہو گی۔ حقیقت میں مومن یہی ہیں اور ان اربابِ حقیقت کی نماز حقیقی نماز ہے اور حق تعالیٰ نے فرمایا:

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ ؕ

کہ نمازی کو نماز گندے کاموں اور زِشت باتوں سے اور منہیات سے روکتی ہے سو یہ اخبار ہے یعنی خدا تعالیٰ تاثیرِ صلوٰۃ سے خبر دیتا ہے۔ چنانچہ حضرت ﷺ کے اصحاب سے ایک نوجوان انصاری، حضرت کے پیچھے جماعت سے نماز پڑھا کرتا تھا ایک دفعہ لوگوں نے حضرت کے پاس اس کا حال عرض کیا کہ حضرت کوئی گناہ ایسا نہیں کہ یہ جوان اس کا مباشر نہ ہوا ہو اور نہ کرتا ہو حضرت نے سن کر فرمایا "اِنَّ الصَّلٰوۃَ سَتَنْھٰی" یعنی قریب ہے کہ نماز اس کو گناہوں سے

Marfat.com

روک دے گی، تھوڑی دیر تک توفیقِ ربانی سے اس نوجوان کو توبہ نصیب ہو گئی اور عابد زاہد بن گیا پھر کسی گناہ کی طرف دھیان نہ لگایا۔ اور حضرت انس بن مالک (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو اس کی نماز فحشاء و منکر سے نہ روکے اس کو اس نماز سے کچھ حاصل نہیں مگر بُعد و دُوری یعنی قُربِ بساطِ عزت تو در کنار نہ پڑھنے کی حالت سے بڑھ کر دوری و مہجوری کے درد و رنج میں پڑا یہ اس لئے ہے کہ حقیقت میں اس نے دل لگا کر نماز ہی نہیں پڑھی اور اگر پڑھتا تو ضرور اس کا اثر ظہور پاتا۔ سو یہی بے رغبتی اور ناقدر دانی سے اس عالی رتبت عمل کی خوبی کو ضایع کرنا باعثِ دُوری و موجبِ مہجوری ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَ مَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ حُنَفَآءَ وَ يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَ ذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ [البینۃ:۵]

مطلب یہ کہ لوگوں کو فقط یہی امر کیا گیا ہے کہ خدائے تعالیٰ کی بندگی کریں اخلاص سے باطلہ عقاید و وساوس سے رخ پھیرتے ہوئے اور اوقاتِ مختصہ پر بالتزامِ شرائطِ اخلاص نماز ادا کریں اور اپنے وقت پر زکوۃ دیویں سو یہی سچا اور مضبوط دین ہے اور فرمایا:

اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ

یعنی خبردار رہو کہ اللہ کے لئے دین خالص ہے۔

جس میں کچھ رلاؤ ملاؤ نہ ہو از قسم ریا وغیرہ اور ظاہر باطن خلوص و کامل توجہ سے جھکے ہوں اور فروتنی و عجز وخوف سے صاحبِ عبادت متاثر ہو تو ثمرۂ تدیّن سے بہرہ ور ہووے چنانچہ قرآن میں ہے:

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ○ ...

الخ" الآیۃ[المؤمنون:۱تا۲]

بے شک رہائی پاگئے اور کامیاب ہوئے وہ مومن کہ وہ اپنی نماز میں خشوع کرتے ہیں۔

خشوع سے مراد ہے اللہ تعالیٰ کے جلال و کبریاء سے ڈرنا اور اپنے عجز وعدم استطاعتِ ادائے حقِ منعمِ حقیقی کے ملاحظہ سے شرم کرنا اور حُب و اخلاص و استرضاء مولیٰ میں اپنی ہستی کا خیال چھوڑ دینا اور جمیع ماسوی اللہ سے تعلق توڑ دینا اور باطن کے ہواجس وخواطر کا ہٹانا اور مشاہدۂ استغراقِ حضور مین اپنے آپ کو نہ پانا اور سب محامد و محاسن کا مرجع بارگاہِ عزوجلال کو جاننا اور کسی خوبی کے اتصاف سے اپنی ذات کو متصف نہ پہچاننا کما صرح به المحققون پس جس نے نماز میں نعمتِ خشوع کو پایا انسانیت کے محاسن کا جامع ہوا اور تاثیر صلوۃ سے اس کی روحانیت کا نور لامع ہوا۔ ذمایمِ اخلاقیہ سے پاک وصاف ہوا اور اس کا مکارمِ اخلاق سے اتصاف ہوا برقِ لامعۂ ہستی سوزِ تعشق نے اس کی خرمنِ انانیت کو جلایا اس نے وعدۂ فردا کو نقد الحال پایا پھر اس کا حال عبارات و اشارات کے اظہار سے بھی

Marfat.com

گزرا اللهم ارزقناها و لاخواننا دیکھو اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مومنوں کی رستگاری کو بوجوہ خشوع فی الصلوۃ مقید فرمایا سو جن اربابِ اصول کے قاعدہ میں غیر مقید کو مقید پر محمول کیا جاتا ہے جہاں ذکرِ صلوۃ جس سے استفادہ فلاح منظور ہے غیر مقید پایا جاوے لابد محمول بمقید ہو گا اور ان کے غیر کے نزدیک بھی ضرورتِ التزام بہ تخشع فی الصلوۃ خود ناظر تقید مواضع غیر مقید ہے بالجملہ باتفاق نمازِ بے خشوع شایانِ حجت نہیں فضل و رحمتِ الٰہی مامن ہر ناشائستہ کار بے شک مصلی ساہی ولاہی کو اس کے اصل فایدہ سے بہرہ نہیں الا ماشاء اللہ و مطلوبنا عفوہ اللهم ارنا حقایق الاشیاء کما ھی صلوٰۃ اصل اصول عبادات ہے اور عبادت شامل ہے طاعت و دعاء و توحید و معرفت کو اور طاعت کو شمول ہے ظاہر و باطن سے پس اگر ظاہر مطابق بمافی الباطن ہے اور باطن مصدق و محقق ظاہر تو طاعت ہے ورنہ تلمع اور تلمیع سے جیاد نقاد کو فریب دیا جانا ممکن نہیں دعاء اور توحید و معرفت معلوم ہے کہ فقط عمل بالجوارح نہیں مدارجِ عبادت و عبودیت و عبودۃ کے صلوۃ حاوی ہے جو کہ آیۃ

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ [الذاریات:۵۶]

کے کلمۂ اخیر کی تفسیر بای لیعرفون کرتے ہیں تو مراد ہے کہ ان سب مراتب کا استیعاب ہو کیونکہ معرفت خود مستلزمِ اقسامِ عبادت ہے پس اصل عبادت عمل روح ہے جب تعبد میں یہی مفقود ہے تو یہ نمود بے بود ہے یعبدون کی

Marfat.com

تفسیر یعرفون سے نکلا کہ عبادت اور معرفت حقیقت میں شے واحد ہے جو وہ معرفت نہ ہو گی تو عبادت بھی نہ ہو گی حدیث شریف میں وارد ہے:

اِنَّ اللّٰهَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِكُمْ وَ اَعْمَالِكُمْ وَلٰكِنْ یَنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِكُمْ وَ نِیَاتِكُمْ

اللہ تعالیٰ فقط تمہاری صورتوں اور تمہارے عملوں کو نہیں دیکھتا و لیکن تمہارے دلوں اور نیتوں کو دیکھتا ہے۔

یعنی اگر اعمالِ صوری دل کے خلوصِ نیت سے ہیں تو مقبول ہیں ورنہ نہیں پس ظاہر عمل کا اعتبار نہ ہوا عملِ ظاہری جبھی قبول ہو گا کہ دل اور نیت بھی توافق رکھیں جب دل اِدھر اُدھر پھرتا ہے اور بدن سے نماز پڑھتا رہا تو بدلالت حدیث یہ نماز قابل قبول نہ ہو گی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَا یَقْبَلُ اللّٰهُ صَلٰوةَ اِمْرِیءٍ لَّا یَشْهَدُ فِیْهَا قَلْبُه كَمَا یَشْهَدُ بَدَنُهٗ

اللہ تعالیٰ اس شخص کی نماز قبول نہیں کرتا کہ نماز میں اس کا دل حاضر نہ ہووے جیسا اس کا بدن حاضر ہے۔

وَ اَنَّ الرَّجُلَ عَلَى الصَّلٰوةِ دَائِمٌ وَ لَا یُكْتَبُ لَهٗ عُشْرُهَا اِذَا كَانَ قَلْبُهٗ سَاهِیًا لَّاهِیاً

بے شک شخص ہمیشہ نماز پڑھتا ہے حال آنکہ اس کے لئے نامۂ اعمال میں

Marfat.com

نماز کے دسویں حصے کا بھی ثواب نہیں لکھا جاتا جبکہ اس کا دل ساہی ولا ہی ہے۔

اور فرمایا:

لَاصَلٰوۃَ اِلَّا بِحُضُوْرِ الْقَلْبِ

یعنی دل کے حضور بغیر نماز نہیں ہوتی۔

جو کہ اس کی تفسیر میں کہا جاتا ہے کہ یہاں اصل صلوۃ کی نفی نہیں بلکہ نفیِ کمال ہے قائل سے پوچھا جاتا ہے کہ کس درجہ کے کمال کی نفی کرتا ہے پس اگر کہے کہ ما بہ الامر ادا ہوا فضیلت سے بے بہرہ رہا تو اسکا ثبوت بذمۂ قایل ہے صلوۃ سے مقصود ادائے ما بہ الامر ہے سو اس کے عین پر نفی واقع ہوئی ہے نہ اس کی صفت اضافی پر۔

اور حضرت نے یہ بھی فرمایا ہے کہ کئی لوگوں کو نماز سے رنج اور دکھ کے سوا کچھ بہرہ نہیں۔ پھر یہاں ما بہ الامر ادا ہو گیا تو اس کا بہرہ رنج اور دکھ کیوں ہے پس اگر کہا جاوے کہ یہ منافقوں کے حق میں ہے تو اس تخصیص کا ثبوت بھی قائل پر ہے۔ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ بدون خشوع نماز بالکل جائز نہیں اور حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جس نماز میں دل حاضر نہووے وہ عقوبت سے بہت نزدیک ہے جواز و عدم جواز تو درکنار بدلیل آنکہ ایک بندہ مالک کی خدمت میں مطلقاً حاضر ہی نہیں ہوا اور اپنے مقصر رہنے پر نادم ہے اور ایک بندہ حاضر تو ہوا مگر صدق و اعتقاد سے خدمت گزاری نہ کی اور تعمیلِ حکم پر دھیان

نہیں کیا اور اپنے مالک کی سیاست و سطوتِ جلال سے دبا نہیں اور اس کی عظمت و کبریاء پر نظر نہ کی اور اس کے ترحم و اکرام کی قدر دانی سے غافل رہا اور اصل خدمت و مقصود کار گزاری کی حقیقت کو نہ پایا پھر بدین ناشائستہ کاری اپنے آپ کو حق گزار تصور کیا شاید ایسے حاضر غافل پر غیر حاضر نادم کی نسبت تشدد زیادہ ہو اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکۡرِیۡ" [طٰہٰ:١٤] میری یاد کرنے کو نماز قایم کر سو نماز سے مقصود یاد کرد ایزدی ہے جب اسی سے رہ گیا تو پھر نماز کاہے کی۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نمازی کا التفات اتنا ہو کہ اپنے دائیں بائیں کے آدمی کو جانچے اور پہچانے تو اس کی نماز نہیں ہوتی سمجھنے والے کو تو ان آیات و احادیث و اقوال مشائخ سے ایک بھی کافی ہے اور جو شخص اطاعتِ نفس میں سرگرداں ہے وہ کبھی سمجھنے کا نہیں بلکہ الٹا تاویلاتِ رکیکہ سے ردو قدح کے درپے ہو گا اور کہے گا کہ ائمۂ دین کا فتویٰ ہے کہ جب شروع نماز میں بوقتِ نیت مصلی کا دل حاضر ہووے تو اس کی نماز درست ہے خواہ باقی نماز میں ہو نہ ہو سو در صورۃِ تسلیم معترض سوچے کہ احادیث سے نمازیوں کا حال مختلف وجوہ پر پایا جاتا ہے بعض کی نماز فقط بُعد و دوری کا موجب ہے جیسا پیچھے مذکور ہوا اور بعض کو فقط حرمان اور اس پر مشقتِ ادائے صلوۃ مستزاد اور بعض احادیث میں ہے کہ نمازی نماز کے چھٹے دسویں حصے وغیرہ کا ثواب پاتا ہے سو اس سے دلالۃً متبادر یہی ہے کہ اصل نماز میں بسببِ قصورِ حضور فساد لازم نہیں آتا جب نیت کے وقت

Marfat.com

نماز کے دسویں حصے کا بھی ثواب نہیں لکھا جاتا جبکہ اس کا دل ساہی والا ہی ہے۔

اور فرمایا:

لَاصَلٰوۃَ اِلَّا بِحُضُوْرِ الْقَلْبِ

یعنی دل کے حضور بغیر نماز نہیں ہوتی۔

جو کہ اس کی تفسیر میں کہا جاتا ہے کہ یہاں اصل صلوۃ کی نفی نہیں بلکہ نفیِ کمال ہے قائل سے پوچھا جاتا ہے کہ کس درجہ کے کمال کی نفی کرتا ہے پس اگر کہے کہ مابہ الامر ادا ہوا فضیلت سے بے بہرہ رہا تو اسکا ثبوت بذمۂ قایل ہے صلوۃ سے مقصود ادائے مابہ الامر ہے سو اس کے عین پر نفی واقع ہوئی ہے نہ اس کی صفت اضافی پر۔

اور حضرت نے یہ بھی فرمایاہے کہ کئی لوگوں کو نماز سے رنج اور دکھ کے سوا کچھ بہرہ نہیں۔ پھر یہاں مابہ الامر ادا ہو گیا تو اس کا بہرہ رنج اور دکھ کیوں ہے پس اگر کہا جاوے کہ یہ منافقوں کے حق میں ہے تو اس تخصیص کا ثبوت بھی قائل پر ہے۔ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ بدون خشوع نماز بالکل جائز نہیں اور حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جس نماز میں دل حاضر نہووے وہ عقوبت سے بہت نزدیک ہے جواز و عدم جواز تو درکنار بدلیل آنکہ ایک بندہ مالک کی خدمت میں مطلقاً حاضر ہی نہیں ہوا اور اپنے مقصر رہنے پر نادم ہے اور ایک بندہ حاضر تو ہوا مگر صدق و اعتقاد سے خدمت گزاری نہ کی اور تعمیلِ حکم پر دھیان

نہیں کیا اور اپنے مالک کی سیاست وسطوتِ جلال سے دبا نہیں اور اس کی عظمت و کبریاء پر نظر نہ کی اور اس کے ترحم و اکرام کی قدر دانی سے غافل رہا اور اصل خدمت و مقصود کار گزاری کی حقیقت کو نہ پایا پھر بدین ناشائستہ کاری اپنے آپ کو حق گزار تصور کیا شاید ایسے حاضر غافل پر غیر حاضر نادم کی نسبت تشدد زیادہ ہو اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِذِکۡرِیۡ" [طٰہٰ:۱۴] میری یاد کرنے کو نماز قایم کر سو نماز سے مقصود یاد کرد ایزدی ہے جب اسی سے رہ گیا تو پھر نماز کاہے کی۔ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نمازی کا التفات اتنا ہو کہ اپنے دائیں بائیں کے آدمی کو جانچے اور پہچانے تو اس کی نماز نہیں ہوتی سمجھنے والے کو تو ان آیات واحادیث واقوال مشائخ سے ایک بھی کافی ہے اور جو شخص اطاعتِ نفس میں سرگرداں ہے وہ کبھی سمجھنے کا نہیں بلکہ الٹا تاویلاتِ رکیکہ سے رد و قدح کے درپے ہوگا اور کہے گا کہ ائمۂ دین کا فتوی ہے کہ جب شروع نماز میں بوقتِ نیت مصلی کا دل حاضر ہووے تو اس کی نماز درست ہے خواہ باقی نماز میں ہو نہو سو در صورۃِ تسلیم معترض سوچے کہ احادیث سے نمازیوں کا حال مختلف وجوہ پر پایا جاتا ہے بعض کی نماز فقط بُعد و دوری کا موجب ہے جیسا پیچھے مذکور ہوا اور بعض کو فقط حرمان اور اس پر مشقتِ ادائے صلوۃ مستزاد اور بعض احادیث میں ہے کہ نمازی نماز کے چھٹے دسویں حصے وغیرہ کا ثواب پاتا ہے سو اس سے دلالۃً متبادر یہی ہے کہ اصل نماز میں بسببِ قصورِ حضور فساد لازم نہیں آتا جب نیت کے وقت

حضور دل ہو بلکہ جتنی نماز میں دل حاضر رہا اتنی ہوئی باقی نہیں۔ سو دیکھ تجھ کو ساری نماز پڑھنے کا امر کیا گیا ہے یا اس کے بعض حصہ کا۔ افسوس نماز کی بہشت کا دروازہ دیکھا اور بیچ میں داخل نہ ہوا پھر اپنا نام بہشتی رکھ لیا پھر یہ بھی ہے کہ جن کے دل نماز میں اِدھر اُدھر اُڑے پھرتے ہیں اُن کو بوقت نیت بھی حضور کامل کہاں نصیب ہوتا ہے امام حجۃ الاسلام فرماتے ہیں کہ جن کو نماز میں حضور حاصل نہیں ان کو اپنی نماز سے فقط یہ فائدہ ہوا کہ ان کی گردنیں تیغ سیاستِ اسلام سے بچ گئیں اور اسر ونہیب وغارت سے ان کی جان ومال محفوظ رہے اور یہ نماز شایانِ زادِ عاقبت نہیں اور بموجب اخبار الٰہی جس کو نماز نے فحشاء ومنکر سے روکا نہیں اور صدق واخلاصِ دل سے اس کو حق کی طرف جھکایا نہیں اس نے حقیقت میں نماز پڑھی ہی نہیں۔

انتہا دیکھو مومن مصدق ومنافق مکذب کی نماز کا ظاہر ایک سا ہے اور ازروئے نفاذِ احکامِ اسلام دار العمل میں دونوں برابر ہیں پس اکتفاء بصورۃ کب معتبر ہے جب ساہی کی نماز کے لئے ثمرہ ویل ہے تو اس میں خوبی کیا جب ہر نماز میں ایمان کے اقرار وتصدیق کی بار بار تجدید ہوتی رہے گی تو بفضلِ الٰہی حسنِ انجام کی امید ہے خیال کرنا چاہئے ساری نماز سے فقط بوقتِ نیت حضورِ دل پر اکتفا کیا جاوے تو باقی اذکار وافعال کہاں گئے کیا ان اذکار وافعال میں کچھ ہے بھی کہ نہیں نفی ممکن نہیں اثبات کا قائل ہے تو کیا دل کا اثبات اس پر ضروری نہیں سمجھتا

Marfat.com

خشوع و خضوع سے تو دو ہی رکعت کا دھیان لگا کر پڑھنا گناہوں کو مٹاتا ہے چنانچہ مشکوۃ شریف میں ہے کہ حضرت ﷺ نے فرمایا: جو کوئی دو رکعتیں پڑھے اور ان میں غفلت نہ کرے تو خدائے تعالیٰ اس کے سب پچھلے گناہ بخش دے اور حدیث کے الفاظ یہ ہیں:

مَنْ صَلّٰی سَجْدَتَیْنِ لَا یَسْھُوْ فِیْھِمَا غَفَرَ اللّٰہُ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ

حضرت عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ تفکر سے دو رکعت کا پڑھنا بہتر ہے ساری رات کے قیام سے کہ غفلت سے ہو شاید بعض مؤوّل کہے کہ

وَ اِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ اَوْ تُخْفُوْہُ یُحَاسِبْکُمْ بِہِ اللّٰہُ

[البقرۃ:۲۸۴]

کا نزول لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَھَا [البقرۃ:۲۸۶] کے نزول سے نسخ ہو چکا ہے اور کسر حالتِ استغراق، محادثاتِ نفسی سے ہے اور محادثۂ نفسی کا سلسلہ علی الانقطاع رکتا نہیں سو ساری نماز میں حضورِ دل کا نگاہ رکھنا امکانِ بشریہ سے خارج ہے اور انسان اپنی طاقت تک مامور ہے پھر کیا نماز پڑھنا ہی چھوڑ دیوے۔ سو اے معترض مؤوّل! اول تو نسخ اخبار میں کلام ہے اس پر اگر تو یہ کہے کہ سنن ترمذی میں ہے کہ ابو عیسی ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

حَدَّثَنَا عَبْدُ ابْنُ حُمَیْدِ نَا عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ مُوْسٰی عَنْ اِسْرَائِیْلَ عَنِ السُّدِّیِ

Marfat.com

قَالَ ثنی مَنْ سَمِعَ عَلِیًّا یَقُوْلُ: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ (اِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ یُحَاسِبْکُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ) الایة اَحْزَنَتْنَا قَالَ قُلْنَا یُحَدِّثُ اَحَدُنَا نَفْسَهٗ فَیُحَاسَبُ بِهٖ لَا یَدْرِیْ مَا یُغْفَرُ مِنْهُ وَ مَالَا یُغْفَرُ مِنْهُ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰیَةُ بَعْدَهَا فَنَسَخَتْهَا (لَا یُکَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا کَسَبَتْ وَعَلَیْهَا مَا اکْتَسَبَتْ ؕ)[البقرۃ:۲۸۶]

اے ماول یہ وہ نسخ نہیں کہ تو مراد رکھتا ہے کما ستنبہ عنقریب اس میں اور اس کے مابعد کی دونوں حدیث میں غور کر کہ ان کی عبارت یہی ہے:

حدثنا عبد بن حمید نا الحسن بن موسی و روح بن عُبادة عن حماد بن سلمة عن علی بن زید عن امیة اَنَّهَا سَاَلَتْ عَایِشَةَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَ تَعَالٰی (اِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ یُحَاسِبْکُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ) [البقرۃ:۲۸۴] وَ عَنْ قَوْلِهٖ (مَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا یُّجْزَ بِهٖ ۙ) فَقَالَتْ: مَا سَاَلَنِیْ عَنْهَا اَحَدٌ مُنْذُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهِ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هٰذِهٖ مُعَاتَبَةُ اللّٰهِ[1]

---

(1)...معاتبة الله اي مواخذته بما اصابه من الذنب بما يصيبه في الدنيا من الحمّٰى وغيرها.۱۲

الْعَبْدَ بِمَا يُصِيبُهُ مِنَ الْحمى وَالنَّكْبَةِ[1] حَتَّى الْبِضَاعَةُ يَضَعُهَا فِي يَدِ قَمِيصِهٖ[2] فَيَفْقِدُهَا[3] فَيَفْزَعُ لَهَا حَتّٰى اِنَّ الْعَبْدَ لَيَخْرُجُ مِنْ ذُنُوبِهٖ كَمَا يَخْرُجُ التِّبْرُ[4] الْاَحْمَرُ مِنَ الْكِيْرِ۔

هذا حديث حسن غريب من حديث عايشة لا نعرفه الا من حديث حماد بن سلمة حدثنا محمود بن غيلان نا وكيع نا سفيان عن آدم بن سليمان عن سعيد بن جبير عن ابن عباس قال: لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (اِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ) دَخَلَ قُلُوْبَهُمْ مِنْهُ شَيْءٌ لَمْ يَدْخُلْ مِنْ شَيْءٍ فَقَالُوْا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قُوْلُوْا: سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا فَاَلْقَى اللّٰهُ الْاِيْمَانَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: (اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ [البقرة:۲۸۵]) إلى الاية: (لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ

---

(1)...النكبة هي ما يصيب الانسان من الحوادث۔

(2)...يد قميصه اى كم قميصه۔

(3)...گم كند۔

(4)...التبر هو الذهب و الفضة قبل ان يُضر با دراهم و دنانير فاذا ضربا كان عيناً۔

Marfat.com

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا) قال قد فعلت[1](رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا) قال قد فعلت[2](رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟ [البقرة:۲۸۶]) الاية قال قد فعلت[3]هذا حديث حسن صحيح و قد روی هذا من غير هذا الوجه عن ابن عباس و فی الباب عن ابی هريرة و ادم بن سليمان يقال هو والد يحيی بن ادم انتهی کلامه بلا نقص و زيادة و لو کان فيها ما لا مطلوب لهذا المقام لِاَنْ تعلم ما المراد من نسخها و لم يسقط قطعة من العبارات لئلا تقول ان الناقل قد نقل البعض و ترك البعض

اس سے اگر تو نے تکلیف مالایطاق کا نسخ نکالا ہے تو وہ خود پہلے ہی سے مکلفین پر لازم نہیں تھی بے شک بندہ اپنی طاقت تک مامور ہے طاقت سے بڑھ کر کچھ نہیں کر سکتا اور جہاں تک کر سکتا ہے وہ اس کی وسع میں داخل ہے بات تو یہی ہے

(1)...ای لاؤاخذکم۔

(2)...ای لااحملکم۔

(3)...ای عفوت عنکم وغفرت لکم ورحمتکم ونصرتکم علی القوم الکافرین۔

Marfat.com

کہ صحابہ کرام کہ مغلوب مواردِ احکامِ وحی ہیں مغلوب الخوف ہونے کے سبب اپنی کل مخفیات پر پوچھے جانے اور معذب ہونے سے ڈر گئے ان کے اطمینان کو اگلی آیت میں پہلی آیت کے بعض امر مبہم کی تفسیر فرمائی گئی جس سے ان کے اندوہ کٹ گئے بحکم النظرۃ الاولی لک و الاخری علیک جان گئے کہ دل میں جب کوئی امر مخطور خطور کرے بندہ کو چاہئے کہ اس خیالِ باطل کو دور کرے ایسا نہ ہو کہ اس خیال کی دل میں تصویر باندھ کر اسی میں الجھا رہے اور اگر ایسا کرے گا تو بیشک مؤاخذہ کے قابل ہے خواہ غفورٌ رّحیم اپنے فضل سے عفو فرماوے پس اس تفسیر سے ان کے دلوں کے اندوہ کا نسخ ہوا اور جو کہ حدیثِ عایشہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) میں جس کی امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ تحسین کرتے ہیں اس پر معاتبۃ اللہ کا ذکر نسخ کا نصوص نسخ اخبار ماتقدم سے ان کا ابا کرتا ہے اور وہی معاتبۃ اللہ جزا ہے خواہ دنیا ہی میں حمیٰ و نکبت و فقدان بضاعت وغیرہ کے فزع کی کٹھالی میں کندن ہو نکلے اور مدلول و مفہومِ حدیث ابن عباس سے ظاہر ہے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین پر جب محاسبہ خفایائے باطنیہ شاق گذرا تو نہایت اندوہ میں مضطرب ہو کر پیشگاہِ نبوت میں عرض کیا پھر جب بارشادِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم صدقِ قبولِ دل سے سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا کہا پر ثبات کیا اور از روئے عدالت خفایائے سرایر کے محاسبہ کو حق مانا تو باستحکامِ ایمان و متانتِ ایقان قابلِ رضوانِ رحمٰن ہوئے کہ حق تعالیٰ نے ان کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اخبار منزل پر ایمان لانا بیان فرمایا گویا ان کی مدح کی اور

یہ تفسیر لَا یُکَلِّفُ اللّٰه سے بہ تفسیرِ تام ان کے اندوہ اضطراب کا ازالہ فرمایا اور مکتسبات کی جزاء سے دوہرا کر خبر دی اور طریق دعاءِ تلقین کیا اور اس دعاء کی تاثیر سے بزبانِ رسالت خبر دی کہ اے بندگانِ درگاہ جب تم نے صدقِ دل سے پکارا: رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا الایة تو میں نے ایسا ہی کیا اور تمہاری التجا کو مان لیا نسیان وخطاء پر در گزر کی چونکہ حاکم علی الاطلاق پر حکم نہیں اور اس کے احکام میں کسی کو تنازع و تمانع کا دخل نہیں جو چاہے حکم کرے خواہ وہ حکم نہایت شاق ہو جیسے بعض احکام پہلی امتوں پر تھے خواہ تکالیف مالایطاق سے ہو لیکن میں نے تمہارے عجز پر رحم کیا اور امم ماضیہ کے برابر بھاری بوجھ اٹھانے کی تکلیف سے بچایا اور جس کے اٹھانے کی تم میں طاقت نہ ہو وہ بدرجہ اَولیٰ معاف ہے اب دیکھ اس سے کہاں نکلا ہے کہ مصلی بحالت صلوۃ ہوا جس نفسانی کے انہماک میں مزے لے لے کر محادثۂ نفس میں اشتغال رکھتا ہے پھر اس کو گرفت نہیں اور بے شبہ اس کی نماز قبول ہے البتہ قریب بانصاف تو یہ ہے کہ کہا جاوے کہ نماز میں جب کوئی خطرہ گزرے تو ہیبتِ جبار و رحمتِ غفار کے مقابلہ میں اس کو ناچیز کرے اور خلوصِ توجہ سے مستعین بحق ہو کر طے منزل مقصودہ میں ثابت قدم رہے واگر خواطر علی التواتر و التوالی غلبہ کرتے رہیں تو یہ بھی اس سے اعراض کرتا رہے اور احکم الحاکمین کے جلال و کبریاء سے ڈرتا رہے پس اگر ایمن ہو جاوے گا اور اپنے آپ کو اس میں معذورِ مطلق سمجھے گا اور کھلم کھلا تلاطم خطرات میں تیرتا رہے گا اور بقدرِ

Marfat.com

وسع خیالاتِ غیر مقصودہ کو نہیں روکے گا تو بڑا گستاخ ہے کہ اس دربارِ اقدس میں
ایسے غیر مودبانہ برتاؤ سے شرماتا نہیں بلکہ برعکس اس کے تسویلاتِ نفس سے
باثباتِ تاویلات مغرور ہوتا ہے کیا انجان حاکم کی پیشگاہ میں کارگزاری کر رہا ہے
کیا اس کا معبود علام الغیوب نہیں اس کے ضمائر و سرائر کو نہیں جانتا یا اس کے باطن
کی نسبت ظاہر پر معبود کی توجہ زیادہ ہے کہ غالباً ظاہر کو سیدھا رکھتا ہے اور باطن کی
کجروی کا مضائقہ نہیں رکھتا مأول کی راستبازی میں اس خیال باطل نے فتور ڈالا ہے
کہ رفعِ خطرات کو محالات سے قرار دیتا ہے حال آنکہ یہ امر تکلیف مالا یطاق کی
جنس سے نہیں کیونکہ بامدادِ الٰہی رفعِ خطرات کا ملکہ حاصل کر کے بتدریج محویتِ
تامہ کے مرتبہ کو پہنچنا امکان رکھتا ہے البتہ یکبارگی یہ مرتبہ پانا نادر ہے بے شک
مأول اپنے زعم سے ناقص ٹھکانے میں اڑا رہے گا ترقی کی امید مفقود ہے اور مستعد
عالی ہمت روز بروز بہ تصفیۂ باطن و تزکیۂ نفس فائز بمقصود ہوگا انہیں والا ہمتوں سے
بعض حضرات کا ذکر کہ بروزِ قتالِ اعداء موقع دیکھ کر نماز پڑھنے لگے تو عین
محویت واستغراق خاصہ کی حالت میں ان کے ٹخنے پر ایک ایسا تیر کاری بیٹھا کہ ہڈی
میں دھنس گیا پاس والوں نے بخوف آنکہ پیکان کا زہر افسادِ طبیعت میں اسرع
التاثیر نہ ہو تیر کو ٹخنے سے بقوتِ شدید نکالا اور ان کو خبر نہ ہوئی بعد تحلیل و فراغِ
صلوۃ باحساس الم ٹخنے کو دیکھا تو لہو چلتا دیکھ کر بولے کہ مجھے کیا ہوا پاس والوں نے
عرض کیا کہ کیا حضرت آپ تیر کے لگنے اور نکالا جانے سے بے خبر ہیں فرمایا واللہ

Marfat.com

مجھے کوئی خبر نہیں میں تو نماز میں تھا اور بعض حضرت مجی آگ میں جلتے حجرے سے دوڑتے ہوئے باہر نکلے تو لوگوں نے عرض کیا کہ کیا جناب آپ اب تک اندر ہی تھے حجرہ تو دیر سے جلتا ہے خدا کا شکر آپ جلنے سے بچے فرمایا کہ اللہ کی قسم مجھ کو اس آگ کی قبل از سلامِ نماز خبر ہی نہیں ہوئی البتہ بعد تحلیل سینک کی تیزی نہ سہار سکا اور بامدادِ الٰہی زندہ باہر نکلا ہوں دیکھو ابھی تک مأول اس سے بہت نیچے رتبہ کے استغراق کو محال یقین کرتا ہے اور مردانِ خدا عالی ہمت بتوفیقِ الٰہی بالتزامِ ادب و خشوع اس پایۂ بلند کو پہنچے ہیں اے طالبِ صدق و صفا و اے شائقِ اقتدائے مردانِ خدا تو دم بدم قدم بقدم تحصیلِ ملکۂ صفا میں سعی کئے جا اور حالتِ قبض و بسط میں بالتزامِ صبر و شکر طلبِ صادق سے ہاتھ مت ہٹا احیاناً تو رفعِ وساوس میں مجبور بھی پڑ جائے تو ارحم الراحمین کے عفو و کرم سے امیدِ واثق ہے کہ تجھے معذور کہا جاوے مگر تو مجاہدہ میں ڈھیلا مت ہو کہ موافق وعدۂ وَالَّذِيْنَ جٰهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا [العنکبوت:۶۹] تجھ کو بُلا لیں گے اور بارگاہِ بے نیازی سے تجھے قبولِ نیاز مندی کی بشارت دیں گے اور خالی ہاتھ نہ پھیریں گے۔ اے نفس کے دھوکے میں پڑے مغلوب الخطرات مصلی تیرا حفظِ ادب کا وضو ٹوٹا ہے اور تو بعزمِ تجدیدِ طہارت مستعد نہیں کہ تیری نماز کی بناء درست ہو اور حتماً تجھے نمازی کہا جاوے تو پھر اس نماز پر نازاں ہے تمثیلاً بیان کیا جاتا ہے کہ ایک اہلِ حاجت شاہنشاہِ عالیجاہ کی پیشگاہ میں مؤدب کھڑا اپنی حاجات عرض کر رہا ہو اور

Marfat.com

شاہنشاہ بالتفاتِ کریمانہ اس کی معروضات پر دھیان لگا رہا ہو اس وقت اس بیچارے کو پیٹ کی ریح کا تقاضا لاحق ہووے تو پھر یہ سمٹتا اور دم چڑھاتا ہے اور چاہتا ہے کہ یہ تقاضا رک جاوے مگر بحالتِ مجبوری اس کی ریح کا خروج باآواز ہو گیا یہ اُس وقت عرقِ تشویر میں ڈوبا جاتا ہے اور شرم کے مارے چہرے کا رنگ فق ہو گیا اور خجلت کے دباؤ سے قریب ہے کہ زمین کا تختہ غرق ہو جائے تو یہ اس میں غرق ہو جائے حیا کے مارے آنکھ نہیں اٹھاتا مگر شاہنشاہ نے جانا کہ اس سے جو کچھ صادر ہوا یہ اُس میں معذور ہے اور پاسِ ادب سے نہیں گزرا اس کی رفع قلق کے لئے جتلایا جاتا ہے کہ اے مسکین تو اپنے امر میں معذور ہے اور تیرے حال پر در گزر ہے بے کھٹکا اپنا مدعا عرض کئے جا تیرے اس قصور کے سبب مراحمِ شاہانہ سے کچھ کم نہ ہو گا۔

خیر اس نے بہر تقدیر اپنا مقصود عرض کیا اور کامیاب ہوا پھر ایسا ہی ایک اور محتاج بناء بر عرضِ حاجات حاضری کے مقام میں کھڑا ہوا عین عرضِ مدعا میں اس سے بھی وہی کچھ صادر ہوا کہ پہلے شخص سے ہوا تھا مگر اس کو معلوم تھا کہ اس امر پر مجھ سے پہلے پر کوئی الزام وارد نہیں ہوا اس لئے یہ نہ شرمایا اور نہ اپنی اس خطا کو سوءِ ادب سمجھا اپنا مقصود عرض کئے گیا اور قصورِ مصدرہ کا مضایقہ نہ جانا شاہنشاہ نے بسبب وقار شاہانہ اس کی اس رذالت کو اس پر جتارا تو نہ مگر اس کو صلاحیتِ حضورِ بارگاہ سے بعید سمجھا تیسرا اور محتاج اپنی عرضِ حال کو کھڑا ہوا تو

Marfat.com

اس کو بھی تقاضائے ریح محسوس ہوا پہلے دونوں ساتھیوں کا حال جانتا تھا عدم مؤاخذہ نے اس کو بقدرے گستاخ کر دیا کچھ تو اسے تقاضا کی بھی شدت نہ تھی باختیار روکتا تو روک سکتا تھا مگر کچھ پروانہ کی اور یہی باختیارِ خود گستاخانہ ریح کو بزور چھوڑ دیا اور پیچھے سے اپنی سفاہت کے سبب ہنس پڑا اس کا فعل نہایت ناگوار ہوا بے شک اس کو جلالِ شاہنشاہی کی سیاست سے کچلا جائے گا اور اس کے سوءِ ادب پر اس کو تعزیر لگے گی اور دربار سے نکلوایا جائے گا اور اس کی کامروائی پر التفات نہ فرمائی جائے گی سو اہل خطرات نمازیوں کے حالات کو اس پر قیاس کرو کہ ان میں سے کون قابلِ عفو ہے اور کون گستاخ ہے اور کس پر تعزیر واجب ہے پہلا جو شخص اپنی اصلاح کا ارادہ ہی نہیں رکھتا اور سمجھائے پر بمصداقیت یُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا قبولِ ہدایت سے اعراض کر کے کہتا ہے کیا ہم نماز چھوڑ دیں اور بایں ہمہ بے سرو سامانی اپنی ظاہری کارگزاری سے حق پر منت رکھتا ہے تو اس کے عمل میں امید خیر کیا ہو گی استکبار طبعی دیکھو تو کسی کو اپنے سامنے ذرا بے ادب دیکھے تو پیٹ چاک کرنے کو تیار ہوتا ہے اور اپنے مالک کے سامنے خود بے ادبی سے پیش آتا ہے پھر اپنے پر تعزیر لگاتا نہیں اور ریاضت کے تازیانہ سے اپنے نفس بدلگام کو ادب نہیں کرتا کیسا انصاف سے گزرا ہوا ہے لیتا ہے تو زیادہ تولتا ہے، دیتا ہے تو کم دیتا ہے: وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ [المطففین:۱] زبان سے ہی پڑھتا ہے گلے سے نیچے نہیں اترنے دیتا اَللّٰهُمَّ اهْدِنَا بِفَضْلِكَ کسی کوتاہ اندیش کو جنابِ فاروقِ اکبر کا بحالت

Marfat.com

صلوۃ نصبِ اعلامِ جنود اسلام تذبذب میں نہ ڈالے کہ وہ تشغلِ دل بِمَاسِوَی اللہ کی قسم سے نہیں بلکہ یہ کشفِ اتم کا نتیجہ ہے کہ عین استغراقِ شہودِ خاصہ میں ان کی قوائے مدبرہ کے سامنے یہ پیرایۂ صورۃ جلوہ گر کیا جاتا تھا جیسا جناب رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیش گاہِ مشاہدہ میں بحالتِ صلوۃ جنت کا نمودار ہونا اور خوشۂ انگور کا لٹکایا جانا اور اس کے پکڑنے کو دست مبارک کا پھیلانا پس معاذ اللہ اس میں کیا کہا جائے گا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مشغول بما سوی اللہ تھے نہیں بلکہ اُن کے حالاتِ عظیمہ اُن کے غیر کے ادراکِ مدرکات سے بہت اونچے ہیں اُن کے دلوں کو اشتغال بغیر اللہ کی نماز کے وقت فرصت کہاں پھر دیکھو یہ وہی فاروقِ اکبر ہیں جن پر بوقتِ خطبہ کہ مشابہ بصلوۃ ہے سیکڑوں کوس سے دامن کوہ میں ساریہ کا حال مکشوف ہوا تھا اور عین خطبہ میں مدینہ منورہ کی مسجد سے پکار کر نمازیوں کو بالتزامِ استظہارِ جبل متنبہ کیا اور مجاہدین نے ایسی مسافت بعیدہ سے ان کے پکارے کو سنا اور بہ تعمیلِ ارشاد انہزامِ معاندین سے نصر تمند ہوئے چنانچہ مشکوۃ شریف کے باب الکرامات میں بروایت ابن عمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) وارد ہے کہ

اِنَّ عُمَرَ بَعَثَ جَیْشاً وَ اَمَّرَ عَلَیْھِمْ رَجُلاً یُدْعٰی سَارِیَۃَ فَبَیْنَمَا عُمَرُ یَخْطُبُ فَجَعَلَ یَصِیْحُ یَا سَارِیَ الْجَبَلَ فَقَدِمَ رَسُوْلٌ مِّنَ الْجَیْشِ فَقَالَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ لَقِیْنَا عَدُوَّنَا فَھَزَمُوْنَا فَاِذَا بِصَائِحٍ یَصِیْحُ یَا سَارِیَ الْجَبَلَ فَاَسْنَدْنَا ظُھُوْرَنَا اِلَی الْجَبَلِ فَھَزَمَھُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی

کیا کوئی ناتمام اس کو تشغل بالغیر سمجھے گا اگر یہ حضورِ خاصہ کے خلاف نہیں تو وہ بھی نہیں پس اے سعادت کیش اپنی پست ہمتی کو چھوڑ اور بقدرِ طاقت سعی کرتا رہ یونہی روز کی ریاضت اور عادت پذیر ہونے سے تو اُنسِ حق کا مانوس ہو جائے گا اور جلوۂ رحمت تیری کارسازی کرے گا ہوتے ہوتے تجھے سچ مچ کی نماز سے بہرہ ور کریں گے والعیاذ باللہ اور اگر نہ کریں تو مجبوری ہے اپنا تو دریغ نہ رہے کہ نہ کیا۔ اور اگر تو بدون صرفِ ہمت پہلے ہی سے ڈھیلا اور درماندہ ہو بیٹھے اور اپنے دل کی بیماری کا مداوا نہ کرے اور سمجھے دیکھا جائے گا جو ہو سو ہو یہ تیری نامردی اور ضعف کا نشان ہے تجھے کئی دن سخت بخار ہو جائے اور حرارت سے تیرا کلیجا تپنے لگے اور تیرے پاس کچھ دام بھی ہوں اور تجھے اپنے مرض کی تشخیص بھی ہو گئی ہو اور دوا سازی کا بھی وقت ہو تو اے بزدل امید نہیں کہ تو اس وقت اپنا علاج نہ کرے حال آنکہ اس میں اغلب ہے کہ یہ شربت رفعِ بخار میں اتنی تاثیر نہ رکھے جس درجہ تک معالجۂ روحانی کو دل کی توجہ کفایت کرتی ہے۔ اس سے یہ نکلا کہ نقد الحال کا دکھ سکھ تیرے حال پر ایسا موثر ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کریم کے وعدہ و وعید تجھ میں اتنا اثر نہیں کرتے اب اپنے ایمان کا پاؤں جانچ۔ ہلتا ہے کہ مستحکم ہے۔ بعض لوگوں کو یہ بھی روگ ہے کہ کہہ دیا کرتے ہیں کہ فلاں آیت یا حدیث تو منافقین یا مشرکین کے حق میں ہے اس سے ہم مصدقین کو الزام کیسا اس کا جواب ہے کہ یہ آیات و احادیث اُن اشقیاء کی شان میں ہیں جن

کے اعمال و افعال اسی لائق تھے اور اگر تیرے اعمال بھی ایسے ہی ہیں تو خود سمجھ لے کس کی شان میں ہیں یوں تو تم سارے ہی کلام اللہ کے اوامر و نواہی کو اُسی وقت طبقۃ الناس پر الٹادو گے اور خود فارغ ہو بیٹھو گے اے ہوائے نفسانی کے پیرو آنکھیں کھول اور ہوشیار ہو جا اور تاویلوں کی آڑ میں غیر مقید نہ ہو اور اپنی تقید اور پابندی کو دیکھ اور مہلت کو جانچ اور اپنا حساب کر اور اپنے علم پر غرہ مت ہو تیرے پاس بحر علم سے قطرہ بھی نہیں اور جو قدرے ہے تو اس سے اپنی نجات کی راہ تلاش کر اور مت سمجھ کہ نرا علم بلا عمل تجھے کسی ٹھکانے پر پہنچائے گا بلکہ علم بے عمل تیری تعذیب کے لئے حجت ہے۔

كما قال النبى ﷺ: اَشَدُّ النَّاسِ عَذَاباً يَوْمَ الْقِيمَةِ عَالِمٌ لَّمْ يَنْتَفِعْ بِعِلْمِهٖ

جس صاحب علم نے اپنے علم سے خود انتفاع نہیں کیا قیامت کو اُسے سب سے زیادہ سخت عذاب ہو گا۔ اے جانِ من! تو جب درستیٔ نماز میں اپنے آپ کو مصروف رکھے گا اور تیری سعی ٹھکانے لگے گی تو تُو سب خوبیوں سے مالا مال ہو جائے گا مکارمِ اخلاق کا کوئی شعبہ تجھ سے باہر نہ رہے گا اور تیرے ذمائم کا پورا استفراغ ہو جاوے گا اور تیرا ایمان رنگِ تلون سے چھوٹ کر تمکن کی یک رنگی میں اثبات پائے گا اور تیرا نفس امارگی کو چھوڑ کر رتبۂ اطمینان مشرّف ہو گا بعونِ اللہ تعالیٰ وبفضلہ اس میں اصل تو دوامِ حضور ہے وبوقت عبادت علی الاختصاص کہ

Marfat.com

حضرت ﷺ نے اَخْبِرْنِیْ عَنِ الْاِحْسَانِ کے جواب میں فرمایا:

اَنْ تَعْبُدَ اللّٰہَ تَعَالٰی کَاَنَّکَ تَرَاہُ فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ تَرَاہُ فَاِنَّہٗ یَرَاکَ

تو اللہ تعالیٰ کی بندگی کرے گویا تو اس کو دیکھ رہا ہے کیونکہ جب بندہ اپنے مالک کی خدمت میں اپنے مالک کو دیکھتا ہوگا ادھر ادھر التفات کرنے کا نہیں اُس کے جلال سے بے شک ڈرتا رہے گا پھر اگر تو اُس کو دیکھتا نہیں ہے تو وہ تجھے دیکھتا ہے ظاہر کو بھی باطن کو بھی پہلی وجہ کو محققین نے مشاہدہ سے تعبیر کیا ہے اور دوسری کو مراقبہ سے اور مشاہدہ میں مراقبہ خود داخل ہے اپنے دل کا جہان ٹھکانا ہے عمل میں لاوے یہ حکم سب عبادات میں ہے اور نماز کہ افضل الاعمال و اکمل العبادات ہے اس نگہداشت سے رہ گئی تو منصف خود جانتے ہیں کہ کس رتبہ کے ہوئی بے شک نماز کا پڑھنا آسان نہیں اور اس کو چھوڑ کر بھی ٹھکانا نہیں سو ضرور ہوا کہ نماز بہر حال پڑھی جاوے اور صحت سے پڑھی جاوے پس جب تک بندہ اس کی ادائی کے ڈھنگ کو دل کی تہہ میں نہ بیٹھاوے اور سرسری طور پر غفلت سے جیسے ہوئی ویسے ہی کافی سمجھے نمازی نہ ہوگا ہم اللہ سے اس امر اہم کے پورا ہونے کی توفیق مانگتے ہیں اور اُسی کی اعانت پر بھروسا ہے۔ واللہ الموفق و ہو المستعان۔

اَلْمَقْعَدَةُ الْاُولٰی فِی تَحْقِیْقِ الْمُوْجِبَاتِ لِتَصْحِیْحِ الصَّلٰوۃِ

انسان نماز جب پڑھ سکتا ہے کہ پہلے تصحیح عقیدہ بطور اہلِ سنت و جماعت بخوبی کر چکا ہو پس اگر اعتقاد میں ابھی کچھ کدورت باقی ہے تو ہر گز تصحیح صلوۃ پر مستطیع نہ ہو گا۔ پھر بعطیہ الٰہی بعطایائے چند ممتاز فرمایا گیا ہو اول یہ کہ اس کے خطرات رک جائیں اور غیر مقصودہ خیالات کے ارتفاع پر اسے قادر کیا گیا ہو اور نماز میں جو خطرات خطور کرتے ہیں وہ اپنے درجاتِ افساد کے اعتبار سے تین قسم کے ہوتے ہیں ایک یہ کہ انسان غیر کے سامنے انکا اظہار کرنے کو موجبِ ننگ سمجھے جیسے منکرات و نواہی کے خیالات سو ان میں الجھنا ترک المحبوب لاجل المغضوب کے قبیل سے ہے دوسری قسم وہ کہ نمازی کو انکا اظہار اپنی بلاہت و سفاہت کا نشان معلوم ہو اور بحالتِ غیر نماز اس کو مباح سمجھے جیسے امورِ مباحہ لایعنی و ترددات دنیوی کے خیالات اور ان میں پھنسنا ترک المعلوم لاجل الموہوم کی جنس سے ہے تیسری قسم وہ کہ ان کا اظہار اس کو بسبب اختیار ترک الموجود لاجل المفقود ملزم ٹھہر اوے اور وہ خیالات خارج نماز میں مورثِ ثواب ہوں جیسا بحالت سجدہ تفہیم سہامِ ورثہ میں شاغل ہونا پس نماز میں ان تینوں قسم کے خطرات

Marfat.com

کا ارتفاع اور حقایقِ مستحضرہ سے استمتاع اور انانیت موہومہ کا استرجاع مقصودِ کلی ہے اور یہ مقام حاصل نہیں ہوتا مگر بتقدمِ ادمانِ حضور اور ادمانِ حضور میسر نہیں آتا مگر بتاثرِ تاثیرِ موثراتِ صفاتِ حقانیہ اور بتاثیرِ موثرات متاثر نہیں ہو سکتا مگر باستبصارِ صدورِ افعال از مبدئ حقیقی فعال یہ سلسلہ اگرچہ بحکم اِنَّ اِلٰی رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى اپنے ٹھکانے پر منتہی ہوتا ہے اور مشیّتِ ربانی و توفیقِ حقانی پر منحصر ہے لیکن بنابر تفہیم فرضِ وقت یہی بس ہے کہ کہا جاوے کہ بندے کو اپنے استکمال پر ساعی ہونا ضروریات سے ہے اور ادائے صلوۃِ مفروضہ کا موجب ہے بر عکس اس کی ترجیحِ جبر یا قدر افراط اور تفریط اور ضلالت ہے اور انحصارِ خیر بالوسط ہے باوجود ایمان بالقدر اختیار پر بھی گرویدہ ہونا متحتم سو ملاکِ امر انسان کے لئے استکمال ہے بلا اختصاصِ وقتِ دخول فی الصلوۃ ورنہ نمازِ مامور بہا سے عہدہ بر ہونا متعذر ہے موجبِ صحتِ اداء صلوۃ اور یہ ہے کہ نمازی کے ذہن میں متحقق ہو چکا ہو کہ جس واحد لاشریک کی تعظیم کو سرگرم ہوا ہے اُس کی عظمت کیسی ہے اور یہ جانے کہ میرا کیا پایہ ہے اور مجھے اس ذی الملک والملکوت سے کیا نسبت ہے اور اُس کی تعظیم مجھ پر واجب ہونے کے کیا دلائل ہیں اور مجھے اُس کی کتنی احتیاج ہے اور اسے میری پروا ہے یا نہیں اور میں اُس کی تعظیم نہ کروں تو اُس کا کچھ بگڑتا ہے یا میرا اور یہ معلوم کرنا کہ نماز کس رتبہ کا تقرب اور فضیلت ہے اور اس کا لزوم کس درجہ کا ہے اور اس کو بندے اور خدا کے درمیان کیا لگاؤ ہے اور اس کے اداء کرنے میں

Marfat.com

کہاں تک کامیابی ہے اور اس میں فضل کیا ہے جس لیئے اس کو افضل الاعمال واکمل العبادات مانا گیا اور اس کا ترک کس ٹھکانے کا حرمان ہے اور یہ سمجھنا کہ جس لطیفہ جامعہ کے ذریعہ سے نماز کا لزوم اور دساتیر ادا اور اس کے ثمرات کا پتہ لگا وہ کس رتبہ اختصاص کا لطیفہ ہے اور اس کی برکات کا پھیلاؤ کیسے شکریہ کا موجب ہے اور اُس لطیفہ جامعہ کو نماز سے کیا لگاؤ ہے اور اس کی اختصاص بنماز کس رتبہ اعلیٰ کا نتیجہ ہے۔ سو جب تک یہ اتنی باتیں دل کے نصب العین نہ ہوں بے شک نمازی کی غفلت نہ ہٹے گی اور خشوع میسر نہ ہو گا اور نماز اس پر ثقیلہ وکبیرہ ہو گی سو اس سعادۃِ ادراک سے اگر تجھے نقد الحال نہیں ہے تو باستمدادِ روشنی صدورِ مکمّلین اس گوہرِ گراں بہا کی اپنے باطن کے ظلماتِ جہلستان سے تلاش کر کہ اسی ظلمات میں چشمہ حیاتِ ابدی ہے پھر جب تجھ پر یہ اندھیرا اجالا ہو گیا اور تو عین الحیوان حقیقۃ سے سیر اب ہوا تو پھر مرگِ مجازی تیرے حال کی خوبی کو سر مو نہ گھٹاوے گی بلکہ آمیزشِ اکدار سے صفا کر دے گی۔

واگر تجھے ابھی ایسے مردوں کا پانا متعسر ہو تو سلف صالحین وعلمائے ربانیین کی تصانیف کا مطالعہ لازم حال سمجھ لے اور ان کی دعوت کو مان اور ان کے اشارہ پر چل اور تفکر وتذکر کو ہاتھ سے مت دے اور اپنے دل کو اس پر عادی کر اور آنکھ کان اور دل کو نادیدنی وناشنیدنی وناندیشیدنی سے بچا اور صدقِ طلب ومشقتِ سعی سے مت گھبرا اور وقت کو غنیمت سمجھ اور اجل کو حاضر جان اور طولِ امل کو اکھاڑ

اور امید رکھ کہ جب تجھے اُدھر جھکایا ہے تو ضایع نہ چھوڑیں گے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ [التوبہ:۱۲۰]

وَاِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ [اعراف:۵۶]

جب تیرا میلان حق کی طرف ہے تو جان لے کہ اُدھر سے پہلی نظر رحمت ہوئی ہے تو تجھے شرفِ توجہ حضور کا تاج پہنایا گیا کیونکہ تقدیم بارگاہ غناء سے ہے يُحِبُّهُمْ وَ يُحِبُّوْنَهٗ واگر اُدھر سے اعراض ہوتا تو تو اس طرف سے کوسوں بھاگتا کہ تیری مشیت مشیت حق کا مظہر ہے۔

وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ [التکویر:۲۹]

تو حکم کے اشارہ پر چل رہا ہے جب تجھے یہ اعزاز حاصل ہے تو اتنے پر ہی بقدر طاقت شکر کر اور ترقی کی امید رکھ اور مستدعیِ کمال رہ اور شکر سے کبھی غافل نہ ہو اور کہتا رہ۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۚ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ [اعراف:۴۳]

اور اطاعتِ شریعت کو مقصودِ کلی سمجھ اس مقام میں بضمنِ رکعتِ ثالثہ مسودۂ رسالہ ہذا میں سلسلۂ استبصار و تحصیلِ موجباتِ ادائے صلوۃ سے بقدرِ ضرور مذکور ہوا تھا اب بعد تسویدِ رسالہ بالتمام مناسب معلوم ہوا کہ رکعتِ ثالثہ کے بیان کا رسالہ بنام ''اِیقَاظُ الرُّقُوْد'' نامزد کر کے نرالا لکھا جاوے تو مناسب تر ہو اور

Marfat.com

وظیفہٴ اختصار کے خلاف عمل میں نہ آوے اور اصل رسالہ "مَآرِبُ الْخَاشِعِیْن" اپنے تبادر میں مستقل رہے کہ ہر موجز مایہ کے لئے سریع الفہم معلوم ہو اور رسالہٴ ایقاظ الرقود بسبب جامعیتِ دقایق حقایق اپنی اصالت پر جلوہ گر ہو با آنکہ مارب الخاشعین کے دیکھنے والا جب تک ایقاظ الرقود کو بتمام وکمال نہ دیکھے گویا ایک اقل حصہ پر قانع ہوا ہو اور مسودہ کے بیانِ رکعتِ رابعہ کو رکعتین پر منقسم کیا۔

Marfat.com

اَلرَّکْعَۃُ الثَّالِثَۃُ فِیْ اِھْتِمَامِ الصَّلٰوۃِ وَحِفْظِ اُصُوْلِھَا بِاَدَاءِ الشُّرُوْطِ قَبْلَ دُخُوْلِھَا

اے عزیز! جب نماز کا وقت ہونے لگا تجھے تکاسل و تغافل و تساہل کا چھوڑ دینا لازم پڑا ایسا نہ ہو کہ وقت ہاتھ سے جاتا رہے اور بوقتِ مطالبۂ امانت ہاتھ پر ہاتھ ملنا پڑے اور پھر گزرا وقت ہاتھ نہ آئے گا۔ حدیث عَجِّلُوْا بِالصَّلٰوۃِ قَبْلَ الْفَوْتِ وَ عَجِّلُوْا بِالتَّوْبَۃِ قَبْلَ الْمَوْتِ کے استحضار سے بے بہرہ نہ رہے اچھے وقت میں نماز کو قائم کرے نماز میں داخل ہونے سے پہلے مہماتِ ضروریہ سے فراغ حاصل کرے تاکہ بحالتِ نماز اس کو کسی طرف کا خلجان نہ رہے بول براز وغیرہ ضروریات سے فارغ ہولے کوئی ضروری کام کرنا ہے تو کرلے بھوک پیاس وغیرہ احتیاج ہے اور مفطر ہے تو کھاپی لے اور دل کسی مہم میں مشتغل ہے تو بشرطِ امکانِ فراغ اس کو پورا کرلے ورنہ دل سے وعدہ کرے کہ میرے سر پر امر اہم کا بوجھ پڑا ہے اس سے بریّت حاصل کرلوں تو مہم موجودہ کی تدبیر پر اشتغال کیا جاوے گا بالفعل مجھے معاف رکھا جاوے اور اگر بسبب اشتغالِ نفس دل اس مصلحت کو نہ مانے تو اپنے مالک سے استعانت کرے اور نفسِ شریر کو جھڑکے اور تعوذ کرے اور اپنے عجز و احتیاج پر اور جلال جبروتِ ربانی پر غور کرے اور اپنی مہم کی ناپائداری اور خفت کو نماز کی بقائے تاثیر و گراں قدری کے مقابل میں وزن کرے

اور سچ مچ کی نماز پڑھنے والوں کے حالات کو یاد کرے کہ انہوں نے نماز کو کیسا جانا ہے اور کیونکر پڑھا ہے اور بوقتِ ادا ان کا کیا حال پایا گیا ہے اور امحائے نفسانیت میں اس وقت ان کے صدقِ معاملت کا کیا پایہ ہے اور دنیا و مافیہا کو نماز کے مقابلہ میں کس رتبہ پر رکھا ہے علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کے عاداتِ کریمہ سے نقل کیا گیا ہے کہ بتاثیر ہیبتِ معبود بوقتِ نماز آپ کا رنگ ایسا متغیر ہو گیا ہوتا تھا کہ پہچانے نہیں جاتے تھے کیونکہ آپ کی اصلی رنگت آب و تاب میں عقیقِ یمانی کو مات کئے جاتی تھی اور نماز کے وقت یہ حال تھا کہ گویا زعفران میں رنگے ہیں۔ سبب پوچھا گیا تو لرزتے ہوئے فرمایا کہ کیا جانتے نہیں ہو کہ کس کے حضور میں یہ حال ہوتا ہے اور کہاں کھڑا ہوا ہوتا ہوں اور کس امید و بیم کے تصادم میں یہ شکستگی رنگِ رُو ظہور میں آتی ہے ایسا ہی ان کے پوتے حضرت زین العابدین کا حال مروی ہے کہ وضوء کرتے وقت ان کا رنگ خوف کے مارے نہایت زرد ہو جاتا ہر روز کے دیکھنے والوں نے پوچھا کہ وضوء کے وقت آپ کا یہ حال کیوں ہوتا ہے فرمایا تمہیں معلوم بھی ہے کس کے سامنے کھڑے ہونے کا وقت آیا اور کس معراج کی چڑھائی ہے حضرت طلحہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ایک دفعہ اپنے کھجوروں کے باغ میں نماز پڑھتے تھے باغ کے درختوں کی گنجان ٹہنیوں کے جھرمٹ میں ایک چڑی اڑتی اور نکلنے کو راہ نہ پاتی تھی بحالتِ نماز ان کا دھیان ادھر ہو گیا اور دل کے اس تشغل میں تعدادِ رکعات بھول گئے اپنے نفس کی خامکاری پر روئے اور اس

Marfat.com

قصور کے کفارہ میں وہ سارا باغ صدقہ کر دیا۔

کسی نے حاتم اصَم سے ان کی نماز کا حال پوچھا تو انہوں نے بیان کیا کہ میں جب نماز کو مستعد ہوتا ہوں تو خوب احتیاط سے برعایتِ تمام آداب تر بتر وضو کرتا ہوں اور نماز گاہ میں آکر اپنے اعضاء بر قرار کرنے کو بیٹھ لیتا ہوں پھر نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہوں اللہ اکبر وہ کس جلال کا وقت ہے اور استقبال کے وقت قبلہ کو اپنے دونوں ابرو کے بیچ میں رکھتا ہوں اور سمجھتا ہوں کہ پل صراط پر کھڑا ہوں اور اس پر میرے دونوں پاؤں ہیں گویا دل کا پاؤں پھسلا تو کٹ کر گر گیا اور جنت کو عن الیمین اور نار کو عن الشمال تصور کرتا ہوں اور عزرائیل کو اپنے پیچھے کھڑا پاتا ہوں کہ میری جان نکالنے کو حاضر ہیں اور اسی نماز کو صلوۃ الوداع خیال کرتا ہوں اور نماز کے درمیان خوف و رجاء کی لہروں میں تیرتا ہوں ڈوبتا ہوں اور اخلاص کو کسی دم میں نہیں بھولتا ہوں یونہی انجام پر پہنچتا ہوں تو ڈر کے مارے کانپتا ہوں اور روتا ہوں کہ قبول ہوئی یا نہیں اور عجز کا ہاتھ پھیلاتا ہوں یا ارحم الراحمین تیرے عاجز بندہ سے یہی ہو آتا ہے تو ہی توفیق دے تو سچ مچ کی نماز نصیب ہو بالجملہ مقربانِ بارگاہِ عزت ایسی ہی نماز پڑھتے ہیں جہاں تک ان سے توافق اعمال ہو گا اتنا ہی ایصال بقربِ قبول متحقق ہو گا ان حضرات کو بھی پہلے ہی دن یہ پایہ میسر نہیں ہوا بتدریج اس موہبتِ عظمیٰ کو پہنچے ہیں سو ایسی نماز بندہ جب پڑھے گا کہ اس کے دل پر خدا کی محبت و ہیبت غالب ہو رہی ہو اور مطالبِ دنیوی کی آگ بجھ چکی ہو اور

اس نے جان لیا ہو کہ تعلقاتِ دنیوی سے اس کے لئے بقدرِ کفایت امور کا تردد کرنا چاہیئے سو بھی اپنی اوقات مخصوصہ پر باقی اوقات یادِ ایزدی میں صرف ہونے لازم ہیں اور دنیا کے دھندے صرف وصولِ مقصودِ عبادتِ خالصہ کے وسائل ہیں اور جو کام وسیلۂ عبادت نہیں اور جس میں رضائے مولائے کریم مطلوب نہیں وہ لغو ہے یا نقصان کسی کو دوست جانے تو اس کے لئے، کسی چیز کو مبغوض سمجھے تو اس کے لئے، دیوے تو اس کے لئے، امتناع لاوے تو اس کے لئے، جو ایسا نہ ہو تو فقط نماز کے وقت حضورِ تام میسر نہ ہو گا جو کہ باوقات دیگر دل میں میل آگیا ہے فقط بوقت نماز تھوڑی سی دیر میں دھویا جانے کا نہیں ہاں جب دل لذۃِ نماز سے چاشنی گیر ہو گا تو اقل وقت ہو گا کہ یہ نماز میں نہ ہو اُس وقت حضورِ جنابِ قدس کے پیرائیہ سے پیراستہ ہو گا اس وقت کے پہلے اس کا ظاہر بھی اکثر اپنے عمل میں نقص سے خالی نہیں ہو گا۔

چنانچہ ایک دفعہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو بحالت نماز اپنی داڑھی میں ہاتھ پھیرتے دیکھا تو فرمایا کہ اس شخص کا دل خشوع کرتا تو بیشک اس کا بدن بھی خاشع ہوتا پس جس کا دل ہی خشوع کی نعمتِ عظمٰی سے بے بہرہ ہے اس کے اعمالِ جوارح کا کیا اعتبار۔ اے مصلی! اہتمام نماز کے لئے جو چیز پہلے تیری تیقیظ کو قرار پائی ہے وہ اذان ہے کہ موذن باآوازِ بلند تجھے متنبہ کرتا ہے اور اللہ کا ذکر یاد دلاتا ہے کہ تو اپنی اصلاح اور فلاح پر مستعد ہو جائے سو جس وقت تیرے

کان میں کبریائے ایزدی کا پکارا پہنچے تو چاہئے کہ قیامت کے دن کا وقت ظہور جلال کبریائے الٰہی تیری یاد میں گزرے بلکہ چشمِ دل کے سامنے مشاہدۂ حشرِ اجساد بلا ریب جلوہ گر ہو اور سمجھے کہ یہ منادیِ ندائے قیامت سے مشابہ ہے ایک دن ہم نے اسی طرح سجدہ کو پکارے جانا ہے پس اگر دل کی رغبت اور اشتیاق تمام سے اس منادی کی ندا کو تو نے قبول کیا اور بصدقِ دل تصدیقِ کامل سے تو اس کی اجابت میں مشغول ہوا تو فردا بھی امید ہے کہ اُس وقت کے پکارا جانے پر تجھے بشارۃ و بشاشت ہو گی۔ العیاذ باللہ اگر ضیق صدر محسوس ہوا ہے تو فردائے قیامت کو بھی یہی امید رکھ اذان کی اجابتِ الفاظ و تیقنِ معانی واجب ہے تہِ دل سے اس کی تصدیق بڑا فرض ہے کیونکہ اس میں بتجدیدِ تصدیق و اقرار ایمان کا تکرار مطلوب ہے اور بعد اجابت تعمیل میں بھی تاخیر کا جواز نہ سمجھے سلف کا یہ حال تھا کہ اگر تپے ہوئے لوہے پر مارنے کو لوہار نے اپنا ہتھوڑا اوپر کو اٹھایا اور بانگ سنائی دی تو یونہی ہاتھ کو مع ہتھوڑا ہوا میں رہنے دیا اور اجابتِ اذان میں مشغول ہوا جھٹ پٹ حاضر جماعت ہو گیا اور تپے لوہے کو اہرن پر ہی چھوڑ آیا اور ایسا ہی اگر موچی نے جوتا سیتے وقت درفش کو دھسایا اور اذان کا پکارا کان میں آیا درفش کو نکالا نہیں وہیں کا وہیں چھوڑ دیا اور اجابت کو قائم ہو گیا اور بلا تاخیر مسجد کو چل دیا اوزاروں کو سنبھالا نہیں۔

پھر نماز کے لئے طہارت شرط ہے طہارت کے درجات ہیں اضافی اشیاء

Marfat.com

سے لے کر اس کے عین تک طہارت ضرور ہے اشیائے بیرونی سے نمازی کے قدم گاہ اور سجدہ گاہ کی طہارت فرض ہے اور جن کپڑوں کو پہن کر نماز پڑھتا ہے اور سارے بدن کی پاکی نجاستِ حقیقی اور حکمی سے شرط ہے اور نجاست کے بھی مدارج ہیں بعض کی نسبت بعض خفیفہ ہیں اور بعض غلیظہ اور اغلظ الانجاس باطن کی پلیدی ہے اور نقاوت و نظافتِ ظاہری اس اصل کا لباس ہے کہ نفیس چیز کو ستھرے برتن میں رکھا جانا لائق ہے پھر اس پر پاکیزہ پردہ دے کر مقامِ طاہر میں دھرا جاتا ہے جس نے اپنے ظاہر کو پاک کیا اور باطن کو ناپاک رہنے دیا ایسا ہے کہ نجاست کو پاک برتن میں رکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر پاک جگہ پر دھر دیا۔ طہارتِ نفس اگرچہ بلا تخصیصِ وقتِ نماز ہر حال میں ضروری ہے مگر بحالتِ نماز شرطِ مؤکد تر ہے جیسا ظاہر کو انجاس و ادناسِ ظاہری سے پاک و صاف کیا ویسا ہی اپنے نفس کو ذمائمِ اخلاقیہ کی نجاست سے پاک کرنا شرطِ وصولِ مدّعا ہے اور اصل مقصود نماز سے ہے بھی یہی طہارتِ ظاہری آبِ طہور وتیمّم سے حاصل ہوتی ہے اور نفس کی طہارت آبِ دیدۂ ندامت کیش کی نہرِ جاریہ اور تیمم شروطِ توبۂ نصوح سے تاثرِ ہیئتِ سلطانِ جبروت کے وضوء پر ظاہر کا وضوء نور علی نور ہے غیر طاہر باطن کی نماز نظافتِ ظاہر کے اتمامِ شرائط سے غیر طاہر مقام میں موثر نہ پڑے گی اور مفید مطلب نہ ہو گی پس اگر عین حالتِ نماز میں فحشاء و منکرات کے خیالات میں دل گھومتا پھرا باہر کی پاکی کیا کرے گی مقامِ مقصود تو نجس پڑا ہے نماز کو جس

Marfat.com

چیز کی صفائی کا تعہد ہے نسبت بحالاتِ دیگر جب دل میں اسی کے انبار کے انبار جمع ہو جاویں تو یہی نتیجہ نکلے گا کہ یہ نماز ہی نہیں۔ اگر ہوتی تو اس کے برعکس ظہور میں آتا پس ازالۂ نجاستِ حقیقی و حکمی ظاہریہ کو آبِ طہور یا تیمم کافی ہے اور انجاس و ادناسِ قلبی کو کہ اعتقاداتِ فاسدہ و خیالاتِ کاسدہ ہیں تائبِ مستغفر توجہِ تامہ کے استغراق سے دھووے اور روح کی طہارت یہ کہ التفاتِ ماسوی اللہ کی کدورت کو باء الرحمۃ مناجاتِ حق میں ڈبو دے اور سرّ کو بازدیدِ انانیت سے بہ بحر فنا پاک کرے اور بخرقِ حُجُبِ انوار و ظلم جامۂ غیریت کو چاک کرے پھر بالکل نجاستِ شرک جلی و خفی سے طاہر ہو گا اور سرِّ نماز اس پر علی الکمال ظاہر ہو گا مشائخ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے بندہؑ کو پانچ فاخرہ خلعتیں پہنائی ہیں بندہ کو لازم ہے کہ اس انعامِ خاصہ کی قدر جانے اور اس عطیۂ عدیم النظیر کا شکر بجالاتا رہے اور داغِ انجاس و ادناس سے بچاتا رہے اور بوقتِ طہارتِ ظاہر اس کی طہارت اور صفائی کا زیادہ تر خیال کرے ایسا نہ ہو کہ بسبب ناقدر دانی اس سے پھر چھن جائیں نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ ذٰلِکَ وہ پانچ خلعت اسلام و ایمان و توحید و معرفت و محبت الٰہی کی ہیں خلعتِ اسلام کو تلوثِ منہیات کی پلیدی سے اور خلعتِ ایمان کو نفاق و شکوک کی نجاست سے اور خلعتِ توحید کو بازدیدِ غیر کی کدورت سے اور خلعتِ معرفت کو جہل و غفلت کے چرک سے اور خلعتِ محبتِ الٰہی کو آمیزشِ حُبِّ غیر کے میل سے پاک صاف رکھے بندہ کے یہ پانچوں کپڑے اپنی کامل نفاست پر ہوں تو اس کو

Marfat.com

ندمائے حضور میں ٹھکانا ہے۔

حکایت: کوئی مرید ایک شیخ کی خدمت میں حاضر ہوا اور باظہارِ ارادت سلسلۂ مشایخ میں منسلک ہونا چاہا شیخ نے بعد ملاحظۂ صدقِ ارادت اس کی التجا کو متلقی باجابت کیا پہلے بشرائط متذکرہ بالا اس کا وضو کروایا اور شکرانۂ توفیق کا دوگانہ پڑھوایا اور دوامِ استقامت کی دعا مانگی پھر اس کے ہاتھ میں ہاتھ دیا اور رو رو کر فرمایا: اے ولی اللہ اب تو میری نسبت اس منصب عالی کا احق ہے تیرے وضوءِ کامل نے تجھے سب ادناسِ قدیمہ و جدیدہ سے پاک کر دیا اور تو اب خطایا و معاصی سے پاک ہوا کاش کہ مجھے ماں نہ جنتی میں فی الحال تجھ سا نہیں ہوں۔ جس کا وضو پورا ہوا البتہ اس کی نماز بھی ٹھیک ہو گی اور جس کا وضو ہی ناتمام ہے اس کی نماز بھی ناقص ہے۔ نماز کے لئے جامۂ طاہر سے ستر ڈھانپنا شرط ہے جانتا ہے کہ میں نے لوگوں کی نظروں سے اپنی شرم کی چیزوں کو چھپایا سترِ کردارِ بد کا ڈھانپنا اس سے اہم ہے پھر دانا بینا کی نظر سے اس کا چھپانا ممکن نہیں علاج یہ ہے کہ حلۂ انابت و جزمِ ارادۂ استقامت سے اس پر پردہ کرے اور دوامِ استقامت کی توفیق مانگے تو البتہ اس پر وہ اعمال چتارے نہیں جائیں گے اور باز پرس نہ ہو گی گویا اس کے نزدیک ستر عورت پورا ہوا پھر اس وقت اپنے دل کی نظر سے بھی باطن کا ستر معیوب ڈھانپے باطن کی شرمگاہ کا ان تین کپڑوں سے پردہ کرے شرمِ کردار کے

Marfat.com

ازار اور ہیبتِ جبار کے شعار و دثار اور محبتِ کردگار کی دستار۔ نماز کو نمازوں کے اوقات مخصوصہ پر بھی پڑھنا شرط ہے اوقاتِ مستحبہ کو ضایع نہ کرے جب اس پر عادی ہو گا تو بوقتِ استحضار بھی اپنے ضروری معاملات طے کر لے گا انشاء اللہ تعالیٰ پھر شرطِ نماز استقبالِ قبلہ ہے چونکہ قبلہ توجہ فقط ایک کعبہ ہے ویسا ہی قبلہ مقصود وہ واحد لاشریک کی ذاتِ پاک ہے اس توجہ کے وقت بندہ کو ایسا ہونا ضروری ہے کہ پیش گاہِ ارادت سے ماسوی اللہ کو بالکل بھول گیا ہو۔

دیکھو بندہ کے خیالات عارضی ہیں جن لوگوں یا جن چیزوں سے اسکا تعارف اور لگاؤ ہو گیا ہے اُنہی کے خیالات دامن گیر حال رہتے ہیں اکثر یہ موادِ رَدّیہ آنکھ اور کان کے واسطہ سے بہم آتا ہے عبث نظریں چلائیں اور غیر ضروری مکالمہ کا اتفاق پڑا انہیں سے ہر وقت کا خلجان حاصل ہوا جہاں رہتا سہتا ہے وہیں کے افکار اس کے دل کی تہ میں چمٹ جاتے ہیں دامن چھڑاتا ہے چھوٹتا نہیں کہ ان خیالات کا تشبث دل میں مستحکم ہو گیا ہوتا ہے اور وہ خیالات یا تو اسی کی ذات سے متعلق ہوتے ہیں جیسا فکرِ معاش وغیرہ یا اس کے غیر سے جیسے اپنے پیاروں کی غمخواری اور اشیائے متفرقہ کی تدابیر اور کسی کی عداوت اور کسی کی محبت اکثر یہ خیالات عبث ہوتے ہیں سو یہ خیالات باقسامہا افسادِ دل میں نہایت کارگر پڑتے ہیں اس کے لئے سلوکِ مسلکِ سداد صراطِ مستقیم میں عوایق ہیں ان کے رفع کی کچھ تدابیر ایقاظ الرقود میں ذکر کی گئیں فلیطلبہ ثمہ بالجملہ بندہ کا حقیقی لگا اپنے مالک

Marfat.com

بے ہمتا سے ہے عارضی تعلقات حقیقت کے مقابلہ میں قابلِ التفات نہیں ہیں بلکہ انسان جب نجاست اور گھن آنے والی چیز کو دیکھتا ہے تو اس سے دل میں تنفر کرتا ہے اور اس کی طرف سے آنکھیں نوٹ لیتا ہے اہلِ دل عارضی عبث خیالات سے ایسے ہی گھن کرتے ہیں اور کریہہ سمجھ کر اُدھر سے نظر منصرف کر چکے ہوتے ہیں اس لئے ان کے دلوں میں حقایق کی تاثیر ہوتی چلی جاتی ہے اور دم بہ دم ان کا پاؤں ترقی پر ہے پس دل کی توجہ الی اللہ خیالاتِ ہر دو عالم کو محو کر چکی ہو تو در حقیقت نماز ہے ورنہ جیسا ظاہر کا تخلفِ استقبال ناقضِ نمازِ ظاہر ہے ویسا ہی تخلفِ باطن مفسدِ حقیقتِ صلوۃ ہے اور اگر بندہ کے ظاہر و باطن کی نماز پوری ہوئی تو اس کی فضیلت بھی پوری ہے چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ نماز میں جس کا مونہہ اور ہوائے نفس اور دل کی توجہ تینوں حق کی طرف جھکی ہوں وہ نماز سے فارغ ہوتے ہی گناہوں سے پاک ہو گیا ہوتا ہے گویا ابھی پیدا ہوا۔

اے عزیز! اس وقت دیکھ لو کس مفاز اعظم پر کھڑا ہے یہ وہ مقام معلّٰی ہے جہاں پر سید الرسل و روح الامین کھڑے ہونے کی آرزو کرتے ہیں اور اس مرتبہ کو اپنا فخر سمجھتے ہیں۔ پھر اگر تو ایک حقیر سا شخص اس نوازشِ شاہنشاہی کی قدر نہ جانے کہ تجھے اس مقام عالی میں اُن کی اقتداء پر کھڑا کیا گیا تو تیری ناسپاسی کیا حد سے بڑھی ہوئی ہے اب بڑی ہوشیاری کا وقت ہے حالتِ موجودہ سے بڑھ کر تجھے کوئی والا رتبت حالت نہیں کہ اس کا بھی تردد جائز ہو وقت کو سنبھال خطرات کو

Marfat.com

تھام دل کو مستعدِ قبولِ تاثیراتِ مطلوبہ کر اور دعا مانگ: اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُ بِکَ مِنْ تَفْرِقَۃِ الْقَلْبِ اور یقین سے جان کہ وارداتِ عجیبہ اور مکاشفاتِ غریبہ سے تجھے مشرف فرمایا جاتا ہے تو اپنے افتقار و انکسار کو اپنے مالک کے استغناء و قدرت و جلال کے آگے جانچ کہ اس تسلیم و مناجات کی احتیاج فقط مجھے ہے وھو غنی عن العلمین اور دل کے صدق و خلوص سے زبان پر لا۔

اِنِّیْ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ [انعام:۷۹]

یعنی میں نے اپنے دل کی توجہ کا رخ اس کی طرف پھیرا جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا حال یہ کہ میں ماسویٰ اللہ سے چھوٹ کر مائل بحق ہوا اور میں مشرکین سے نہیں ہوں جب تو نے یہ کہا تو دیکھ کہ تیری زبان تیرے دل کے حال کے مطابق بھی ہے پس اگر مطابق ہے تو تیری تصدیق کی جاتی ہے و اگر العیاذ باللہ مطابق نہیں ہے تو اوایلِ سورتِ منافقین کو تیرے حال سے انطباق ہو گا اور تیری تکذیب کی جائے گی سو چاہیئے کہ اس اقرار کے وقت تیرے دل کی توجہ فاطر السموات والارض کی طرف ہو جب تک ماسوی اللہ سے توجہ کا تعلق ٹوٹا نہیں اور سموات والارض و مافیہا سے دل کا دھیان ہٹ کر ان کے خالق واحد کی حضوری میں مستغرق نہیں ہوا تو مُقِرّ اپنے اقرار پر واثق نہیں یوں تو رسمی طور پر بہتیرے لوگ کہا کرتے ہیں کہ میں ایسا ہوں اور مجھ میں یہ اوصاف ہیں اور میں برا نہیں

Marfat.com

ہوں جانے جب کہ سچ بھی ہو و اگر غافل تاویل کرے کہ میرا دل جب عمر بھر میں اس اقرار کی ایک دفعہ تصدیق کر چکا اور پھر مکذب نہیں ہوا تو پھر بار بار کی تصدیق کی کیا حاجت اب فقط اقرار ہی کافی ہے تو جواب کہا جاوے گا کہ بلا تصدیق مکرراً اقرار کی بھی کیا حاجت کہ بلا ضرور دور نگی میں پڑا جب ایک دفعہ کی تصدیق کافی ہے تو اقرار کیوں کافی نہیں پہلی تصدیق و اقرار سے تو تو بے شک مومن خالص ہوا اب بتکرار اقرار ہی تو اکمل جزء یعنی تصدیق کو چھوڑ دینا اور صرف ادنی جز پر اقتصار کرنا کیا ثمرہ دے گا بلکہ الٹا تشابہ بنفاق ہے جس عمل کو کرتا ہے پورا کریوں تو شاید تو یہ بھی کہہ دے کہ میں نے نماز کی تصدیق کی اور ایک دفعہ پڑھی بھی اور پھر وجوبِ نماز سے انکاری بھی نہیں ہوا ہوں تو اب پڑھے نہ پڑھے فقط جب تو نے زبان سے کہا وما انا من المشرکین شرکِ جلی و خفی کے سب مراتب کو دھیان سے مرتفع کر اس وقت تعلقِ توجہ بغیر اللہ ایک قسم کا شرک ہے جب تک اس کا ارتفاع نہ ہولے تیرا اقرار ٹھیک نہیں۔

جب بامدادِ الٰہی مصلی کی توجہ الی اللہ پوری ہوئی گویا یہ اپنی ذات اور متعلقات اور دونوں عالم کے دکھ سکھ سے محجوب ہوا و مشاہدۂ کبریائی ربانی میں مستہلک ہو کر وہ رتبۂ قابلیت پایا کہ جہاں زمرۂ پاک نبیین و صدیقین و شہداء و صالحین منعم علیہم کو حاضر ہونے کی دستوری ملی اس کو بھی اس بارگاہ معلی کی حضوری پر مشرف فرمایا گیا اس نعمت عظمیٰ کی قدر جانے۔

Marfat.com

اَلرَّکۡعَۃُ الرَّابِعَۃُ فِی صِفَۃِ الصَّلٰوۃِ

اُسی استغراق کامل میں مصلی اپنی نماز موجودہ کی نیت کرتا ہے اور ہر دو عالم و مافیہا کی تودیع کے ارادہ پر بخلوصِ تام اپنی حول اور قوت اور بازدیدِ انانیت سے دست بردار ہوتا ہے اور اس ارادۂ قلبی کے اظہارِ مقصد کے لئے اپنے وجدان متاثرہ کے انتباہِ خاصہ کو باشارۂ رفع الیدین ماسوی اللہ کو پس پشت ڈالتا ہے اور بقیامِ مودبانہ دوامِ استقامت اور تمکن کا طالب ہوتا ہے اور اپنے سیدھا کھڑا ہونے میں سیدھی راہ پر قایم رہنے کی درخواست کی رمز رکھتا ہے اور رفع یدین کے مقارن ذات مستجمع الکمالات موجدِ حقیقی کو بصفتِ کبریا متصف یقین کرکے زبان سے کہتا ہے اللہ اکبر یعنی اللہ تعالیٰ از روئے جلال اکبر ہے نہ از روئے عمر و جسم و علوِّ مکان کیونکہ سب آجال و اعمار و اجسام و امکنہ اس کے مخلوق ہیں اس کو ان میں سے کسی ایک کی پروا نہیں اللہ تعالی بہت بڑا ہے اس سے کہ کم و کیف کو اس کی ذاتِ اقدس میں راہ ہو یا تعقل و تفہم و توہم وغیرہ قوای و خصایصِ امکانیہ کی وساطت سے اس کی کنہ تک رسائی ہو یا مدرکات کو اس کی احاطت پر دخل و تصرف ہو اور بہت بڑا ہے اس سے کہ اس کی صفاتِ کاملہ میں کسی قسم کی آفت آجانے کا گمان کیا جاوے اور بہت بڑا ہے اس سے کہ اس کی صنع میں کسی طرز کا نقص آنا تصور کیا جاوے اور بہت بڑا ہے اس سے کہ اس کی ذات وصفات کو باتہامِ ابتداء و انتہاء متہم کیا جاوے

چونکہ کعبۃ اللہ کے ہدی مقلّدہ کو محلّہ پر لاکر بذکرِ کبریائے الٰہی قربان کیا جاتا ہے یہاں مصلی بھی بتقلدِ صدقِ ارادت و وثوقِ توجہ بادائے حقوقِ عبدیت قبلۂ منتہائے معارف کے محلہ پر برفعِ تکبیر قربانی ہوا اس کا قربان ہونا یہ کہ ماوراء الحق کی طرف سے اس کی رگِ التفات کاٹی گئی پس التفات باقی ہے تو ابھی پورا مذبوح نہیں ہوا قربانی بھی کمال قبول کو نہیں پہنچے گی اور اگر بالکل توجہ بھی پیچھے کو ہے تو ابھی کچھ بھی نہیں اخلاص و توجہ کی چھری سے اس کا گلا کٹا ہی نہیں اس کا تقلد سے محلہ تک پہنچنا بھی تقلید فاسدہ کی جنس سے ہے قربانی کا ہے کی یہ حیوان مطلق تو جیتا کھڑا ہے گویا اُسی ضریع و زقوم کی چراگاہ میں چر رہا ہے جہاں سے آیا تھا کیا آسمان سے آگ اترنے کی امید پر اپنی قبولیت و منظوری خیال کئے کھڑا ہے۔ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِهٖ وَ سَخَطِهٖ اس تکبیرِ اولی کا نام تکبیرِ تحریمہ ہے جو امورِ غیر عبادت مصلی کو خارج نماز میں مباح ہیں اس کے کہنے سے وہ اس پر حرام ہو گئے۔

اب خوف و رجاء کے مقام میں بخشوعِ تام ناف کے نیچے دایاں ہاتھ بائیں پر رکھ کر باادب کھڑا اللہ اکبر کی ثناء کرتا ہے جانتا ہے کہ قوائے مدرکہ انسانیہ اس کے جلال کی صدمت سے دھکیلے جاتے ہیں اور احاطتِ ادراک سے وہ منزہ ہے تو ثناء کا شروع اس کی تنزیہہ سے کرتا ہے اور مجرائے بارگاہِ کبریاء کی تسلیم گزرانتا ہے اور حاضری کی تعظیم بجالاتا ہے اور کہتا ہے:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ

Marfat.com

اے اللہ تیری حمد اور تعریف کے ساتھ تجھے پاکی سے یاد کرتا ہوں کہ تو ہر عیب اور نقصان سے پاک ہے اور جو خوبی ہے وہ سب تجھ ہی کی ہے سو جب بندہ نے اپنے پروردگار دانا بینا کو ہر عیب و نقصان سے پاک جانا اور سب خوبیوں کا مالک اُسی کو سمجھا اور اس بات کا زبان سے اقرار کیا تو اس کو اطمینان کا مرتبہ ملا کیونکہ جانتا ہے کہ میں اپنی استعداد کے موافق نقائص سے فرار اور حمائد کے استقرار کا خواہاں ہوں سو دونوں صفات کا مرجع و مآب علی الاختصاص میرے مالک کی ذات ہے پس یہاں سے انقطاع کر کے جھکنے کو کوئی جگہ نہیں یہی دربار ہے اور بس اور اس مشاہدہ میں مشرف باستہلاک ہوتا ہے اور کہتا ہے: وَتَبَارَكَ اسْمُكَ اور تیرا نامِ پاک کہ ازل سے ابد تک شایانِ تقدیس و تمجید ہے بابرکت ہے تاثیر اسمائے مبارکہ مؤثرہ سے ظہورِ متاثرات ہے کہ وہ صُوَرِ علمیہ الٰہیہ ہیں۔ وَتَعَالٰى جَدُّكَ اے میرے مالک تیری ذاتِ پاک بزرگ و بلند ہے اور تیری بزرگی کا علو بڑا ہے ہمارے تعبد کی احتیاج اور وہم و گمان کی دسترس سے تیری ذات کی تنزیہ و تحمید و برکت و تمجید مخلوقات کے حد لگانے سے برتر ہے۔ وَ لَا اِلٰهَ غَيْرُكَ اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے جس کے لئے تذلل اور تعبد روا ہو بلکہ اہل حقیقت کے نزدیک غیر کے لئے استحقاقِ معبودیت تو درکنار مشہدِ توحید میں حقایقِ متعینہ غیریت کے اعتبار سے ذاتاً و صفاتاً خود معدومات ہیں پس ان میں صلاحیتِ التفات کہاں دیکھو اس کلمۂ طیبہ میں کہ بندہ بصیغۂ خطاب تکلم کر رہا ہے لائے نافیہ سے جلال اور

ثبوتِ مخاطب سے جمال کیسا متجلی ہو رہا ہے کہ حسبِ مراتبِ استعدادِ اربابِ تکلم اس کے متبادرات معانی سلبِ الوہیتِ غیر سے ماخلا اللہ کا ابطال کر رہے ہیں۔ مدارجِ انتفاء واستہلاکِ تامہ کہ منتہائے مقاصد سالکین ہے اسی اقرار و تصدیق پر ختم ہیں ابتداء سے انتہا تک اسی کی تعمیل و تکمیل موصل مرحلۂ مقصود ہے اور ملاک الامر تدین یہی کلمۂ طیبہ ہے باقی عبادات و حسنات اسی اصل کی فروع و اثمار ہیں اسی کلمۂ جلیل القدر پر دعائے افتتاح کا خاتمہ ہے کہ بندہ بقدرِ وسعت استلام و التثام باب العالیہ کے عرض تسلیم حضور سے فارغ ہو کر قابلِ تقرب و مشرف بمرتبۂ مناجات ہوا چونکہ اس کی تصدیق و اقرار سے اس کا باطن اور ظاہر خزائن رحمت سے مالا مال ہو گیا ہے اور باستقدامِ تقربِ بساطِ عزت مستعد ہے بے شک اس کو اپنے ایک دشمن صریح مشہور رہزن قبیح کا خیال ضرور ہے کہ اس کی دولت مقبوضہ پر یورش لا کر متصرف نہ ہو جاوے اور منزلِ مقصود پر فایز ہونے سے مانع آوے کیونکہ وہ ہر وقت اس کی تاک لگائے شعبِ مکائد میں مستعدِ پر خاش ہے خاص کر ایسے وقت میں کہ یہ مال و دولت سے مالا مال ہو اس پر حملہ آوری کا قصد رکھتا ہے حال آنکہ یہ خود اس کو دیکھتا نہیں اور وہ شریر اپنی کمین گاہ سے اسے دیکھتا ہے اور حتی المقدور اس کے ضایع کر دینے میں تکاسل نہیں کرتا اور بسبب عداوت قدیمہ و حسد دیرینہ انسان کی خرابی کی تدبیریں کرتا رہتا ہے اور وہ قاطع الطریق اس کا اور اس کے آبا و اجداد کا دشمن شیطان رجیم ہے۔

Marfat.com

جب اس شریر کے مقابلہ کی خود اس میں طاقت نہیں ہے اور منزلِ مقصود تک پہنچنا بھی ضرور ہے تو اب بندہ کو لازم ہوا کہ اُس صاحب سیاست کے کنفِ امان میں آوے جس کی سیاست سے وہ حاسد لرزتا ہوا بھاگ نکلے اور حملہ آوری کا حوصلہ نہ پائے اور یہ بامنِ تمام اپنے جمیع مال و دولت سمیت منزلِ مقصود پر پہنچ جاوے سو وہ صاحبِ سطوت و جلال فقط اللہ سبحانہ کی ذات پاک ہے جس کی کنفِ امان میں آنا پورے امن کا موجب ہے اور یہ وہی ذی العزۃ والعظمۃ کی ذاتِ کبریاء ہے جس کے سلطان جبروت کے سامنے کسی کو طاقت نہیں کہ انانیت کا دم بھرے سو بندہ پہلے ہی سے اسی دربار کے مجرا میں بمقام حاضری تعظیم گزران کر تقربِ خاصہ کا امیدوار ہے امن طلب کرنے کو کہیں دور جانا ہی نہیں یہیں التجا کرنی ہے اس مقام پر شاید کسی ناقص کو شبہ گذرے کہ جب بندہ پہلے مشرفِ حضور ہو چکا اور انانیت و سلسلۂ اکوان کو پس پشت پھینک آیا کیا شیطان ابھی آگے کمین میں لگا بیٹھا ہے اس کو پس پشت نہیں ڈالا تھا تو جواب یہ ہے کہ وہ پسِ پشت ڈالنا اور سلسلۂ اکوان کو پیچھے چھوڑ آنا معاملۂ ذہنی ہے اور نفس الامر میں اس کے لوازم اضافی ملفوف نہیں ہوئے اس کا تعین و تشخص اپنی تقید پر بحال ہے پھر بہرحال تاثیرات داخلیہ و خارجیہ سے اس کا متاثر ہونا غیر ممکن نہیں ہو گیا سو یہی متاثر ہونا اس کے امر ذہنی کا حارج ہے اور حرجِ امر ذہنی اس کی دولت کا چھن جانا اور بکسرِ ارادتِ تخشع منزلِ مقصود پر فائز ہونے سے رہ جانا ہے اس کی تمثیل یہ ہے کہ کوئی اپنا مال

لئے بید ھڑک اپنے راستے چلا جاتا ہے کمین گاہ سے کسی رہزن نے اس پر بندوق چھوڑی کیا اس کا مارا جانا اور اس کے مال کا لٹ جانا غیر ممکن ہے؟

گو اس کو اس رہزن کا تصور و خیال بھی نہ تھا یا یہ سمجھو کہ کوئی اپنے بستر پر سب اعداء سے بے اندیشہ بیٹھتا ہے بستر پر سانپ چڑھ آیا اور اس کو ڈنگ مارا یہ کب امکان سے باہر ہے سو اسی طرح یہ سوچو کہ بے شک مصلی نے بوقتِ تکبیرِ تحریمہ ماسوی اللہ کو اپنے علم کی روء سے پس پشت ڈالا پس یہ اس کا فعل ہے کچھ قسم کھا کر شیطان خود تو پیچھے نہیں ہٹ گیا کہ جا تیرا تعاقب نہیں کروں گا جب وہ انسان کا عدو مبین ہے تو حتی الامکان اس کا پاؤں پھسلانے میں تکاسل نہیں کرے گا اور اپنی شرارت کے سبب وہ مضل تضلیلِ انسان سے نہیں رکے گا مگر بسیاستِ ملک جبار۔ پس جان لے کہ دل میں وسوسہ ڈالنا فعلِ خناسِ لعین ہے اس کی تاثیر سے بندہ کے دل کا اکھڑ جانا اور ماسوی اللہ سے تعلق پکڑنا فعلِ عبد ہے سو یہی ابلیس خنیس کا مدعا ہے اور اگر کوئی کہے کہ شیطان تو ایک طاقت مضلہ صفاتِ انسانیہ سے ہے تفریقِ فعل کیسے اور زمان حال میں ایسے مشکک ہیں بھی بہت۔ تو جواب کافی ہے کہ جاؤ علیگڑھ کے نیچریوں سے اس کا جواب پوچھو ہمارے خدا کے کلام میں تو شیطان ایک روح خبیثہ کا نام ہے کہ جنی نسل سے ہے اور انسان کا دشمن ہے جہاں تک ہو سکے اس کو دھوکے میں ڈالتا ہے جب مومن کو تسلیم ہے کہ بحالتِ توجہ تامہ بھی مصلی کو تعوذ کی احتیاج ہے تو مشکک اور اعتراض کھڑا کر سکتا ہے کہ جب

Marfat.com

مصلی بحالتِ استغراقِ کامل عین حضوری میں باختصاصِ اکرام محوِ مشاہدۂ جمال ہو کر ماذون ارتقائے مدارجِ کمال و مجازِ اتمام نعیم بے زوال ہوا تو اب خاص حضور میں شیطان کی دست اندازی کیا مقدور کیا وہ شاہنشاہِ عالی جاہ کے حضور میں کھڑے کو لوٹ لے گا یا مار ڈالے گا وہ لعین دبے گا نہیں اور شاہنشاہ اُس فضول کو سیاست نہیں فرماوے گا کہ وہ گستاخانہ ایک مقبول درباری پر طمع کا ہاتھ پھیلانا چاہتا ہے۔

حضور اقدس میں دست بستہ مودب کھڑے ہونا طلب امان کے قایم مقام کیوں نہیں؟ جواب ہے کہ ٹھیک مصلی باختصاصِ اکرام مخصوص بمشاہدۂ جمال ہے مگر یہ کس نے کہا ہے کہ اس پر شیطان کا تصرف جابرانہ چل سکتا ہے یا اس کی مجالِ تصرف مستقل ہے یا وہ مردود حق تعالیٰ سے ڈرتا اور دبتا نہیں یا اس مطرود کو زندان دوزخ میں سیاست نہیں فرماوے گا ضرور اس کو کردار بد اور تصرفِ بے جا کا پاداش دیا جاوے گا لیکن اس کے میعاد پر وَاللّٰہُ لَا یُخۡلِفُ الۡمِیۡعَادَ خیال کرنا چاہئے کہ شیطان بھی بارگاہ جلال کا چیلہ ہے راندہ گیا تو رحمت سے نہ صفاتِ منتقمہ سے اب تک بھی اسے پیرایۂ وجود و لوازم وجود باطاقتِ اضلال و صفاتِ ذمیمہ اس کو صفتِ تخلیق ربانیہ سے ملی ہوئی ہیں حق تعالیٰ کی ربوبیت بصفاتِ جلالیہ اس کی مربی ہے اور پیش گاہِ جلال میں وہ بھی حاضر کھڑا ہے اور مصلی مظہر جمال ہے تو بساطِ تکون میں بمناسبتِ تضاد یہ اور وہ دوش بدوش ہیں کوئی جدھر چلے چلے آخر ذاتِ واحدہ کی صفات کا مظہر ہے ایک سوال میں شیطان بنی آدم پر سبقت کر گیا وہ

Marfat.com

یہ سوال ہے کہ یارب مجھے یوم البعث تک زندہ رکھ کہ میں انسان سے اپنی عداوت پوری کروں سو وقتِ معلوم یعنی انقطاعِ نسلِ آدم تک اس کا زندہ رکھنا منظور ہوا اور اس کو تصرفاتِ محدودہ کی بھی اجازت دی گئی پس شیطان بسبب تیقنِ ایفائے وعدہ حضوری میں کھڑے کا قصد کرنے سے بھی نہیں جھجکتا وہ مظاہرِ جلال میں ملایا چاہتا ہے اور مصلی دوامِ مشاہدۂ جمال کا مستدعی ہے اور ذاتِ اقدس غنی مطلق ہے اور بندہ محتاج مقید سو اس کو ضرور ہے کہ حاضری کی تعظیم کا وظیفہ پورا کر کے قبل از آغازِ مقصد اپنے دشمن کا حملہ روکنے کو اپنے مالک سے التجا کرے امید ہے کہ اس کی التجا قبول ہو گی اس کے عدو کو ادھر سے جھڑک دیا جاوے گا سو مصلی اپنا رتبۂ اعزازِ حضور چھن جانے کی خطر سے بارگاہ بندہ نوازی میں التجا کرتا ہے اور بنابر اظہارِ شدتِ احتیاج بپاسِ ادب تقربِ خطاب سے میلان بغیوبت کرتا ہے تاکہ عرضِ مدعاء میں تشبہ بگستاخی نہ ہو مع ہذا سبب غیوبت اور بھی ہے کہ بحالتِ عین استغراق خطورِ خطرۂ عداوۃِ عدو بیچ میں حجاب آ گیا تو خواہ نخواہ اس عبارت میں طلب امان کرتا ہے کہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم شیطان مردود سے اللہ کے پاس پناہ چاہتا ہوں اس عبارت کے لباس میں پناہ مانگنا خوب مبارک ہوا کہ ایسے اسم اقدس جامع جمیع برکات کے آسرے میں آیا جس کے ساتھ کسی ضرر کا اندیشہ نہیں رہتا سو اس طرح سے استعاذہ اقرب بقبول ہے بنابر آنکہ موافق امر خداوندی ہے کہ فرمایا ہے:

Marfat.com

اِذَا قَرَاۡتَ الۡقُرۡاٰنَ فَاسۡتَعِذۡ بِاللّٰهِ [النحل:۹۸]

مخبر صادق سے نسبت باستعیذ کلمۂ اعوذ اثبت ہے گویا تفسیرِ مابہ الامر ہے اس کہنے سے مستعیذ تاخت و تاراجِ غنیم کے صدمہ سے اپنے مالک کی پناہ کے حصار میں آگیا تو خاطر خواہ باطمینانِ تمام، امر ذی بال عرضِ مقاصد کے اہتمام میں مشغول ہوا چونکہ قاعدہ ہے کہ امر ذی بال کو شروع کیا جاتا ہے تو قبل از شروع بمرادِ حسنِ انجام اپنے مولی کے اسم اعظم الاسماء سے استعانت کرتے ہیں تو مصلی کہتا ہے: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم اصل مقصود اور امر اہم تقربِ الٰہیہ و تلاوتِ کتابِ رحمانیہ و طلبِ فیضانِ رحیمیہ کو اللہ سبحانہ و تعالیٰ شانہ کے اسم اعلیٰ و اولی سے آغاز کرتا ہوں کہ وہ بافاضۂ انوارِ رحمتِ رحمانیہ بلاتمیز موافق و مخالف مربی عوالم و مستعانِ اربابِ استعانت ہے وبتوسع آثار رحمت رحیمیہ مجازی حسنات و خیرات و مُفۡضِی فضل و احسان اور بخشندۂ درجات جنان ہے یہاں مصلی نے اپنے آغاز مطلب پر اسم مبارک اللہ سے استعانت کی اور حسن التفاؤل کی راہ سے اسمائے صفاتیہ میں سے اس ذات پاک کا دو ناموں سے اتصاف بیان کیا ایک رحمٰن اور ایک رحیم کہ اس کے مفیدِ مطلب و مناسبِ مقام یہی نام ہیں کیونکہ مصلی کا فقط طلب رحمت مقصود ہے اور یہ دو نام جامع ترین صفات جمال ہیں سو انہیں اسموں کے ذکر کرنے سے عرضِ مدعا زیبا ہے دستور ہے کہ جب سائل منعم سے کچھ سوال کرتا ہے تو بذلِ مواہبِ مقصودہ سے اس کو متصف کرتا ہے مثلاً کچھ کپڑے

Marfat.com

کا سوال کرنا ہو تو کہتا ہے کہ جناب امیر صاحب ستر پوش و خلعت بخشِ مساکین ہیں اور کھانے پینے کی درخواست ہے تو کہتا ہے کہ حضور بھوکوں پیاسوں کے ملجاء و ماویٰ ہیں علی ہذا القیاس اور بخلاف اس کے ایسی درخواست میں یہ کہنا مناسب مقام نہیں ہوتا کہ امیر صاحب کے اتصاف میں کہا جاوے کہ جناب بڑے تیغ بہادر اور پیل فگن ہیں اسی طرح مصلی بھی اپنے آغازِ مطلب میں اپنے مالک کی ذات پاک کو کہ صفات متضادہ سے متصف ہے بتوصیفِ صفاتِ قہریہ یاد نہیں کرتا اور یوں نہیں کہتا بسم اللہ الجبار القہار اگرچہ جبار و قہار بھی اسمائے الٰہیہ سے ہیں اس کو مظہریتِ رحمت مطلوب ہے اس لئے اللہ تعالیٰ کے قہر سے اس کی رحمت کی طرف فرار اور اس کے ظلِ حمایت میں استقرار کرتا ہے رحمن وہ ذات مہربان ہے کہ مطیع اور عاصی سب کی پرورش فرماوے چنانچہ اس دار الفناء میں کہ دار العمل ہے صفتِ رحمانیہ جلوہ نمودار ہے اور رحیم وہ مہربان ذات ہے کہ مطیعین کو بخلافِ عُصاۃ دار البقاء میں کہ دار الجزاء ہے اپنی رحمتِ واسعہ سے ممتاز فرمائے اور بمحض رحمت بڑی تہلکہ سے بچاوے اور تھوڑی سی محنت کے عوضانہ میں نعمائے ابدیہ کا مزہ چکھاوے خاصۃً اس صفت کی تجلی عالم اخروی میں ہے دیکھو بائے الصاقیہ میں ایک لطیف سی رمز نمایاں ہے کہ اسم اللہ سے کیفیاتِ بارزہ و ظہورِ شہادی کا قیام ہے۔

مراتبِ کونیہ آفاق و انفس عالم خلق و امر کی موجد وہی ذات واحدہ ہے اور جمیع اعتبارات کا مرجع وہی ایک ہے تعدد سے وہ پاک ہے سب حقایق و اعتبارات و

Marfat.com

تعددات اُسی سے مستنیر ہیں وہ مشکوۃِ افعال کے زجاج صفات سے بانوارِ حقیقت مُضِیئِ عوالم ہے جب جمیع مدارجِ ظہور و حقایقِ مبطونہ کا موجد و حقیقۃ الحقایق تو بالاصالۃ اور کوئی مرجع محامد نہیں ہے فقط وہی ہے کوئی سمجھے یا نہ سمجھے اس مقام میں جب بندہ کو انکشاف حقیقت نصیب ہوا تو شُکر اَلّاَنْعُمِہٖ کہتا ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ سب تعریف اور خوبی اللہ تعالیٰ کے لئے ہے کہ جہان کا پروردگار ہے کوئی خوبی ایسی نہیں کہ خدائے تعالیٰ کو اس کا استحقاق علی الاختصاص نہ ہو اور کوئی ذرہ ذراتِ کائنہ سے نہیں ہے کہ حق تعالیٰ اس کا پروردگار نہ ہو اس وقت مصلی باوجود استحضارِ عالم باشتغالِ حقیقتِ افرادِ عالم کے تشغل سے محجوب ہے اپنے مطلوب حقیقی کی تحسین اُس کلام سے کر رہا ہے کہ انقطاع اشغال کے بعد کی جاتی ہے اور وہ اطمینانِ تامہ کا وقت ہے وَ اٰخِرُ دَعْوٰھُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ [یونس:١٠] چونکہ اس کلام سے عطائے الٰہی پر بندہ کی رضا پائی گئی تو بعطیۂ قبول ممتاز فرمایا جاتا ہے چنانچہ حدیث شریف میں وارد ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندہ نے میری ستایش کی حق تعالیٰ کی ربوبیت عامہ و خاصہ مستلزمِ تعبدِ مربوب ہے علی العموم و علی الخصوص جمیع مراتب عبادت کا مستحق وہی ایک ہے جب مصلی کو ذکرِ ربوبیتِ الٰہیہ سے منکشف ہوا کہ خالق کی ربوبیت موجب افاضۂ رحمت ہے تو بتوصیفِ وصفِ رحمت مقتبسِ انوارِ تقرب ہوتا ہے اور کہتا ہے:

Marfat.com

اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم یعنی رب العٰلمین بہت مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے اگر اس کی ذات متصف برحمانیت نہ ہوتی تو انتظامِ ہر دو عالم اپنے کمال کو نہ پہنچتا اور اگر اس کی رحیمیت کی دستگیری نہ ہوتی تو لذائذِ اخروی سے کوئی کم بہرہ یاب ہوتا اور کیفیات متمیزہ کا ارتفاع بالکلیہ ہو جاتا پھر بہت حقایق اور کمال حکمیہ حجابِ اختفاء میں رہتے ربوبیت عامہ وخاصہ کا کمال بروز میں نہ آتا توصیفِ ربوبیت کے بعد اتصافِ حق بصفتِ رحمت عامہ و خاصہ نہایت پُر ضرور تھا اس لئے ذکر الرحمن الرحیم عبد پر بتکرار لازم ٹھہرا پہلے تسمیہ میں ذکر ہو لیا تھا اب دوبارہ مقام مناسب میں مذکور ہوا تاکہ مصلی کا وجدان معرفتِ حقیقت سے بے بہرہ نہ رہے اور باستعانتِ رحمت طے مراتبِ قرب پر مستطیع ہو اور بمشاہدۂ تجلّی جمالِ جمیلِ حقیقی مستغرقِ بحرِ حقیقت ہو کر فضل و احسانِ باری کا گرویدہ رہے اور وصمتِ التفاتِ ماسوی اللہ اس کے دامن حال پر داغ نہ ڈالے بندہ نے جب بخلوص تمام تعریف ربانی میں یہ کہا تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندہ نے میری ثنا کی زہے قسمت کہ باعزازِ قبول معزز ہوا ہر گاہ کہ بندہ اس مقام میں باستلذاذِ رحمت مستفیض اختصاصِ عطایائے حضور ہوا اور مستقرّ رحمتِ عامہ وخاصہ میں استقرار پایا بے شک اس رتبہ سے بڑھ کر اپنے حق میں اور کوئی مرتبہ اعلیٰ نہیں دیکھتا مگر جانتا ہے کہ ذات اقدس سبحانہ جامع صفات متضادہ ہے اور اس کی صفات میں تعطیل روا نہیں اگر اِدھر تجلی جمال ہے تو اس کے لئے مجالی جلال بھی ہیں اور مصلی کا مقصود

ہے کہ باکتناف رحمت دوامیہ مظہریت صفاتِ قہریہ سے تحذر کرے بآنکہ اپنے معبود کے اتصافِ صفاتِ مقابلاتِ جمالیہ کے انکشاف سے بے بہرہ نہ رہے اور اتمامِ نعمت بھی جبھی ہے کہ اس کے مقابلات کا بھی ملاحظہ ہو جاوے ورنہ نعمت کی قدر دانی بدرجۂ کمال نہیں کر سکے گا اس لئے اب خداوند نعمت کو ایسی صفت کے اتصاف سے یاد کرتا ہے کہ اُس میں قہر و مہر کے بروق لامعہ جلوہ گر ہیں اور کہتا ہے:

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ وہ انصاف اور جزا کے دن کا مالک ہے قیامت کے دن کا بادشاہ متصرف ہے والامر یومئذ للہ بے شک اللہ سبحانہ دنیا اور آخرت دونوں عالم میں برابر متصرف اور مالک ہے یوم الدین میں مالکیت اور تصرف کی تخصیص کی ایک وجہ یہ ہے کہ محجوب دار العمل میں ذرائع اور وسائط و اسباب کے حجاب میں تنفیذِ احکام حقیقۃ الحقایق سے اختفا رکھتا ہے بخلاف دار الجزاء کہ کشف الغطایا کا مقام ہے وہاں برائ العین انکشافِ حقیقت کا معاملہ ہے اور اپنے مالک کی اس طرح تعریف کرنے میں رمز یہ ہے کہ ذات باری کے لئے تجلی رحمت و قہر دونوں ہیں اور بندہ کا مطلوب رحمت ہے کہ منحصر باہدائے حقی ہے اور اس کے غضب اور اضلال سے بچنا باستمدادِ رحمتِ مالک پس یہاں پر خوف و رجاء کی حالت مصلی پر طاری ہوتی ہے اس وقت بندہ کا دل نہایت اعدل المقامات میں آجاتا ہے کہ ایمان خوف و رجاء کے بیچ میں ہے اس کے اس کہنے پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندہ نے

Marfat.com

میری بزرگی بیان کی بندہ کو اس اعزاز قبول سے رحمت خاصہ کا امیدوار کیا جاتا ہے پس بندہ مالک کی ہیبت جلال سے اس کے مامن رحمت کی طرف فرار کرتا ہوا بُعدِ غَیبت سے قربِ حضور کے حصار میں پناہ چاہتا ہے اور کہتا ہے:

اِیَّاکَ نَعْبُدُ اے مالک ہم تیری ہی بندگی کرتے ہیں تیرے سوا اور کی پرستش نہیں کرتے یہاں پر تقدیم مفعول تخصیص و حصر عبادت کے لئے ہے فقط مخصوص بذات مالک کہ اس کی ربوبیت موجبِ تحتمِ عبادت علی العلمین ہے اس لئے بنابر استیعاب افراد عالم نَعْبُدُ کا لفظ بصیغہ جمع کہا گیا اور ہمدردیِ اخوتِ اسلامی کے لئے بھی شایان یہی ہے اور مفصلاتِ عبادت محصور بشرعیات ہیں عبادت کی طرز فقط وہی معتبر ہے جس کی سند شارع سے مل چکی گویا یہاں پر بندہ کا اقرار ہے کہ ہم شرع محمدی کی تعمیل کرتے ہیں اس پر دل سے پکا ہونا شرط ہے پس اگر زبان سے کہے: اِیَّاکَ نَعْبُدُ اور فی الحال دل کا تشغل بما سوی اللہ بھی باقی ہے یا عبادت کو منحصر بذات واحدہ نہیں جانتا تو اس کا حال اس کے قال کی تکذیب کرتا ہے اور قابل قبول نہیں اس وقت مصلی کو اپنی اور جمیع عالم کی عابدیت و عبودیت و عبودۃ اور حق واحد کی معبودیت و مالکیت و الوہیت مد نظر ہونی چاہئے اور عبادت کو وسیلۂ استمتاع تقرب خیال کیا گیا ہو کہ بندہ اور حق کے درمیان میں عبادت واسطہ ہے جو کہ اس جواب کے شایاں ہو کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے یہ میرے اور بندہ کے بیچ میں ہے اِیَّاکَ نَعْبُدُ سے جبریہ کا رد نکلتا ہے یہاں اسناد فعل بعباد ہے مشعر بر آنکہ

Marfat.com

صدور فعل باختیارِ بندہ ہے اس لئے مستحقِ جزا ٹھہرا کر وعدہ و وعید سے متنبہ فرمایا گیا چونکہ کارخانۂ حقیقت میں بندہ کا دخل بمنزلہ مجاز ہے بنابر رفعِ توہم استقلال کہ اس کا منشاء اسنادِ فعل بخود ہے۔ کہتا ہے:

وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اے ہمارے معبود تجھی سے ہم استعانت کرتے ہیں فقط تیری مدد مانگتے ہیں تیرے سوا اور کی اعانت کی احتیاج نہیں رکھتے ہیں کیونکہ ہر محتاج کی کارسازی تو ہی کرتا ہے اور بس۔ سو ہم تیری عبادت کرتے ہیں تیری توفیق سے تیری توفیق کی اعانت نہ ہو تو کوئی تیری عبادت سے چاشنی گیر نہیں ہو سکتا اور اصل عبادت پر ہی مستطیع نہیں ہو تا فانت الموفق وانت المستعان پھر بندہ باوجود اس اقرار کے اعانت غیری کا بھی آسرار کھے تو بڑا جھوٹا اور جھٹلایا گیا ہے اس امر سے تحرز کرے کہ اس کے دل کا حال اس کی زبان کے مقال کا مکذب ہو چونکہ حق تعالی کی ذات پاک کو غناء مطلق ہے اور کچھ اُس پر لازم نہیں ہے بندہ خواہ عمر بھر استعانت کا سوال کئے جائے۔ پس بندہ کو چاہئے کہ بوقت استعانت اس کی رحمت پر بھروسا رکھے کہ اس کی ثناء میں آیۃ الرحمن الرحیم پہلے ہی سے عرض حضور کر چکا ہے پھر اس وقت جانتا ہے کہ اے معبود تو فقط اپنی رحمتِ واسعہ سے ہمیں طریق استقامت کی ہدایت فرماوے تو تیرے فضل وکرم سے یہی امید ہے وَالْعِیَاذُ بِکَ وَبِرَحْمَتِکَ اگر تو اعانت نہ کرے تو ہمارا استحقاق بھی کوئی نہیں بہرحال ہم بسبب افتقارِ ذاتی تجھ سے کبھی بے پروائی نہیں کر سکتے اور

Marfat.com

اپنی ہر بہبود طلبی میں کہ بضمنِ اہتداء منحصر ہے تجھی سے سوال کرنے لایق ہیں اور تو ہی معطی و منعم کریم ہے پس مصلی جب اس مکاشفۂ استغراقی سے مشرف ہوا تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے بندہ نے جو کچھ مانگا وہ خاص بندہ کے لئے ہے اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ کہنے سے بندہ شریعت وطریقت کا جامع ہوا کہ عبادت مامور بِهَا کا نام شریعت ہے اور عبادت کے استیفاء میں ارحم الراحمین سے استمداد کرنے اور باتصفیۂ باطن اس کے ثمرہ سے کامیاب ہونے کی خواستگاری کرنی طریقت ہے اِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ میں ردِّ قدریہ موجود ہے چنانچہ اظہر ہے کہ بندہ خود خالق الافعال ہو تو استعانت کیسی اس تصدیق و اقرار سے بندہ بہ تحققِ حقیقتِ ایمان ممتاز ہوا کیونکہ ایمان حقیقی بین الجبر والقدر ہے اگر بندہ حقیقت میں بھی اپنے فعل کا فاعل ہوتا تو استعانت لغو تھی اب استعانت کا مقصود عرض حضور کرتا ہے اور نہایت صدق و خلوص سے سائل ہوتا ہے:

اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ اے مالکِ مستعان ہم کو سیدھی راہ کی ہدایت کر۔ اس سوال پر مشکک تشکیک لاتا ہے کہ اے بندہ جب تو طریق ہدایتِ اسلام پر اپنا ہونا ثابت کرتا ہے تو پھر اہتداءِ صراطِ مستقیم کی درخواست کیوں کرتا ہے کیا یہ تحصیل حاصل کے قبیل سے نہیں جواب ہے کہ یہ ہدایت کی درخواست بمعنی طلب ثبات باستقامت ہے اور اب تک تا بانجام اس پر سارا راستہ منقطع نہیں ہو

Marfat.com

لیا اس لئے باقی کے لئے طالب استعانت ہے اور کہتا ہے ہم کو اس طریق پر چلا کہ موصل برحمت ہے اسی امیدواری پر ہم نے تیری ذات پاک کو باتصافِ رحمانیت ورحیمیت استغراقِ خاصہ میں یاد کیا بلاشبہ مظاہرِ انعام و موارد ایلامِ کا باعتبار تجلی جمال و جلال تو ہی مالک ہے جدھر چاہے چلاوے تُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ تَهْدِیْ مَنْ تَشَاءُ تُضِلُّ مَنْ تَشَاءُ مگر ہم بندگان بسبب عدم امکانِ تحمل غضب بوساطتِ استعانت برحمتِ واسعہ صراط مستقیم کی ہدایت کے طلبگار ہیں اور طریق استقامت منتہی بحق ہے اس استدعا میں بندہ نے بحر حقیقت میں غوطہ لگایا تو ارباب حقیقت کا الحاق اپنے اور اپنے بھائی مسلمانوں کے لئے درخواست کرتا ہے اور کہتا ہے:

صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ اے مالک ہم ان لوگوں کی راہ تجھ سے درخواست کرتے ہیں جن پر تو نے انعام کیا اور دونوں جہان کے نعیمِ قُرب سے اُن کو مخصوص فرمایا اور اُن کو اپنی رضا کا مزہ چکھایا اور ہمیشہ بہار کے گلزارِ رضوان میں بسایا سو وہ منعم علیہم چار فریق ہیں اولی و اقدم اُن میں انبیاء ہیں جن کی اقتداء موجب سعادت ہے اور اُن سے استغناء مورثِ شقاوت اور دوسرا فریق نبیین سے دوسرے مرتبہ پر صدیقین ہیں اور تیسرا شہداء اور چوتھا صالحین کا فریق ہے اور صراط مستقیم انہیں چاروں فرقوں کی راہ ہے سو تو ہم کو بتصدقِ رحمت انہیں کے طریق پر چلا جب بندہ نے صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ کہا مقبولان درگاہ کے

مقامات عالیہ کی سیر کی اور اس مرتبہ کے افتراق سے ڈرا اور ہیبتِ غضب جلال ربانی سے کانپا تو مجالیِ قہر و مظاہر غضبیہ کی موافقت و مقارنت سے اجتناب لازم سمجھ کر ارحم الراحمین کی ہدایت کی پناہ میں التجالایا اور بولا:

غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَ لَا الضَّآلِّيْنَ ہم کو ان لوگوں کی راہ پر نہ چلا جن پر تو نے غضب کیا کہ بدو حال سے دم واپسیں تک کفران و معاصی میں رہے اور منعم علیہم کی تکذیب و عناد میں پڑ کر خائب و خاسر ابدی ہوئے یا اشرار فجار کہ توبہ کی توفیق نہ پائے اور اِسی تباہ کاری میں عمر بسر کی اور التذاذ قرب سے باہر نہ ہوئے یا فرق یہودیہ وغیرہ اور نہ اُن لوگوں کی راہ چلا کہ گمراہ ہوئے اور صراط مستقیم کو بھول کر بھکے پھرے گو ان پر ہدایت کا مینہ برسا مگر بسبب فقدانِ استعدادِ قابلہ متاثر نہ ہوئے پتھر پر بوند پڑی آگے کو سرک گئی یا شورہ زار کی طرح تر بتر ہوئے مگر بباعث سوءِ جوہر خضراواتِ اعتقاد و اعمالِ صالحہ سے محروم رہے یا بعدِ اہتداء مسترد با سفل السافلین ہوئے مثل اس پودے کے کہ اس کی منبت کا جوہر بیرونی تو قدرے صلاحیت رکھتا ہے لیکن خواصِ اندرونی جہاں سے اصول کو تغذیہ ہوتی ہے بالکل ناقابل ہے پہلے کچھ نمو میں آیا مگر جب باطن کی خرابی ظاہر پر غلبہ کر گئی تو قبل از آں کہ پھول پھل لائے سوکھ گیا اہتداء کے بعد زیغ قلب کی خرابی دوبالا حسرت کا موجب ہوئی مصلی کی درخواست کا مضمون ہوا کہ اے ارحم الراحمین ہم کو کمالِ عرفان سے بہرہ ور کر اور پھر بعد الحاق بزمرۂ صلحاء اضلال سے بچا اور پابرجا

Marfat.com

رکھ اور تمکن باستقامت نصیب کر اٰمِیْن اے ہادی مطلق ہماری اس عرضِ آرزو کو قبول فرما اخیر فاتحہ پر مصلی کو درکاتِ اشقیاء کا ملاحظہ گزرا شبِ معراج کی سیر محمدیہ کی مثل بہشت اور دوزخ کی سیر حاصل ہوئی جمال اور جلال کی چمکوں سے خوف ورجا کی دونوں آنکھیں روشن ہوئیں اخیار و ابرار اربابِ تعشق و شنطار کے توافق و تشابہ سے جام وصال پیا اور اشرار و فجار منافقین و کفار کے تجانس و تماثل سے تحرز کیا جب مصلی نے نہایت عجز و ادب سے اپنے عرض سوال کی گزارش کی تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ خاصۃً میرے بندہ کے لئے ہے بندہ نے جو کچھ مجھ سے سوال کیا وہ اس کے لئے منظور ہے سبحان اللہ وبحمدہ آپ ہی عمل خیر کی توفیق دے اور اَلَذُّ النِّعَم (سب سے لذیذ نعمت) قرب و مناجات سے اپنے ناتواں بندہ کو متلذذ فرمایا اور پھر اُس پر ثمرۂ قبول مترتب کیا پس اگر بندہ ابھی اس نوازشِ اجابت کی قدر نہ جانے تو وائے برحالِ زار۔ اگرچہ مقاصدِ قرآنیہ و مطالبِ جمیع کتبِ سماویہ فاتحۃ الکتاب کے ضمن میں سب کے سب آگئے مگر بسبب کمالِ اجمال ذہن انسانی اس کے درکِ عجائبات سے قاصر ہے اور اس کو اس کے غرایبِ مندمجہ (چھپے ہوئے) پر احاطت دشوار ہے اور باقی قرآن مجید اس اجمال کی تفصیل ہے تو بقدرِ تیسر مصلی آیاتِ قرآنیہ سے پڑھتا ہے، تبشیر و تحذیر، ترغیب و ترہیب وعدہ و وعید کے مواضع میں متاثر ہوتا ہے خوف ورجا شرم و حیاء صبر و رضا تسلیم بقضاء صدق و صفا عجز و التجا شدتِ احتیاج و افتقار خلوصِ انابت و اعتذار

Marfat.com

تواضع و انکسار خشوع و استغفار انس حق و محبت غفار وغیرہ صفاتِ عبودیت سے متصف ہو کر حیاء اور ہیبت کے دباؤ میں مؤدب کھڑا سجدہ گاہ پر دھیان رکھتا ہے اور ہرگز امکان نہیں کہ بالمواجہ جبار اِدھر اُدھر ملتفت ہو بلکہ باستغراقِ فہمِ معانی آیاتِ قرآنی مشغول ہے چنانچہ سورۃ اخلاص پڑھتا ہے:

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اے جامعِ کمالاتِ انسانی اور اے نکتۂ پرکارِ عرفانی تو یوں کہہ وہ ذات بحت اقدس غیب الغیب جس کا نام باعتبار استجماعِ کمالاتِ وجوبیہ اللہ ہی ایک ہے کہ تجزی و تعدد سے پاک ہے متوحد بذات و منفرد بصفات ہے لفظِ قُلْ امر ہے مبدئ فیضِ اہدائے صراط مستقیم سے جس کے لئے بندہ استقدامِ درخواست پر باختصاصِ اجابت ممتاز فرمایا گیا اور اس امر پر ثمرۂ قبول مترتب ہوا اور کلمہ ھُوَ کہ مبطلِ تعطیل ہے باثباتِ اعتقادِ ہستئ مطلق وجودِ حق فرقۂ باطلہ معطلہ کے معتقدات کا برہم زن ہے اس کہنے سے بندہ وجودِ حق کا مقر ٹھہرا اور تعطل سے تبرا کیا کفر کی ایک بھاری صنف سے نجات پائی اور والہانِ بارگاہِ تعشق کو تقدسِ نورانیتِ ہویت کے مشاہدہ سے حظِّ وافی دستیاب ہوا اور سر الاسرارِ حقیقتہ کی صواعقِ تجلیاتِ تنزہ میں فنائے تامہ سے مختص بمحویت ہوا قرب و بعد وصل و فرق بسط و قبض خیر و شر کے ملاحظۂ تضاد سے گذرا اور یہ مقام منتہائے مراتبِ انسانیہ ہے اور ذات حق وراء الوری ہے اور جو کہ شروع نماز میں اللہ اکبر کہنے سے مصلی نے اپنی عقل و معرفت کو ادراکِ کبریائے حق سے قاصر جانا تھا اس

علم کا تحقق یہاں پر عیناً و حقاً ہے بحسبِ مراتبِ اربابِ حقایق و اہلِ معارف چونکہ یہاں پر سب کے سب اعتباراتِ وجوبی اور امکانی مفقود ہیں اور بحیثیت منشائے کمالات مبطونہ مقتضیٰ اضافاتِ اسمائیہ و اتصافِ صفاتِ نامتناہیہ ہے عارف کو بافاضۂ وجودِ تنزلات حقایق کے مشاہدہ سے بحیاتِ عرفان زندہ فرمایا جاتا ہے اور بذکر اسم اللہ کہ باعتبارِ جامعیتِ اسمائے و صفات کمالات وجودِ مسمی سے خبر دیتا ہے ابطال سفسطۂ فلسفیہ جتلایا جاتا ہے کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ ذات موحِدہ کے لئے نہ کوئی اسم ہے نہ صفت ارادی پس اس ذاتِ اقدس کو اللہ کہنے کے سبب بندہ تشبہ فلاسفہ سے متخلص ہوا اور ان میں کے اندراج سے بریت پائے کفر کے مہا جال سے نکلا تشنہ کامانِ فیافی اشواق کا کام جان بعین الحیوانِ جمع الجوامع سیراب ہوا نورِ تنزہِ مسمی تقدسِ اسم سے بانتزاعِ خلعتِ استقلالِ وجودِ مکوناتِ لامع ہوا اور مرکز دوائر الیه المأب و الیه المصیر و الیه یرجع الامور اُسی کو پایا محض ہویت کو بتجلیِ جامعیت متجلی اللٰہیت جانا علو و عظمت و کبریا و جبروت و جلال و دیگر صفات کمال کا مرجع اُسی کو پہچانا اور بس۔ اس لئے اس کا اتصاف احدیت سے ہے جب اس کو احد کہا تو تشریک ثنویہ کے طریق سے فرار کیا اور اس کی درکِ ماہیت سے مقر بعجز ہو کر انانیت سے انکار کیا اور احدیتِ حق کے اعتقاد سے اپنے دل کو اطمینان دیا اس آیت کریمہ کے اقرار سے شرک عددی بیخ و بُن سے گئے اور کنوز مخفیہ توحید سے مُطلع ہو کر اعتبار تجزی و تعدد کو ہاتھ سے پھینک مارا اب کہتا ہے:

Marfat.com

اَللّٰہُ الصَّمَدُ۔ اللہ سبحانہ بے نیاز ہے اور سب اُسی کے دربارِ احسان کے نیاز مند ہیں اُس کو کسی کی پروا نہیں اور مخلوقات کے مایحتاج کا تہیہ اُسی کے قبضۂ تصرف میں ہے اور خود کسی چیز کا محتاج نہیں ابقائے سلسلۂ اکوان بصمدیتِ ایزدِ منان ہے اجزائے عالم سے کوئی شے غیر محتاج پائی نہیں جاتی اشیاء ایک دوسرے کی احتیاج سے استغنا نہیں رکھتی ہیں اور اہل عالم کے تسلسل احتیاج کا انقطاع اشیائے عالم میں ہے صورت پذیر نہیں، چاہئے کہ کہیں منتہی ہو اور یہ بھی ضرور ہے کہ جس پر یہ سلسلہ منتہی ہو وہ خود تقسیم پذیر نہ ہو ورنہ اس کے اجزا ایک دوسرے کے محتاج ہوں گے اور اُس میں تعدد نہ ہو تا کہ تمانع و تدافع لازم نہ آوے سو وہ فقط ایک ذات ہے کہ باتصافِ احدیت و صمدیت متصف ہے پس اس کا خود محتاج نہ ہونا موجبِ انقطاعِ سلسلۂ احتیاج ہے اور وہ جو چاہتا ہے سو کرتا ہے ابتداء و انتہاء سے پاک ہے اور اس کی کُنہ میں کسی کی درک کی دسترس نہیں جب بندہ نے اس کو نقصِ احتیاج اور عیوب کمال سے منزہ و مقدس بیان کیا تو ان کافرانِ سفاہت کیش کے حلقہ سے باہر نکلا کہ کہتے ہیں کہ وہ اپنے اظہارِ صنع کے لئے ہیولی کا محتاج ہے اور کہتے ہیں اس کے افعال ارادی نہیں ہیں اور سوا اس کے مُدبّرانِ ازلی کے اقوال کی تقلید سے چڑتا۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ کہنے سے بندہ نے بخلاف مذہبِ مشبہ ذاتِ حق کو لوث تشبیہ سے مبرا مانا اس کی عقل نے نورِ صداقت سے استنارت کی پھر کہتا ہے:

لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ نہ اُس نے کسی کو جنا اور نہ کسی نے اس کو جنا تناسل و توالد

Marfat.com

کو اس سے کچھ مناسبت نہیں کیونکہ اس سلسلہ کے لئے تجانس درکار ہے سو یہاں یہ ہر گز نہیں یہ عقیدہ باطلہ یعنی تجانس و تناسل کو حق سے منسوب کرنا ارذل الاراذل اقوام کا مذہب ہے کہ بداہتِ عقلیہ کو بھی چھوڑ گئے چنانچہ یہود عزیر ابن اللہ اور نصاریٰ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْمَسِیْحُ ابْنُ مَرْیَمَ کہتے ہیں خواہ وہ کسی اعتقاد سے کہیں فقط ان کا یہ تلفظ ہی کفرِ محض ہے ولد و والد میں مثلیت و شباہت ہوا کرتی ہے ذات موجدہ اس سے پاک ہونی شرط ہے لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ کہنے سے بندہ کا نفس شرکت تعلیل سے پاک ہوا اور اقوال اجلاف سے بیزاری ظاہر کی اور حمیت اسلام پر ثبات حاصل کیا پس کہتا ہے:

وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اور اسؐ کے لئے کوئی ہمتا و ہمسر نہیں ہے نہ ضد اًنہ جنساً مجوس و مشرکین کے معتقدات سے اس کہنے پر بندہ نے اپنا تنفر ظاہر کیا اور جمیع اقسام شرک سے اپنے ظاہر و باطن کو پاک کیا چونکہ یہ سورت اخلاص دافع جمیع اطوارِ شرک و کفر ہے اس لئے اس سورت کی عظمت نہایت بڑھ کر ہے یہی سبب ہے کہ عامہ کو نماز میں پڑھنے کے لئے یہی سورت سکھائی جاتی ہے صحابہ سے بعض اپنی نمازوں میں اس کو پڑھتے اور اگر اور سورۃ بھی قرات کرتے تو اس کو بھی ضم کر لیتے جب حضرت نبوت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کے سبب کا استفسار ہوا تو گزارش کی کہ اس سورۃ سے مجھ کو محبت ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس پر خوش ہوئے اور اس عمل کو پسند فرمایا بالجملہ جب مصلی بحالتِ قیام کہ مشیر بہ طلبِ ثباتِ دوام

واستقامتِ مستدام ہے بتلاوتِ کلام ملکِ العلام مشغول ہوتا ہے تو اس کا دل اس حال کا مشاہد ہوتا ہے کہ کلام کو صاحب کلام سے استماع کر رہا ہے یا اس کے کلام پاک کو اُس پر عرض کر رہا ہے اور اس کو متوجہ بحال خود پاتا ہے اور ملاحظۂ احسان سے غافل نہیں ہوتا اور اپنے اس حال پر اس کی نگرانی علی الاختصاص کو بحکم الَّذِیْ یَرٰیکَ حِیْنَ تَقُوْمُ ○ وَتَقَلُّبَکَ فِی السّٰجِدِیْنَ ○ جانتا ہے تو آخر صاحب کلام کے جلال قدوسیت کے سامنے اپنی ذات میں طاقت قیام نہیں پاتا اور یقین کرتا ہے کہ اس ذات اقدس کی بڑائی میری عقل و معرفت کے درک سے نہایت اعلیٰ ہے اس لئے بنابر اظہارِ عجز و تواضع اور بشکرانۂ اعزازِ قبول اللہ اکبر کہتا ہوا اپنے پروردگارِ رحیم کریم کی تعظیم کو جھکا چلا جاتا ہے اور اپنے امکانی انتقالات کے مشاہدہ سے استقلال عظمت وجوبی کا مشاہد ہوتا ہے اور نہایت تذلل و عجز سے اپنے رب کی پناہِ عظمت میں بتکرارِ اسنادِ ربوبیتِ مولی بذاتِ خود ذکرِ عظمت ربانیہ سے مقامِ تواضع میں اطمینان پاتا ہے اور اس مطلب کو زبان سے بدین عبارت ادا کرتا ہے:

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْم پاک ہے میرا پروردگار مالک صاحب عظمت کہ اس کی بڑائی کی ہیبت نے مجھے دوتا کر دیا: سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْم اس کی سبوحیت موجب عظمت ہے اور عظمت موجبِ سبوحیت۔ ایسے سبوح عظیم کی بارگاہ جلال میں مجھ بندۂ افقر الفقراء کو یارائے گویائی کہاں ولیکن بحکم آنکہ میں بندہ اس کی ربوبیت کا

Marfat.com

مربوب ہوں محض اپنے فضل و احسان سے مجھے طریقِ تعظیم تلقین فرمایا چونکہ یہ تخصیصِ تلقین بطریقِ اختصاص ربوبیت علی العموم پر مستزاد ہے مصلی اپنی ممنونیت و عجز ادائے شکر اور فضل و احسان منان کی یاد پر اس عبارت متضمن تسبیح و تعظیم کو تکرار سے ادا کرتا ہے اور بمقابلہ عظمتِ غفار اپنے عجز و افتقار پر دھیان کر کے ہیبت اور شرم کے مارے مؤدبانہ پشتِ پا پر نظر رکھتا ہے پھر برعایتِ ادامتِ عجز و افتقار خود و قدامتِ عظمتِ پروردگارِ خود اپنی استقامت کے اشارہ پر سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہتا ہوا سیدھا کھڑا ہو جاتا ہے اور اپنے دل کو بامید واریٔ رحمت تسلی دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے سن لیا اور قبول کیا اُس شخص کی عرض و آرزو کو جس نے اس کی حمد کی میں نے کسی بے خبر کی تسبیح و تعظیم نہیں کی بلکہ شنوا دانا بینا کی تمجید و تحمید کر رہا ہوں پھر یہ استماعِ تحمید اس سمیع علیم کو مجھی سے مخصوص نہیں بلکہ ہر حامد کی حمد کو سنتا جانتا ہے اور قبول فرماتا ہے اب بحالت قومہ بارادۂ ادائے شکر عطیۂ نعمتِ استقامت اس مقام کو بتحمید ہادی مطلق کہ بعد تسمیع نہایت مناسب مقام ہے مخصوص کرتا ہے اور باستغراق لذت حضور کہتا ہے:

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ اے ہمارے مالک تجھ ہی کو حمد ہے یہاں پر مصلی جمع کی ضمیر سے یہ مراد رکھتا ہے کہ میرا اور سارے جہان کا مالک وہی رب واحد ہے دیگر سب مربوب مملوک پس مرجع حمد علی التمام و الکمال وہی احد الصمد ہے سو استحقاق عبادت و اعانت اس کے غیر کے لئے ممکن نہیں و العیاذ باللہ اگر بحالت

Marfat.com

رکوع خیالِ غیر مرتفع نہ ہوا تو گو کلام سچا کہے حقیقت میں خود جھوٹا ہے کہ غیر کو دل میں جگہ دینی اس کی عظمت پر ناظر ہے سو باوجودِ عظمتِ غیر عظمتِ الٰہی کا اس کے دل پر ثبوت نہ ہوا اور اگر ہوتا تو عظمتِ حقی کے جلالِ قدس میں عظمتِ غیری کو دھیان میں نہ لاتا پس شائبہ نفاق سے خالی نہ ہوا زبان کچھ کہتی ہے دل کچھ ٹٹولتا ہے ویسا ہی بحالتِ قومہ خطور خطرۂ واجب الارتفاع پر تشغلِ خاطر نشانِ دورنگی ہے اگرچہ بتقاضائے قیاس میدان غالب کو ہے مگر بارگاہِ عظمت و جلال میں شائبہ اشتراک تھوڑا سا بھی قابل قبول نہیں میرے پیارے مصلی دل کا پاؤں سنبھال کہ نہ پھسلے ایسا نہ ہو کہ بوقتِ کشف الغطایا ظاہر کی نسبت باطن میلا نکلے اور تیرے کھوٹے مال کو صراف نہ خریدے یا تیرے زرِ قلب کی کسادت کو جہنم کی گٹھالی میں گلایا جاوے اے ہمارے مالک تو ہی اپنے فضل سے ہمیں طریقِ استقامت کی ہدایت فرما ورنہ ہمارے دل ہاتھ سے اور ہاتھ دل سے چھوٹے چلے جاتے ہیں۔

جب مصلی نے یہاں تک بکمالِ خلوص استجلائے قلب میں سعی کی تو دل بتجلیاتِ انوارِ حقیقت روشن ہوا اور بسبب اس روشنی کے قابل قبولِ عکوسِ حقایق ہو گیا اب بمشاہدۂ ارجاعِ حمائد بمحمودِ حقیقی اپنے آپ سے بانسلاخِ محامدِ محو کبریائے الٰہی ہو کر بانخفاضِ استہلاک اپنی نفی پر مشرف ہوتا ہے اور اللہ اکبر کہتا ہوا اپنی ناک خاک پر رگڑتا ہے اور ماتھا زمین پر دھرتا ہے اور اپنے ظاہر کو راجع باصل

Marfat.com

کرتا ہے اور خاک فنا میں ملا چلا جاتا ہے اور اپنی روحانیت سر خفیہ اس کی اصل کو سپرد کرتا ہے اور وجودِ اعتباری کو علوِ مولی کریم میں پست کر کے باضمحلالِ لوازم وجودِ مستعار، مشاہدہ ہی مشاہدہ رہ جاتا ہے بلکہ مشہود مقصود۔ اس غایت قرب میں بھی اس کی عبودیت باقرارِ مربوبیت اپنے مالک کے علو میں اپنا انتفا جتلاتی ہے کہ

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى پاک ہے میرا پروردگار بہت اونچا اور اس کی اونچائی از روئے مکان کے نہیں مکان کی خود اُسے احتیاج نہیں بلکہ سب بالا و پست کا خالق وہی ہے اُس کی اونچائی از روئے کمالِ ذات و صفات ہے کہ وہاں تک کسی کی فہم و درایت کی رسائی نہیں وہ مخلوقات کی دریافت سے بہت اونچا ہے علوِ حق مستلزمِ دنو عبدِ ضعیف ہے اور یہی دنو موجبِ استہلاک حادثیتِ محدثات۔ پس عین علم ازلیت و ابدیت واجبِ قدیم بمنزلہ روحانیتِ ساجد ہے اس کو پھر بمقتضائے حکمتِ ازلی بنا بر اتمامِ انعام احداث فرمایا جاتا ہے بوقت رفعِ راس بمعاینۂ انتقالِ حال مصلی پُر ثباتِ دوام و قیومیتِ ذات موجدہ منکشف ہوتا ہے تو اپنے مالک کے علو و کبریاء کے ملاحظہ سے اللہ اکبر کہتا ہوا دست بزانو مؤدب بیٹھتا ہے اور بتقاضائے احتیاج ذاتی دل میں مراحم شاہنشاہی کا امیدوار ہوتا ہے اور جانتا ہے کہ مالکِ ارحم الراحمین نے محض فضل سے مجھ بے سروسامان کو بمقامِ تقربِ خاصہ تمکن دیا اور باستعدادِ سجدہ موفق فرمایا تو مجھ پر یہ بھی فرض قرار پایا کہ اعزازِ تقرب کا شکریہ بسجدہ ثانیہ ادا کروں پھر بتکرار تکبیر اپنے معبود بحق کو یاد کرتا ہوا منخفض ہوتا

Marfat.com

چلا جاتا ہے مستقرِ فناء تامہ میں مثل سابق بتکرارِ تسبیح سر بسجدہ ابدیت و ازلیت مولی کا مشاہد ہوتا ہے اس کو پھر مرتبہ فناء الفنا سے بقاء البقاء احیا فرمایا جاتا ہے تو باقرار اکبریت مالک مقامِ استقامت کو سنبھالتا ہے اور جلسۂ بین السجدتین کی بقاء سے ازل اور ابد کے بیچ میں اپنا حدوثِ ناپائدار تصور کرتا ہے گویا اس کی پہلی رکعت کی استقامت کہ قبل از فنا و بقا تھی حکماً اکتسابی تھی اب دوسری رکعت کا قیام بمنزلۂ استقامت بمواہب مُبقی ہے اگرچہ صورۃً ادائے صلوۃ باقیہ مثل رکعتِ اولیٰ ہے مگر پایہ بپایہ بحالت معراجیہ رو بترقی ہے اور اس پر دمبدم مکاشفات عجیبہ و معارف غریبہ منکشف ہوتے جاتے ہیں اور یہ معراجِ مصلی انعکاسِ معراج محمدیہ عَلٰی صَاحِبِهَا الصَّلَوَاتُ الْاَبَدِيَّةُ وَ التَّحِيَاتُ السَّرْمَدِيَه سے ایک شعبہ ہے آنحضرت خیر البشر کو معراج روحانی و جسمی بطرزِ اصلیت نصیب ہوئی ہیں اور سائر مومنین کو حسبِ مراتب استعداداتِ متفاوتہ روحانی طور پر بپایہ ظلیت ہے اور افراد امت کے اکمال کو یہی بس ہے ان کی استعداد قابلیت اس سے زیادہ کی متحمل نہیں ہو سکتی احاد امت کے پایۂ علو کا اقصی الغایات کمال معراج روحانی ہے جس کا مجلی خاص بحالتِ صلوۃ مختص ہے جب مصلی شفعۂ صلوۃ کے طے مراتب پر حسب استعدادِ قابلہ موفق ہوتا ہے تو باکرامِ تجالس بمجلسِ فایزینِ بارگاہ عزوجل مکرم و معزز فرمایا جاتا ہے گویا ندماء حضور کے زمرہ کرام میں بٹھایا جاتا ہے گو اس کا رتبہ کہیں پست تھا باوجود اس کی خدمت

Marfat.com

پسندی کے صلہ میں اس کو گردن فرازان قربِ کے دوش بدوش اجلاس کا حکم صادر ہوا تو یہ اپنی پست قدری کی شرمساری میں ملک المنان کے اکرام کا ممنونِ احسان ہو کر سر جھکائے دست بزانو مودب بیٹھ جاتا ہے شرم اور دہشت کے مارے اِدھر اُدھر التفات نہیں کرتا۔ بہمان حسنِ عقیدۃ و صحتِ ارادۃ و خلوصِ محبت و تلذذِ انس والفت و غلبہٗ اشتیاق و کمالِ استغراق اپنی توجہ اپنے مالک ہی کی طرف درست رکھتا ہے اور اپنی اس حالت معراجیہ کو لمعات معراج محمدیہ سے ایک لمعہ پاتا ہے اور تصدق نبویہ خیال کرتا ہے تو قاعداً تسلیم دربار ادا کرنے میں معراجِ نبویہ کی حالت کو بطرز اخبار اور اپنے التذاذِ ذوقیہ کو بطور انشاء ایک ہی عبارت میں گزارش حضور کرتا ہے اور کہتا ہے:

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَ الصَّلَوَاتُ وَ الطَّیِّبَات عبادات لسانیہ و بدنیہ و قلبیہ اور خیرات اموال طیبہ سب اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں مستحق اقسامِ عبادات معبود حقیقی کے سوا اور کوئی نہیں ہے دل میں اس پر ثبوت طلب کرتا ہے پھر اگر کبھی کسی کی مدحت و تبجیل میں ایسے کلمات یا افعال کو استعمال میں لاوے کہ مخصوص بحق ہیں تو اپنے قول پر واثق نہ رہے گا بے شک مقام قرب سے راندا جانے کے قابل ہو گا شاید پھر اس کاذب اپنے کلام کے مکذبِ بے اعتبار فرمایہ ناقدردان کو ایسے مقام قرب میں بیٹھنے سے روکا جاوے نعوذ باللہ من ذلک اب شاہنشاہی دربار کے ندیم اعظم عمدۃ الملک والملکوت مدار المہام اہدا و ابلاغ خان خانانِ رسالت و نبوت

Marfat.com

کی طرف ملتفت ہوتا ہے بطرزیکہ توجہ شاہنشاہی سے بھی غافل نہیں ہوتا بلکہ اس التفاتِ سپاس گزاری کو ذریعہ خوشنودی ملک العلام سمجھتا ہے تو اپنے رہبر بحق مرشد مطلق کو متعظماً سلام عرض کرتا ہے اور اختصاصِ نوال مراحم شاہنشاہی سے متصف بیان میں لاتا ہے اس طرز کی سپاس گزاری میں توجہ خاص سے بھی نہ اکھڑا اور خدمت خادمانہ کو بھی ادا کیا بلکہ اپنے اقتدارِ جزئیہ کو بظلِ حمایتِ جامعِ فضایل کلیہ بڑھانا چاہاتو کہا:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ حقیقتِ نبویہ مستحضرہ کی خدمت فیض درجت میں مشاہدۃً ومشافہۃً معروض کرتا ہے: سلام ہے آپ پر اے نبی سید الانبیاء اور اللہ کی رحمت اور خوبیاں اصالتاً مجلی رحمت وبرکات فقط تیری ذات پاک ہے ہم سب خُدّامِ دربار اقتباسِ انوارِ قرب میں تیرے طفیلی ہیں اصل اصولِ کمالِ کونیہ تو ہی ہے اور بس۔ گویا مصلی کی روحانیت کو روحانیتِ نبویہ سے ملاقات نصیب ہوئی اور ادب سے سلام عرض کیا۔ اب مصلی نے بتشاہدِ تقدمِ وجود نبویہ اس کی مرآت صفا میں اپنی ذاتِ گم شدہ کو مقامِ فخر صف النعال خدام باب العالیہ میں پایا تو اپنے آپ پر اور اپنے آگے کی صفوفِ صلحا پر سلام بولتا ہے آپ خواہ صلحاء میں داخل ہے خواہ نہیں مگر ادب اپنے تاخر میں ہے اس لئے بنابر حفظ ادب امتیاز سے اس سلام کو بدیں عبارت ادا کرتا ہے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَ عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ سلام ہے ہم پر اور اللہ کے نیک

Marfat.com

بندوں پر اپنے پر سلام کرنے میں ضمیر جمع کا لانا اس لئے ہے کہ اپنے متماثلین و متجانسین کو اپنے نفس سے مساوات پر رکھے یہ بھی ایک حقوق اسلامی سے ہے ہدیۂ سلام سے من جملہ برادرانِ دینی کوئی بے بہرہ نہ رہے گویا مصلی کہتا ہے کہ سلام ہے مجھ پر اور اُن پر کہ میری طرح بتلوثِ معاصی متلوث ہیں لیکن بمحض کرمِ کریم بتقرب سجود میری طرح موفق ہوئے ہیں یا مطلق ایمان سے نصیبہ رکھتے ہیں اس میں میرا ان سے تجانس ہے اور استحقاقِ سلام کو تحقق بایمان شرط ہے اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام بدرجہ اولیٰ ہے کہ بعض حقیقت میں ہم کو اُن سے تجانس بھی ہے اور بسبب بعض فضایل زایدہ وہ ہم سے امتیاز بھی رکھتے ہیں عطف واوی جمع و تشریکِ معطوفات کے لئے ہے اسی میں تقیید ترتب نہیں تو نفس کو اعجاب نہ ہو کہ ہم موخر ہیں تو سلام میں تقدمِ رتبی کیوں ہے ہاں تقدمِ رعایتی ضرور ہے کہ بندہ کو اپنی بھلائی میں استقدام مشروع و محبوب ہے چنانچہ ادعیہ ماثورات میں وارد ہے گو بعض نے اس میں بھی ایثار کو اولیٰ جانا ہے جب بندہ نے اپنا اجلاس اس بارگاہ معلی میں دیکھا جہاں پر فخر انبیاء و مشاہیر اولیاء بھی شرف حضور رکھتے ہیں اور اپنا الحاق زمرۂ صلحا سے دیکھتا ہے تو دل میں شرماتا ہے کہ میں بدیں ناشائستگی کیا ہوں کہ مجھ میں اس منصب کی قابلیت ہو اور ڈرتا ہے ایسا نہ ہو کہ معاذ اللہ یہ فضل از قسم استدراج ہو اور انجام کار دھکیلا جاؤں اس لئے وسیلۂ قبول دوام کا اپنے آپ میں تجربہ کرتا ہے کہ وہ پہلے سے بعطیۂ شاہنشاہ تشریفِ ایمانی جس میں سندِ حضورِ

دربار منقش ہے اس کے پاس موجود ہے جب تک اسے چیر نہ ڈالے اور نہایت میلا کچیلا نہ کر دے بلا تجدیدِ استیذان باوقات مقررہ دربار میں حاضر ہوتا رہا کرے اور ہر حاضری میں تشریف مُسْنَد کو حضور اقدس میں پیش کر لیا کرے اس کا چر جانا ایمانیات کا انکار ہے اور میلا کچیلا ہونا مصلی کا تساہل و تغافل پس جب تک اس کی ذات سے تخلف ظہور میں نہ آوے گا یہ حضورِ دربار و اجلاسِ مجلس افتخار سے روکا نہ جائے گا بے شک بے کھٹکا حاضر ہوا کرے سنبھل رے مصلی! کہیں بحالتِ سیہ مستی سراسیمہ گردی تیری خلعتِ فاخرہ میں پارید گی تو نہیں آئی اور اگر ایسا ہوا بھی ہے تو بشرطِ خلوصِ صدق اس کی تجدید کا موقع ملا ملایا ہے اور اگر خیر ہے تو اس پر سے گردِ تغافل کو جھاڑ اور پیش کر کہ پھر بھی تو استلذاذِ حضور کا امیدوار رہے یہی تشریفِ مسندِ معلی تیری وجاہت و اقتدار کا موجب ہے جس کے سبب تو خاصانِ دربار میں محسوب ہوا اور تو اِسی خلعت عظمی کے وسیلہ سے طے مراحلِ ماسبق پر مستطیع ہوا اور رتبۂ مُجالسِ صلحاء کو پہنچا اور اب وقتِ صفا ساز گار ہے کہ تجھے نوازشِ رضوان سے اور مشرف فرمایا جاوے دیکھ یہ وہ مقام آیا ہے جہاں تک پہنچنے کو تو نے بھاری قصد کیا گویا ساری نماز سے مقصود یہی مقام تھا بلکہ سب دینیات اسی مرکز کے دوائر ہیں اول اسلام و انجام مہام اسی مقام کے ثبوت کا نام ہے وتشریفِ مسند کہ بارادۂ نمایشِ صفا مصلی حضور میں پیش کرتا ہے یہ ہے کہ کہتا ہے:

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ میں شہادت

Marfat.com

بھرتا ہوں یہ کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی الہ نہیں اور شہادت بھرتا ہوں یہ کہ بے شک محمد ﷺ اس کے بندہ اور اس کے رسول ہیں درحقیقت یہ کلام سچ میں نہایت پُورا ہے لیکن بندہ کی مفید مطلب جب ہے کہ اسنادِ شہادت اپنی طرف کرے ورنہ صدہا باتیں اوروں کی طرف نسبت کر کے کہا کرتا ہے حال آنکہ ان باتوں کا التزام اس سے نہیں ہوا کرتا پس شہادتین میں جس درجہ کا بندہ کو ثبات ہو گا ضعف و قوۃ میں اس کا مرتبۂ ایمان وہاں تک ہو گا اور اسی پر اس کے شجرۂ اعمال کا ثمرہ مترتب ہو گا ایمان میں اگرچہ کثرت و قلت نہیں مگر ضعف و قوت ہے اگر بندہ اس کہنے میں متزلزل ہے تو اس سے کہا جاوے گا کہ یہ کلمتین حق ہیں مگر تو جھوٹا ہے اور منافقوں کے حق میں ایسا ہی کہا جاتا ہے جس وقت مصلی کلمۂ اشہد زبان پر لاتا ہے تو اپنے ظاہر و باطن کو خوب احتیاط سے سنبھالتا ہے بخوف آنکہ ادائے شہادت میں پھسل نہ جائے کیونکہ محکمۂ حاکم صاحبِ ہیبت میں بعض گواہ اگرچہ سچی گواہی دیں تو بھی تھرتھراتے ہوئے اظہار دیتے ہیں ان کی گواہی چنداں قابل اعتماد نہیں ہوتی کیونکہ ان کے حال سے جانا جاتا ہے کہ اس کا بیان کسی علت سے خالی نہیں سو اس کے تھرتھرانے کے دو سبب ہوتے ہیں ایک یہ کہ اپنے آپ کو باایں حقارت عالی اقتدار کی پیش گاہ میں دیکھتا ہے اور تجملِ دربار کو نگاہ کرتا ہے تو ہیبت زدہ ہو کر دودلا سا ہو جاتا ہے اور اپنے آپ کو اس بارگاہ سے بیگانہ خیال کرتا ہے جس سے یاس کی بو آتی ہے۔

اس کا علاج یہ ہے کہ اس کو بوقتِ شہادت چاہئے کہ اپنی ذات سے اور اپنی ذات کے دیگر مضافات سے کہ ان میں سے بھاری مفصلاتِ علمیہ ہیں اور ماوراء الحق آنکھیں نوٹ کر بپاسِ ادب عظمتِ احکم الحاکمین کو رعایت کرے اور تصورِ بیگانگی کو بیخ وبُن سے اکھاڑے اور سچی گواہی سے نہ شرماوے اور دوسرا سبب اس کے تھرتھرانے کا یہ ہے کہ جس بات کی گواہی دیتا ہے اُس میں اس کا پایۂ تیقن کمال کو نہیں پہنچا ہوتا اور مشاہدۂ معاملہ سے بے بہرہ ہوتا ہے فقط سنی سنائی بات کی گواہی دیتا ہے اس لئے ڈرتا ہے کہ مجھ سے اس معاملہ کے بعض خصائص کا سوال ہوا تو رہ جاؤں حالانکہ میں سماعِ افواہ کو بمنزلۂ مشاہدہ بیان کرنے لگا ہوں اس وقت میری قلعی کھل جاوے گی سو اس کا علاج یہ ہے کہ قبل از حضورِ دربار اپنے معاملہ مشہود علیہ کی حقیت کا یقین پورا کر چکا ہو اور بمتانتِ تیقن جان چکا ہو کہ یہ امر مشہود علیہ میری وثوقِ اعتقاد بالسماع والاستدلال کی جہت سے معاینۂ صریح پر فوق کلی رکھتا ہے اور اس میں رتبۂ یقین علم و عین دونوں کے درجہ سے بڑھ گیا ہے کیونکہ مخبر اصدق رسول برحق ﷺ سے بتواترِ تمام اس امر اوضح الدلالت کی تنصیص مجھ کو موصول ہوئی ہے جس میں شائبہ شکوک کو دخل نہیں ممکن ہے کہ میرے محسوسات میں بوقوعِ خلل فرق ہو مگر صداقتِ نبوی میں مطلقاً خلل مظنون نہیں بآنکہ بوضاحتِ دلائل امر مشہود علیہ رتبہ کمال بداہت میں ہے یہاں تک کہ باتباعِ علمِ عقلیہ قوائے حسیہ بھی اس امر میں متفق الشہادۃ ہیں اس لئے اس

Marfat.com

شہادت کا بلا تردد ادا کرنا مجھ پر فرض ہے اس شہادت کا انحصار فقط سماعِ افواہیہ ہی میں نہیں بلکہ سماعِ افواہیہ لمعاتِ حقیقت سے ایک لمعہ ہے پس معائنہ سے بڑھ کر ہے اور اس کی سب خصائص علی الاجمال ضمنِ اصل شہادت میں اندراج رکھتے ہیں بآنکہ اس کی مفصلات کا علم بطریق مذکور مجھے موصول ہو چکا ہے سو ایسی صداقت میں تزلزل کیسا۔ جب مصلی باطمینانِ تمام کلمہ اَشْهَدُ کہہ چکا تو لفظ اَنْ کے بعد مضمون شہادت کا بیان دیتا ہے چنانچہ کہتا ہے: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ اس کلمہ طیبہ میں تجلی جلال و جمالِ واحدیت بذاتہ کس عظمتِ وضاحت سے متجلی ہے لائے نافیہ سے فقط سلبِ صفتِ استحقاقِ الوہیت ذاتِ ماسوی اللہ مراد رکھنا اور تقدیر محذوف میں افعالِ عامہ سے کسی ایک پر اقتصار کرنا کہ تفہیم عوام کے لئے دلیل اقناعی قرار پائی ہے مصلی آشنائے بحر حقیقتہ کو مکتفی نہیں بلکہ اس کے مناسبِ حال یہی ہے کہ بحکم كُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ [القصص:۸۸] لائے نافیہ سے بشہودِ استہلاک و انتفاءِ سلسلہ جمیع محدثات سب اعتبارات امکانیہ سے دست بردار ہووے انتفاء اعتبارِ وجودِ ذواتِ غیر اللہ خود ان کے وجودِ صفات کے انتفاء کا مستلزم ہے پھر اسی انتفاء کے ضمن میں اعتبار صفت الوہیت غیری بھی منتفی ہے نفی الہ یا الوہیت سے نفیِ ممکنات بِاَسْرِھَا مراد لینے میں کوئی قائلِ استحالہ ہو تو جائے استغراب نہیں کہ اس کا مذاقِ وجدان اس علم مطلق و جہل بسیط سے چاشنی گیر نہیں ہوا صاحبِ ذوق لفظ الا کے استثناء سے بالافراد اللہ سبحانہ کی ذات

Marfat.com

مستثنیٰ پر وجودِ مطلق و الوہیت کا اثبات کرتا ہے پس الہیت جامع جمیع اسماء و صفات و حقایق و شیون حقیہ ہے فقط مشاہدہٴ صفت العلم و التکوین مقتضی ثبوتِ کثرت فی الوحدۃ کا ہے کمالِ توحید اس میں ہے اور بس۔ چونکہ اکثر بندوں کے ہوائے نفسانی میں الوہیتِ باطلہ کا ارتسام ہے پہلے اِسی بت کدہ کا توڑنا لازم ہے جب یہ اخبث الاصنام ٹوٹا تو اس کے لئے باقی سب ادنی درجہ کے اوثان ہیں بلکہ اسی کے شعب وہ سب ٹوٹ گئے تمام آلہہ باطلہ کے تعبد سے چھوٹا اب اس میں صلاحیت معرفت الہ واحد مستحق العبادت کی پوری ہوئی تو اللہ سبحانہ کے نام پر اثبات کیا سو مصلی نفی کے وقت باشارہٴ رفع شہادتِ صمصامِ لائے نافیہ کی ضربت سے اپنی ہستی کو معہ لوازمِ وجودِ مستعار کہ اس کے محسوسات و معقولات ماخلا اللہ ہیں دم کے دم میں خاکِ عدم میں ملا دیتا ہے اس وقت اس پر تسلسلِ امکان کا ورق یک قلم لپٹتا جاتا ہے نہ یہ رہا نہ اس کا اقتضاء رہا کیونکہ اقتضاء فرعِ وجود ہے اور یہ حقیقت وجود سے بے بہرہ مگر اقتضائے ایجاد موجد کو بقائے دوام ہے اسے آن کی آن میں تمثیلاً بمقتضای تحقق تجددِ امثال موجود فرمایا جاتا ہے کہ انوارِ بے کیف از فیض تجلی برقی اس کو ایک حیات تازہ سے مستفیض فرماتے ہیں اور یہ بوضعِ شہادت اثباتِ ذات اللہ سبحانہ پر حصر تمام کرتا ہے اس مقام میں بندہ کو سوائے وجودِ مطلق و ہستی ساذج اور کوئی کیفیت و ماہیت ملحوظ نہیں ہوتی اس نفی و اثبات کے رفع و وضع انتفاء و ابقاء کی عبارت و اشارت و بشارت کی لذت کو اسی کا مذاق پاتا ہے زہے دولت کہ اس

Marfat.com

لذت کو بھولتا نہیں اور اگر چاہے کہ اس لذتِ ذوقیہ کو بیان میں لائے تو امکان نہیں رکھتا کیونکہ اس کے بیان کے جولان کو کسی عبارت و اشارت کا میدان مکتفی نہیں خود آ اور دیکھ اور بس جب بندہ بالتذاذِ توحیدِ حقانی متلذذ ہوا تو تصور کرتا ہے کہ یہ طریقِ حصولِ نعمتِ عظمیٰ میں نے کس وسیلہ سے پایا سو یقیناً جانتا ہے کہ اس نعمت کے پانے کا وسیلہ حضرت خیر البشر سید الرسل محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں کہ ان کی معرفت اللہ تعالیٰ نے تربیت انسانی کے طُرُق تلقین فرمائے ہیں توحید ان سب میں اصلِ اصول ہے ساتھ ہی تصدیق و اقرار رسالت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم لزوم رکھتا ہے بلکہ ایک جہت سے اس شق کو تقدیم تقدیری ہے کہ جب تک کوئی ان کی رسالت کو بحق نہ یقین کرلے گا ان کی اور تعلیم پر کب استواری کرے گا اور توحیدِ الٰہی تعلیم محمدیہ سے ہے لیکن رکن اولی کو تقدم تعظیمی ہے اس لئے طالبِ ایمان پر لازم ہوا کہ اقرارِ توحید کے ساتھ ہی اقرارِ حقیتِ رسالتِ محمدیہ کا کرے اور اگر اس سے منکر رہے تو اس کا اقرارِ توحید بھی معتبر نہیں پس اقرار توحید و رسالت باہم لازم وملزوم ہیں ایمان واسلام واعمال کے مجموع کا نام دین ہے سو سارے دین کا مدار رسالتِ محمدی کے حق ماننے پر ہے اس لئے بندہ کہتا ہے:

وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ اس شہادت میں بھی وثوق ثبات اُسی رتبہ کا شرط ہے کہ توحید میں مذکور ہوا اور یہ شہادت استقلالاً علی انفرادہ موجبِ تحققِ ایمان ہے اور اقرارِ توحید حق کہ من جملہ تعلیم محمدی اہم و اولیٰ و اقدم

Marfat.com

معتقدات ہے تبرکاً اس کی ابتداء میں مذکور ہوا اور لایق یہی تھا یہاں شہادتِ محمدیہ میں بندے افراط و تفریط سے رکے ہوئے ہیں آنحضرت ﷺ کے عبد کہنے میں اہل کتاب وغیرہ کفار پر رد ہے کہ وہ اپنے انبیاء و اکابر کو بصفت الوہیت و نسبت بنوّت متصف کرتے ہیں اور رسول کہنے میں سب مخالفینِ اسلام کے طُرُق سے بیزاری مطلوب ہے اتصافِ محمدی میں اطلاقِ عبدیت جمیع مفاخر سے بڑھ کر مقامِ فخر ہے نہایت مقبولیت کا رتبہ ہے اس کے دقائق کو عرفاء جانتے ہیں اور رسالت خود مرتبۂ عالیہ ہے پھر رسالتِ محمدی کو بسبب بعض خصائص بینہ اور رُسُل کی رسالت کی نسبت حکم شاہنشاہی ہے جب بندہ باستعدادِ ایمان داخلِ اسلام ہوا تھا تو اسی کلمہ طیبہ سے تصدیق و اقرارِ توحید الٰہی و حقیتِ رسالت پناہی پر موفق ہوا تھا اب طَیِّ مراحل حضوری خاصہ پر مشرف ہوا تو اتمامِ مدارجِ قبول کا اعزاز اسی پر سر انجام پایا پھر بھی فتح البابِ قبول دوام اِسی کی استقامت اور اسی کے ثبات پر منحصر ہے جس کے انجام کار کا کلام یہی کلمہ ہو گا وہ بلاشبہ بہشت میں داخل ہوا بعض کو مطلق نجات بلا قلق و وصولِ درجاتِ رضوانِ حق کے لئے یہی کلمہ کافی ہو گا اور ذنوبِ ماتقدم سے ہرگز باز پرس نہ ہو گی اور اعمال سے مطلقاً پوچھے نہیں جائیں گے مکفر سیّات اور بلا تعمیلِ باقیات منتجِ جمیع خیرات و برکات ہو گا مثل حال اُس شخص کے کہ عمر بھر کفر و معاصی میں غرقہ رہا قبل از استحضار بدین تصدیق و اقرار بتوفیق غفار موفق ہوا اور اس کو لزومِ اعمال کی مہلت نہ ملی فقط اسی سے کامیابی حاصل کی

اور جو کہ اکابر دین ریاضاتِ شاقہ میں عمر بسر کرتے ہیں اسی پر ثبات حاصل کرنے کو مرنے سے پہلے مرتے ہیں اس وقت مصلی نے بتوفیقِ موفق حقیقی اس کلمہ پاک میں اپنے آپ کو صادق واثق پایا تو دل میں شکر بجا لایا بعد اتمامِ شفعہ اولیٰ اور رکعات بھی باقی ہیں تو کھڑا ہو کر الحمد پڑھتا ہے اور اگر یہی قعدہ اخیرہ ہے تو وقت خروج کو قریب پاتا ہے اپنے ہادیِ مشفق رحمۃ للعالمین کا جس کے تصدق سے یہ منصب پایا شکریہ ادا کرتا ہے نزولِ رحمتِ الٰہی کا اُن پر ذکر لاتا ہے اور تعظیم واپسی کو کمال دیتا ہے اور بصدقِ تمام پڑھتا ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اے الٰہی صلوۃ یعنی درود رحمت خاص بھیج حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بقدرِ تقاضائے قابلیت ذاتِ محمدیہ اور آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی حسبِ استعدادِ ذواتِ آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ جیسے تو نے صلوۃ بھیجی ابراہیم علیہ السلام پر بروفق تقاضائے قابلیتِ خلیلیہ اور ابراہیم علیہ السلام کی آل پر اُن کی استعداد کے مطابق۔

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ بے شک تو ہی ہے سراہا گیا بزرگ جو کہ بعض ظاہر بین کو اس تشبیہ میں شبہ ہوتا ہے مشبہ و مشبہ بہ کو از روئے فضل سیاقِ عبارت میں علی العکس پاتے ہیں بضمن ترجمہ وہ رفع ہوا اگر کوئی کہے کہ محررِ رسالہ نے تقدیرِ عبارت میں معنی کا مدار اپنی رائے پر رکھا ہے بلا دلیل معتبر نہیں تو اس کو کہا جاتا

Marfat.com

ہے کہ اس کی دلیل کتاب اللہ میں موجود ہے چنانچہ فرمایا ہے: اَحْسِنْ کَمَا اَحْسَنَ اللّٰہُ اِلَیْکَ یہاں پر احسانِ عبدی بقدرِ امکانِ عبد مراد ہے اور احسان الٰہیہ شایانِ شانِ بارگاہِ قدس عموماً جملہ متبعین بحکم مَنْ سَلَکَ طَرِیْقِیْ فَھُوَ آلِی داخلِ آلِ محمدیہ ہیں خصوصاً اہل بیت نبوت تا منتہائے سلسلہ بنی فاطمہ رضی اللہ عنہا۔ پھر مصلی کہتا ہے:

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْد

اے الٰہی برکت بھیج اوپر محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آل محمد کے جیسا کہ تو نے برکت بھیجی اوپر ابراہیم اور آل ابراہیم کے تو ہی ہے سراہا گیا بزرگ جب درود نبویہ سے فارغ ہوا تو اب بوقتِ رخصت ثمرۂ قبول کا امیدوار ہو کر کچھ دعا مانگتا ہے جس میں اس کا بہبود ہے مثلاً یہ سوال کرتا ہے:

رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَاب اے ہمارے پروردگار مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور سب ایمان والوں کو قیامت کے دن جب مصلی اِس یا اور ایسی دعا سے مستفید ہو چکا تو دربارِ عالی سے رخصت ہوتا ہے دائیں طرف منہ پھیرتا ہے تو ادھر کے ملائکہ اور اہلِ جماعت کو سلام کرتا ہے:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللہ سلام ہے تم پر اور اللہ تعالیٰ کی رحمت گویا پیشتر ان سے غائب تھا اب روبرو ہوا اور ملاقات کا سلامِ معروف بجالایا اسی طرح بائیں کو توجہ کرتا ہے تو اُدھر کے زمرہ پر سلام بولتا ہے: اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللہ بامدادِ الٰہی اب نماز سے فارغ ہوا۔ جاننا چاہئے کہ تکرارِ ارکان و اذکارِ صلوۃ میں حکمت یہ ہے کہ عادۃً تذکرِ مبانیِ دین پر بندہ کا محاورہ مضبوط ہو جاوے تو مقاصدِ وصولِ مراد علی الدوام اس کے دل میں مستحضر رہیں اس سے ایمان مستحکم ہوتا ہے پھر عمر بھر کے التزام پر تادمِ واپسیں ثبات مرجوّ ہے اور مطلوب یہی ہے اور بھی بار بار دیدارِ محبوب سے سیری نہیں ہو سکتی بلکہ ایک دفعہ جس اچھے لباس میں جلوہ گر دیکھا ہے پھر بھی اُسی جلوہ کا شائق ہوتا ہے میلانِ قلبی خواہ نخواہ ادھر ہی لئے جاتا ہے لہذا از روئے رحمت قدیم اس پر نظارہ دوبارگی کا لزوم قرار پایا اور سبب یہ کہ ارکان واذکارِ صلوۃ میں معارف اقصیٰ غایت کا اندراج بطرزِ کمال ہے ہر تکرار میں انہیں اذکار وارکان سے بجلوۂ جدید حقایق نمایاں ہوتے ہیں اور ہر تکرار میں سالک مرتبۂ ماتقدم سے ارتقا کئے چلا جاتا ہے یہاں تک کہ منتہائے مفازِ مراتبِ انسانی اسی کے تحتِ اندماج رہتا ہے کوئی درجہ کمال انسانی ایسا نہیں کہ نماز میں اُس کی گنجائش نہ ہو بلکہ ہر درجہ بمشاہدۂ عجز ادراکِ مشاہد لا احصی ثناء علیک کا اقرار کرتا ہے چونکہ مدارجِ صلوۃ کا مجلی اتم ومظہرِ اولی احمدیت ہے خود وہ مرتبۂ معلی مقرِّ عجز ہے تو استعداد غیر کو تقاضائے استعلاء کہاں۔ بے شک ہر

Marfat.com

استعداد استعدادِ احمدیہ کی طفیلی اور اسی اصل کی ظلیت ہے مصلی بعد تحلیل بہ تسلیم اللہ تعالیٰ کی توفیق خیر دی پر شکر کرتا ہے اور اپنے قصور پر کہ اثناء نماز میں ہوئے ہوں مستغفر ہوتا ہے اور اس نماز کے پھیر دیئے جانے اور نکبت عدم قبول سے اپنے مالک کے پاس پناہ پکڑتا ہے اور ہاتھ اوٹھا کر دعا مانگتا ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلَی التَّوْفِیْقِ وَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ مِنَ التَّقْصِیْرِ وَ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الرَّدِّ

پھر دعائے مشہور کہ مسنون ہے پڑھتا ہے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ مِنْکَ السَّلَامُ وَ اِلَیْکَ یَرْجِعُ السَّلَامُ حَیِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَ اَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَ تَعَالَیْتَ یَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ۔

اے الٰہی تو ہی ہے سلام اور تجھی سے ہے سلامتی اور تیری طرف رجوع ہے سلامتی اے ہمارے پروردگار ہم کو سلامتی سے زندہ رکھ اور بہشت میں داخل کر تو بابرکت اور صاحب علو ہے اے صاحب جلال و صاحب اکرام اس کے بعد اور جو وظایف مشروع ہیں بقدر ہمت پڑھتا ہے اور جس چیز کو عبادت الٰہی سمجھ کر پڑھتا یا کرتا ہے اس کے مطالب کو دل میں مستحضر رکھتا ہے اور صدق سے اُس میں کمال وثوق کو ہاتھ سے نہیں دیتا پس اگر عبادت کی عبارت پر اس کا صدق اور اتقان نہ ہوگا تو اس کی عبادت واسطۂ وبال و نکال ہے فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ کَذَبَ عَلَی اللّٰہِ وَ کَذَّبَ بِالصِّدْقِ [الزمر:۳۲] مصلی جب نمازِ وتر پڑھتا ہے تو بعد قرات

Marfat.com

رکعت ثالثہ دعائے قنوت پڑھتا ہے جس کے الفاظ یہ ہیں:

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَ نَسْتَغْفِرُکَ وَ نُؤْمِنُ بِکَ وَ نَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَ نُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ وَ نَشْکُرُکَ وَ لَا نَکْفُرُکَ وَ نَخْلَعُ وَ نَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَ نَسْجُدُ وَ اِلَیْکَ نَسْعٰی وَ نَحْفِدُ وَ نَرْجُوْا رَحْمَتَکَ وَ نَخْشٰی عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِق۔

اے الٰہی ہم تجھ سے استعانت کرتے ہیں اور تجھ سے مغفرت مانگتے ہیں اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر بھروسا رکھتے ہیں اور تیری خوب ثنا کرتے ہیں اور تیرا شکر کرتے ہیں اور تیرے ناسپاس نہیں ہوتے اور جو تیری نافرمانی کرے ہم اُس کو اپنے سے نکال دیتے ہیں اور چھوڑ دیتے ہیں اے الٰہی ہم تیری ہی بندگی کرتے ہیں اور تیرے ہی لئے نماز پڑھتے ہیں اور تجھی کو سجدہ کرتے ہیں اور تیری ہی طرف بھاگتے ہیں اور تیری خدمت کرتے ہیں اور تیری رحمت کی امید رکھتے ہیں اور ہم تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں بے شک تیرا عذاب کفار کو ملنے والا ہے مصلی دعاءِ قنوت کو خوب تدریج و آہستگی سے پڑھتا ہے اور ہر ایک کلمہ پر اپنی صداقت کا ملاحظہ کرتا ہے اور نہایت شرماتا ہے کہ میں حضور میں اپنی معتبری جتلا رہا ہوں کہیں خلاف وقوع میں نہ آوے نَخْلَعُ وَ نَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ کہنے میں تو بہت ہی بچا رہتا ہے کہ فجور مجھی سے ظہور پائے تو کہاں ٹھکانا کس کو نکالوں کس کو

Marfat.com

چھوڑوں کیا کروں اس خوف کے مارے اپنے خلافِ وعدگی سے ہر دم بچنے کا ساعی رہتا ہے اور اسی طرح دیگر کلمات میں شائبہ نفاق سے اجتناب کرتا ہے اللہ تعالیٰ کی توفیق کی رفاقت میں فائز بمقصود ہوتا ہے وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی ذٰلِکَ۔

اَلْقَعْدَۃُ الْاَخِیْرَۃُ فِیْ اِتْمَامِ الرِّسَالَۃِ عَلَی الْاِجْمَالِ

اگر مصلی نماز کے لفظوں کے معنی نہیں جانتا تو شب و روز کی سعی سے سیکھ لے پس اگر سیکھنے کی پروانہ رکھے گا تو شاید اس کی نماز کی بھی پروانہ ہو گی ایسا ہرگز نہ کرے کہ حق سے بے پروائی سخت ناحق ہے اور حق کی ربوبیت مقتضی اطاعتِ عباد اور اقسام اطاعت سے اطاعتِ قلبی معتبر ہے اور عملِ جوارح اس کا مصدق باطن کی اطاعت بمنزلۂ تصدیق ہے اور تعظیم بالجوارح بمنزلۂ اقرار۔ تصدیق کو اقرار پر فضلِ کلی ہے بحالتِ معذوری سقوطِ اقرار مجوز ہے بخلافِ تصدیق کہ مکلف کبھی عند اللہ اس سے معذور نہیں قبل از حصولِ مہارتِ فہم معانی اذکار بے علم مصلی کو لازم ہے کہ شروع نماز کے وقت بحالتِ توجہ یہ سمجھے کہ بالفعل میں سب جوانب سے کٹ کر حضورِ اقدس میں توجہ لایا ہوں اب وہ وقت ہے کہ میری اور میرے مالک کے درمیان آڑ نہیں حضوریٔ خاصہ میں حاضر ہوں بوقتِ تکبیرِ تحریمہ سوچے کہ میرے مالک کی بڑائی کے سامنے سب متعینات پست ہیں اور بوقتِ دعائے استفتاح خیال کرے کہ میں اپنے معبود کی ثناء کر رہا ہوں اُس طریق

Marfat.com

پر کہ اس کے حبیب پاک نے کی ہے بوقتِ تعوذ اُس کی پناہ کے آسرے میں آوے اور تسمیہ سے شروعِ تجلیِ صفاتِ جمال و جلال یقین کرے اور جانے کہ اپنے مالک کی تلقین موافق اُسی کے کلام پاک کے واسطہ سے اپنا مدعا عرض حضور کرتا ہوں اور جو باتیں خدا نے کی ہیں اُن سے تکلم کرتا ہوں اور بہنگامِ انحناء قصدِ تعظیم مولیٰ معطی دل پر جمائے اور تسبیح پڑھتا ہوا حضرتِ ربوبیت کی ذاتِ اقدس کو واجب التعظیم سمجھ کر اپنے عجز ادائے شکر پر ناظر ہووے اور بوقتِ قومہ تحمیدِ خالق دل میں لائے اور بوقتِ سجدہ اپنا فنا اور ذات مسجود کا بقاء دل کے نصب العین کرے اور بوقتِ قعدہ و تشہد اجلاسِ حضور تصور کر کے ادائے عبادت مامور بِہا کا ارادہ رکھے اور بوقتِ شہادتین ثبات علی الایمان استوار کرے اور بحالت صلوۃ شکریۂ بانی ہدایت منقش قلب کرے اور بوقتِ تسلیم سلام ملائکہ و اہل جماعت کا ملاحظہ ہو۔ وَالتَّوْفِيْقُ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى

بعد فراغ نماز سب کو بہتر ہے کہ حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کی دعا سے کہ اُن کو آنحضرت ﷺ نے سکھائی تھی اپنی بہبود طلبی کریں دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ نَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ

Marfat.com

اَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

چنانچہ یہ دعا سنن ترمذی کے باب جامع الدعوات میں منقول ہے اور امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اس کی روایت کی تحسین کرتے ہیں:

وَ اٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ مُوْجِبَةً النَّجَاةِ لِمُؤَلِّفِهَا وَبَعْدَتِهَا وَ لِقَارِئِهَا وَ لَا تَجْعَلْهَا حُجَّةً عَلٰى اَخْذِنَا فَانْفَعْنَا بِهَا وَ سَايِرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

Marfat.com

حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ ریسرچ آرگنائزیشن (رجسٹرڈ) کی طرف سے شائع شدہ اور زیرِ اشاعت کُتب کی تفصیل درج ذیل ہے

شائع شدہ تصانیف:

ڈونگھے راز	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ اک مطالعہ	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد
صحراؤں میں بہتے دریا	محمد سرفراز	
چٹھیاں	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد
حلیہ شریف حضورؐ	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد
سی حرفی سسّی پنوں	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد
چوپٹ نامہ	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد
پندھ نامہ	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد
ما رب الخاشعین	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد
منتخب کلام	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد
پورن بھگت	ماسٹر لچھمن سنگھ راٹھور (انڈیا)	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد

ان کے علاوہ گورنمنٹ آف پاکستان کے سب سے بڑے ادارے اکادمی ادبیات پاکستان نے بھی صاحبزادہ مسعود احمد کی تصنیف ''مولوی غلام رسول عالپوریؒ شخصیت اور فن'' شائع کی ہے۔

زیرِ اشاعت تصانیف:

روح الترتیل	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ	مرتب: محمد عیص عابد
داستانِ امیر حمزہ جلد اول	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد
داستانِ امیر حمزہ جلد دوم	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد
داستانِ امیر حمزہ جلد سوم	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد
مسئلہ توحید	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد
احسن القصص	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد
شجرۂ طریقت	حضرت مولوی غلام رسول عالپوریؒ	مرتب: صاحبزادہ مسعود احمد

297.53
غ 53 م
142124-U-67
Marfat.com

مآرب الخاشعین

مصنّف

حضرت مولوی غلام رسول عالمپوری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ

مرتب

صاحبزادہ مسعود احمد عالمپوری

معاون

صاحبزادہ محمد حماد مسعود